www.KitaboSunnat.com

# حج نبوی

تالیف

الشیخ
محمد ناصر الدین
الالبانی

ترجمہ

مولانا محمد صادق خلیل

ناشر

ضیاء السنۃ ادارۃ الترجمہ والتالیف
محلہ رحمت آباد - لائل پور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب...عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھر پور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے

درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

# حج نبوی

مصنف:۔

علامہ محمد ناصر الدین البانی

مترجم

مولانا محمد صادق خلیل

ناشر... جے ماڈل ٹاؤن۔ لاہور

حبیب الرحمن جاوید

ادارۃ الترجمہ والتالیف رحمت آباد فیصل آباد

(پاکستان)

www.KitaboSunnat.com

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



کتاب : حج نبوی

مصنف : علامہ محمد ناصر الدین البانی

مترجم : مولانا محمد صادق خلیل

ناشر : ضیاء السنۃ ادارۃ الترجمہ

تزئین و آرائش : حبیب الرحمٰن جاوید

کتابت : محمد عاشق حسین ہاشمی

طباعت : جاوید ریاض پرنٹرز

تاریخ اشاعت :

تعداد : ۱۰۰۰

قیمت : چھ روپے


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# فہرست عنوانات


مقدمہ ۶

بیت اللہ کی عظمت ۸

حج کے فائدے ۹

حج انقلاب لاتا ہے ۱۰

علامہ محمد ناصر الدین البانی ۱۳

دوسرا ایڈیشن ۱۶

چند نصائح ۱۷

شیخ الاسلام ابن تیمیہ کا قول ۱۸

حافظ ابن حزم کا قول ۱۸

پہلی نافرمانی شرک کرنا ۱۹

دوسری نافرمانی داڑھی منڈانا ۲۱

تیسری نافرمانی سونے کی انگوٹھی پہننا ۲۲

رسولِ اکرم نے کونسا حج کیا؟ ۲۵

حضرت عمر نے تمتع سے کیوں منع کیا؟ ۳۱

اعتراض ۳۳

جواب ۳۴

حافظ ابن حزم کا قول ۴۱

وہ کام جو محرم کے لئے جائز ہیں ۴۳

شیخ الاسلام ابن تیمیہ کا قول ۴۴

حافظ ابن حزم کا قول ۴۶

سوال ۴۷

جواب ۴۸


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


ائمہ حدیث اور جابرؓ کی حدیث ۵۳
امام نووی کا ارشاد ۵۳
قاضی عیاض کا قول ۵۳
مناسک حج کی روایات اور ان کی تخریج ۵۴
حافظ ابن عبدالبر کا قول ۶۲
حافظ ابن حجر کا قول ۶۳
صوفیاء کی گمراہی ۶۹
منکرین حدیث ۷۰
صفا، مروہ پر وقوف ۷۲
مکہ مکرمہ میں داخل ہونا ۷۳
حج کے احرام کو فسخ کرنا ۷۸
حافظ ابن القیمؒ کا قول ۷۸
امام نووی کا قول ۸۰
بطحا میں اترنا ۸۳
حج کے فسخ پر آپ کا خطبہ ۸۴
حضرت علی کا یمن سے آنا ۸۶
آٹھ ذی الحج منیٰ کی طرف جانا ۸۸
عرفات کی جانب روانہ ہونا ۹۰
عرفات کا خطبہ ۹۱
عرفہ میں وقوف ۹۵
عرفات سے واپسی ۹۷
مزدلفہ میں دو نمازیں جمع کرنا ۹۸
مشعر الحرام میں وقوف کرنا ۹۹
جمروں کو کنکر مارنے ۹۹
جمرہ کبریٰ کو کنکر مارنے ۱۰۲
قربانی ذبح کرنا ۱۰۷
دسویں ذی الحج کے امور میں تبدیلی ۱۰۹
دسویں ذی الحج کو آپ کا خطبہ ۱۱۳
طوافِ صدر ۱۱۴
حضرت عائشہ کے واقعہ کی تکمیل ۱۱۸
طوافِ وداع ۱۱۹
مسائلِ حج کا خلاصہ ۱۲۱
چند اہم معلومات کا اضافہ ۱۲۵
بدعات کی قسمیں ۱۲۶

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


| | |
|---|---|
| بدعت کی شناعت پر شیخ حسن بن علی کا ایمان افروز بیان | ۱۲۸ |
| امام مالک کا قول | ۱۲۹ |
| احرام سے قبل کی بدعات | ۱۳۰ |
| امام غزالی کا نظریہ غلط ہے | ۱۳۲ |
| احرام، لبیک کی بدعات | ۱۳۶ |
| بدعاتِ طواف | ۱۳۹ |
| صفا، مروہ کے درمیان سعی میں بدعات | ۱۴۷ |
| ابن الہمام کی غلطی | ۱۴۹ |
| عرفات کی بدعتیں | ۱۵۰ |
| کیا فضائلِ اعمال میں ضعیف حدیث معتبر ہے | ۱۵۵ |
| مزدلفہ کی بدعات | ۱۵۶ |
| رمی جمار کی بدعات | ۱۵۸ |
| ذبح اور حلق کی بدعتیں | ۱۵۹ |
| مختلف بدعات | ۱۶۱ |
| مدینہ منورہ سے متعلقہ بدعات | ۱۶۳ |
| بیت المقدس کی بدعات | ۱۷۳ |
| مسجدِ اقصیٰ کی تحدید | ۱۷۴ |


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

# مُقدمہ (طبع اوّل)

## حج کیا ہے؟

**حج** کا لغوی معنیٰ قصد کرنا اور شرعاً بیت اللہ کی زیارت اور شعائر اللہ کی ادائیگی کا نام حج ہے۔ تفصیل کتاب میں ملاحظہ فرمائیں۔ ہر ملت میں کسی مقدس متبرک مقام کی زیارت کا نام حج ہے۔ کچھ لوگ مندروں کو مقدس سمجھ کر وہاں جاتے ہیں اور جانوروں وغیرہ کی قربانی پیش کرتے ہیں اور سکھ مذہب کے لوگ خصوصیت کے ساتھ ان گوردواروں کی یاترا کرتے ہیں، جہاں ان کے پیشوا گرونانک پوجا پاٹھ کرتے رہے اور نام نہاد مسلمان مشائخ کی قبروں کے حج کو بیت اللہ کے حج سے بہتر سمجھتے ہیں، بلکہ اصل حج مشائخ کی قبور کی زیارت کو قرار دیتے ہیں۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہ رقمطراز ہیں[1]

| | |
|---|---|
| ومن هؤلاء من يرجح الحج الى المقابر على الحج الى البيت لكن قد يقول احدهم انك اذا زرت قبر الشيخ مرتين | ان میں وہ لوگ بھی ہیں جو قبروں کے حج کو بیت اللہ کے حج پر افضل قرار دیتے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ شیخ کی قبر کی دو بار یا تین بار |

[1] الرد علی البکری ص ۲۹۶ ج ۲

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

أو ثلاثا كان كحجة ومن الناس من يجعل مقبرة الشيخ بمنزلة عرفات يسافرون إليها وقت الموسم يعرفون بها كما يعرف المسلمون بعرفات كما يفعل هذا في المغرب والمشرق ومنهم من يجعل السفر إلى المشهد والقبر الذي يعظمه أفضل من الحج ويقول أحد المريدين لآخر وقد حج سبع حجج إلى بيت الله العتيق أتبيعني زيارة قبر الشيخ بالحجج السبع فشاور الشيخ فقال لو بعت لكنت مغلوبا ومنهم من يقول من طاف بقبر الشيخ سبعا كان كحجة.

زیارت کرنا ایک حج کے برابر ہے اور بعض لوگ شیخ کی قبر کو عرفات کی حیثیت دیتے ہیں اور عرفات کے دن شیخ کی خانقاہ کی جانب سفر کرتے ہیں جس طرح حجاج عرفات میں جمع ہوتے ہیں، اسی طرح وہاں جمع ہوتے ہیں، چنانچہ مغرب، مشرق میں اسی طرح کے اجتماعات دیکھنے میں آتے ہیں اور بعض لوگ شیخ کی قبر کی خانقاہ کو حج سے افضل قرار دے کر اس کی جانب سفر کرتے ہیں؛ چنانچہ ایک شیخ کے مرید نے دوسرے رفیق سے کہا، جو سات بار بیت اللہ کا حج کر چکا تھا، کیا شیخ کے روضہ کی زیارت کو سات حجوں کے بدلے بیچ سکتے ہو۔ اس نے اپنے شیخ سے مشورہ کیا اس نے جواب دیا اگر سات حجوں کے بدلے تو شیخ کی زیارت کو فروخت کر دے گا، تو تو خسارے میں رہے گا اور بعض لوگ شیخ کی قبر کے ارد گرد سات دفعہ طواف کرنے کو حج بیت اللہ کے مساوی قرار دیتے ہیں۔

لیکن شریعتِ اسلامیہ میں بیت اللہ کی زیارت کے لیے جانا اس شخص کے لئے ضروری ہے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



جو استطاعت رکھتا ہے اور اسی کا نام حج ہے، وگرنہ کسی مسجد کی زیارت، کوہ طور کی زیارت، غارِ حرا کی زیارت، روضۂ اقدس کی زیارت کے لیے سفر کرنا نہ تو جائز ہے اور نہ ہی ان کی زیارت کو حج کہا جا سکتا ہے؛ البتہ مسجد نبوی، مسجد بیت المقدس کی زیارت کے لئے سفر کرنا جائز ہے، لیکن اس کو حج کہنا جائز نہیں اور اسلام میں حج کو عبادت کہا گیا ہے، بلکہ ایک حدیث میں اس کو افضل عمل قرار دیا گیا ہے اور حج کرنے سے پہلے تمام گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور شرعًا عبادات میں اجتہاد کی گنجائش نہیں اور نہ ہی ترمیم وغیرہ کا امکان ہے اور نہ ہی عقلی دلائل و روشنی میں غیر عبادت کو عبادات کی فہرست میں داخل کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی کسی عبادت کو عبادات کی فہرست سے خارج کیا جا سکتا ہے۔

## بیت اللہ کی عظمت

کیا یہ حقیقت نہیں؟ کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تمام انبیاء سے افضل ہیں۔ اس بنیاد پر اگر کوئی شخص ترمیم کرے اور کہے کہ چونکہ آپ کو حضرت ابراہیم علیہ السلام پر فضیلت حاصل ہے تو کیوں نہ مسجد نبوی کا حج کیا جائے جبکہ حج بیت الحرام کا کیا جاتا ہے، تو ہم صاف صاف کہیں گے کہ شریعت بنانے والے اللہ پاک ہیں، انہوں نے بیت اللہ کو افضل قرار دیا اور شعائر کی ادائیگی کا حکم دیا، لیکن چونکہ مسجد نبوی کے حج کا حکم نہیں دیا گیا، اس لئے ہم اس کا حج نہیں کریں گے اور نہ کسی عقلی دلیل کو قابلِ اعتنا سمجھیں گے۔ بیت اللہ کی عظمت کا اس سے زیادہ ثبوت اور کیا ہو سکتا ہے کہ جب لوگوں کو بیت اللہ کے حج سے باز رکھنے کے لئے یمن میں نہایت عمدہ منقش خوبصورت گرجا گھر تعمیر کیا گیا اور اس کی جانب لوگوں کی عدم رغبت کے پیش نظر بیت اللہ مسمار کرنے کے لئے ایک خوفناک مسلح لشکر روانہ کیا گیا، تو غیرتِ خداوندی جوش میں آئی،

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

نتیجۃً اتنے بڑے لشکر کی ہلاکت کا سامان ابابیل پرندوں کے ذریعہ کیا گیا اور ہاتھیوں سمیت تمام لشکر کو تہس نہس کر ڈالا گیا اور وہ منزلِ مقصود سے پہلے ہی عذابِ خداوندی میں گرفتار کر لئے گئے۔ اُن کی تباہی و بربادی اور ناکامی کے المناک منظر کی مجملاً نقشہ کشی سورۂ فیل میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

پس معلوم ہوا بیت اللہ کی عظمت کے مساوی کسی متبرک مقام، مسجد، مزار، خانقاہ وغیرہ کی عظمت کو سمجھنا اور بیت اللہ کی طرح اس کا حج کرنا یا اس کی زیارت کے لئے سفر کرنا یقیناً عتابِ خداوندی کو دعوت دینے کے مترادف ہے اور تحریف فی الدین ہے۔

| | |
|---|---|
| فلیحذر الذین یخالفون | ان لوگوں کو ڈرنا چاہیے جو اس کے حکم کی |
| عن امرہ ان تصیبہم فتنۃ | مخالفت کرتے ہیں، کہیں ان کو فتنہ یا |
| او یصیبہم عذاب الیم | دردناک عذاب گرفت میں نہ لے لے۔ |

## حج بیت اللہ کے فائدے

حج بیت اللہ سے جہاں سابقہ گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور ایک حدیث میں اس کو افضل جہاد کہا گیا ہے، وہاں اس سے بے شمار فائدے حاصل ہوتے ہیں اور غالباً کسی دوسری عبادت سے اس قدر فائدے نہ ہوتے ہوں جس قدر اس عبادت سے حاصل ہوتے ہیں۔ ارشادِ ربانی ملاحظہ ہو:

| | |
|---|---|
| جعل اللہ الکعبۃ البیت | خدا نے عزت کے گھر (یعنی) کعبے کو موجب |
| الحرام قیاماً للناس والشہر | امن مقرر فرمایا ہے اور عزت کے مہینوں |
| الحرام والہدی والقلائد | کو اور قربانی کو اور ان جانوروں کو جن کے گلے |
| ذالک لتعلموا ان اللہ یعلم | میں پٹے بندھے ہوں۔ یہ اس لئے کہ تم جان لو |

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ما فی السمٰوٰت و ما فی الارض — کہ جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین ہے، خدا
وان اللہ بکل شیئ علیم۔ — سب کو جانتا ہے اور یہ کہ خدا کو ہر چیز کا علم ہے۔

ظاہر ہے کہ جب سے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بیت اللہ کو تعمیر فرمایا، اس وقت سے بیت اللہ لوگوں کی توجہات کا مرکز ہے۔ اس کی زیارت کے لئے آنے والوں کا تانتا بندھا رہتا ہے، وہاں پہنچ کر لوگوں کو دلی سکون حاصل ہوتا ہے اور جہاں وہ ہر قسم کے خطرات سے محفوظ ہو جاتے ہیں، وہاں انہیں ہر قسم کے فواکہ مطعومات، مشروبات وغیرہ بکثرت میسر آتے ہیں اور بنیادی ضرورت کی تمام چیزیں فراوانی کے ساتھ ملتی ہیں۔

ارشاد ربانی ہے: اولم نمکن لھم حرمًا آمنا یجبیٰ الیہ ثمرات کل شیئ رزقا من لدنا ولکن اکثرھم لایعلمون۔ — کیا ہم نے ان کو حرم میں جو امن کا مقام ہے جگہ نہیں دی جہاں ہر قسم کے میوے پہنچائے جاتے ہیں اور یہ رزق ہماری طرف سے ہے لیکن ان میں سے اکثر نہیں جانتے۔

## حج انقلاب لاتا ہے

اور پھر بیت اللہ کے ساتھ خصوصی لگاؤ کا نتیجہ ہے کہ اہل اسلام دور دراز کے ملکوں سے سفر کی صعوبتوں، دشوار گزار گھاٹیوں، پہاڑوں، سمندروں کو عبور کر کے وہاں پہنچتے ہیں۔ صرف ایک مقصد، ایک آرزو، ایک جذبہ مختلف النوع والنسل لوگوں کو وہاں جمع کرتا ہے۔ امیر غریب بادشاہ فقیر سب نے کفن کا سا لباس پہن رکھا ہوتا ہے، تمام کے سر ننگے ہوتے ہیں اور لبیک لبیک اللھم لبیک لبیک لا شریک لک لبیک کی صدائیں بلند کرتے ہوئے اور تسبیح و تحمید کے کلمات کا ورد کرتے ہوئے تواضع کے ساتھ سر جھکائے عقیدت کے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

پھول نچھاور کرتے ہوئے آ رہے ہوتے ہیں۔ محض اللہ کی رضا کے لئے مالی ایثار کے ساتھ ساتھ نفس کی عیش کوشیوں کو قربان کر کے اہل و عیال اور پیارے دوستوں کی مفارقت کو خندہ پیشانی سے برداشت کرتے ہیں اور بیت اللہ کی زیارت کے ساتھ عشق اور وارفتگی کا یہ عالم دیکھنے میں آیا ہے کہ زائرین گھر بار کے عیش و آرام کو تج کرتے ہیں اور ایئر کنڈیشنڈ محلات کے آرام و آسائش کو خیرباد کہتے ہیں۔ عشرت کدوں کی دلکشی کے جملہ ساز و سامان کو پرکاہ کی حیثیت دیتے ہوئے دیوانہ وار مقصود سے ہمکنار ہونے کے لئے تیز تیز قدم رکھ رہے ہوتے ہیں اور جذب و مستی کے عالم میں مشاعر حج ادا کرتے ہوئے جس سرور اور کیف کی دولت سے ہمکنار ہوتے ہیں۔ الفاظ میں تو اس کی نقشہ کشی ممکن نہیں اور کون ہے جو ان کی مناجات کی لذت اور سرشاری کی کیفیات کو صفحۂ قرطاس پر رقم کر سکے۔ وہ اللہ کے گھر میں پہنچ کر رب کعبہ کو جس محبت اور بے قراری کے ساتھ پکارتے ہوئے فقیرانہ صدائیں کرتے ہیں، کون ہے جو اس کی حکایت کر سکے ؎

مفلسانیم آمدہ در کوئے تو — شیئاً للہ از جمالِ روئے تو

دست بکشا جانب زنبیل ما — آفریں بر ہمتِ و بر بازوئے تو

آہ! اگر حج کی غرض و غایت سے آگاہی ہو جائے، خلوص قلب اور سنت کے مطابق یہ فرض ادا ہو جائے تو غیر ممکن ہے کہ زندگی میں انقلاب نہ آئے اور اللہ پاک کے ساتھ ایسا تعلق قائم نہ ہو جائے جس پر تمام نعمتیں قربان کی جا سکتی ہیں۔ عشق کی دولت اصل دولت ہے۔ اس پر کسی نے خوب کہا ہے ؎

زسوزِ عشق بہتر در جہاں چیست

کہ بے او گل نہ خندید ابر نگریست

اس میں شک نہیں کہ نماز روزہ بھی عبادت ہیں، ان کی ادائیگی کی صحت بھی تعلق باللہ پر موقوف ہے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



اور ضروری ہے کہ اللہ کی عظمت کا تصور دل و دماغ پر حاوی ہو اور خشیتِ الٰہی سے یکسر تسلیم و رضا دکھائی دیتے ہوں، لیکن حج ایک ایسا عمل ہے جس سے دل کی کیفیات میں انقلاب رونما ہوتا ہے سفر کی مشکلات سے حلم، عفو، ایثار اور تواضع وغیرہ اخلاق کی دولت حاصل ہوتی ہے۔ احساسات کی دنیا بدل جاتی ہے۔ وجدان میں اللہ پاک کے مشاہدہ کرنے کا شوق اٹھکیلیاں لینے لگتا ہے، آنکھیں اشکبار ہو جاتی ہیں جسم کانپنے لگتا ہے اور رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ تمام جوارح دنیا و مافیہا سے بے نیاز ہو کر صرف اسی کی جانب متوجہ ہوتے ہیں اور آبِ کوثر سے دھلی ہوئی زبان مسنون ذکر کے کلمات سوز و گداز کی کیفیت میں بار بار دہراتی ہے اور غلاف کعبہ کو محبت بھرے انداز سے تھامتے ہوئے جب ماضی کی غلطیوں، گناہوں، لغزشوں کی معافی کی درخواست بارگاہ ربّ ذوالجلال میں پیش ہوتی ہے، تو نہ صرف یہ کہ انہیں نامۂ اعمال سے حذف کر دیا جاتا ہے، بلکہ ان کی جگہ نیکیاں ثبت کر دی جاتی ہیں اور فضا ذکر و اذکار کے کلمات سے معطّر اور معنبر ہو جاتی ہے، بلکہ اس کی عطر بیزیوں اور عنبر ریزیوں سے کائنات کا ذرّہ ذرّہ مسرت و شادمانی سے جھومنے لگتا ہے اور اللہ پاک کی عظمت، رفعت اور قدوسیّت کے کلمات کی صدائے بازگشت سے آسمان دنیا میں ایک تہلکہ بپا ہو جاتا ہے اور وہاں ان کی محبوبیّت و مقبولیّت کی منادی کرائی جاتی ہے آہ! کس قدر سعادت مند ہیں وہ لوگ جنہیں یہ مژدۂ جانفزا مل گیا اور ان کی زندگی کے خطوط بدل گئے اور وہ رحمتِ ایزدی کے مستحق قرار دیئے گئے اور حور و جناں کی خوشخبریوں سے ان کی تمام کلفتیں کافور ہو گئیں، لیکن ؎

جز محبت ہر چہ بردم سود در محشر نداشت
دین و دانش عرضہ کردم کس بہ چیزے بر نداشت

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## حج کی صحت

اخلاص ضروری ہے، اس کے بغیر کوئی عبادت قبول نہیں، ریاکاری کا شائبہ تک بھی نہ ہو اور حج کے افعال سنت صحیحہ کے مطابق ادا کئے جائیں۔ اسی نقطۂ نظر کی بنا پر علامہ محمد ناصرالدین کی کتاب (حجۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم) کا اردو ترجمہ پیش خدمت ہے تاکہ اس قدر خطیر رقم صرف کرکے اور سفر کی صعوبتیں اٹھانے کے بعد بھی اگر حج صحیح نہ ہو، تو اس سے بڑا خسارہ اور کیا ہو سکتا ہے۔ اس کے مطالعہ سے جہاں یہ معلوم ہوگا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کس طرح حج کیا، وہاں کچھ غلط فہمیوں کا ازالہ بھی ہوگا جو مدتوں سے ذہن میں موجود ہیں اور اہم معلومات حاصل ہوں گی۔

## علامہ محمد ناصرالدین البانی

علامہ محمد ناصرالدین البانی کی علمی شخصیت اب برصغیر میں بھی متعارف ہے۔ غیر معمولی حافظہ کے مالک ہیں۔ مخطوطوں کے ساتھ انہیں گہرا لگاؤ ہے۔ ان کی دو کتابیں (تحذیر الساجد کا اردو ترجمہ "قبروں پر مسجدیں اور اسلام"، صلوٰۃ التراویح کا اردو ترجمہ "نماز تراویح") زیور طبع سے آراستہ ہو چکی ہیں۔ اب ان کی تیسری کتاب کا ترجمہ قارئین کے سامنے ہے۔ ترجمہ کے حسن و قبح کا فیصلہ تو قارئین ہی کر سکیں گے؛ تاہم میں نے ان کی کتاب کو پہلے از خود سمجھنے کی کوشش کی۔ تقریباً تین بار مطالعہ کرنے کے بعد اس نتیجہ پر پہنچا کہ کتاب کا ترجمہ کیا جائے، اس لئے کہ اس موضوع پر دوسری کتابوں سے اس کا اسلوب عمدہ تھا اور بیش بہا نادر معلومات کے ساتھ ساتھ حج اور مدینہ منورہ کی بدعات کا ذکر بالدلائل تھا اور پھر عزیزی مولوی عبدالغفور ناظم آبادی کا بھی اصرار تھا کہ عوام کی افادیت کے پیش نظر اس کا اردو ترجمہ کیا جائے؛ چنانچہ ترجمہ شروع کر دیا گیا اور اب کتاب

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



کتابت، طباعت وغیرہ کے مراحل طے کر کے آپ کے سامنے ہے۔ ہم آپ سے بجا طور پر متوقع ہیں کہ اس کا مطالعہ فرمائیں اور حج کے صحیح طریقہ سے لوگوں کو روشناس کرائیں تاکہ حج صحیح ادا ہو سکے اور بدعات کے ارتکاب سے کہیں حج کے ثواب سے محروم ہونا نہ پڑے۔

## شکریہ

یہ اللہ پاک کا فضل و کرم ہے کہ بالکل بے سروسامانی کی حالت میں نشر و اشاعت کا کام ہو رہا ہے۔ جب میں اپنی علمی اور مالی حیثیت پر غور کرتا ہوں، تو جہاں علمی ادبی لحاظ سے مجھ میں خامیاں ہیں، وہاں عمل کے میدان میں تو رحمتِ خداوندی پر ہی بھروسہ رکھتے ہوئے ہوں اور اس کام کے لئے مالی حیثیت میرے نزدیک کچھ زیادہ کامیابی کا سبب نہیں ہے۔ اصل یہ ہے کہ اگر مقصد کے ساتھ والہانہ لگاؤ ہے تو اللہ پاک کی طرف سے کوئی نہ کوئی ذریعہ پیدا ہو ہی جاتا ہے۔ بس توکل شرط ہے ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ۔

آخر میں میں ان احباب، رفقاء کا تہِ دل سے مشکور ہوں جنہوں نے اس کتاب کے ترجمہ، کتابت، طباعت کے سلسلہ میں میرے ساتھ تعاون کیا، اللہ پاک ہم سب کا حامی و ناصر ہو، وفقنی اللہ وایاکم لما یحب ویرضیٰ۔

محمد صادق خلیل

مدیر ضیاء السنۃ
ادارۃ الترجمہ والتالیف
رحمت آباد۔ فیصل آباد

۳ رمضان المبارک ۱۳۹۷ھ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

ان الحمد للہ، نحمدہ، ونستعینہ ونستغفرہ ونعوذ باللہ من شرور انفسنا وسیئات اعمالنا، من یہدہ اللہ فلا مضل لہ و من یضلل فلا ہادی لہ واشہد ان لا الہ الا اللہ وحدہٗ لاشریک لہٗ واشہد ان محمدا عبدہ ورسولہ۔

امّا بعد! حج نبوی کا دوسرا ایڈیشن آپ کے سامنے ہے۔ جب پہلا ایڈیشن ختم ہوگیا اور اکثر اسلامی ممالک کی جانب سے کتاب کے بھیجنے کے مسلسل آرڈر موصول ہونے لگے تو میں نے نظر ثانی اور کچھ مفید معلومات کے اضافہ کے ساتھ حج نبوی کے دوسرے ایڈیشن کا اہتمام کیا اور خصوصیت کے ساتھ بعض جدید کتابوں (جو پہلی بار منظر عام پر جلوہ گر ہوئیں یا نایاب تھیں) سے قیمتی معلومات اخذ کرکے ناظرین کے افادہ کے لئے درج کر دیئے ہیں۔

لہ موارد الانظمآن الیٰ زوائد ابن حبان" المنتقیٰ" لابن الجارود، "طبقات ابن سعد" بعض المخطوطات۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## دوسرا ایڈیشن

نئے ایڈیشن میں جہاں نادر معلومات پر مشتمل تعلیقات موجود ہیں وہاں کتاب کے آخر میں بصورت ذیل ان تمام بدعات کا ذکر کر دیا گیا ہے جن کا گھر سے روانہ ہونے سے لیکر واپسی تک حجاج مرتکب ہوتے ہیں نیز مسجد نبوی ؐ، بیت المقدس کی زیارت کے سلسلہ میں جو بدعات دیکھنے میں آرہی ہیں ان کا قلع قمع کرنا ضروری سمجھا ہے۔ جب کہ اکثریت ایسے لوگوں کی ہے جو حج کا سفر اختیار کرتے وقت حج کے ساتھ مسجد نبوی ؐ اور مسجد اقصیٰ کے سفر کو لازم گردانتے ہیں۔ اگرچہ مسجد نبوی ؐ کیلئے مطلقاً حج کی قید لگانے کے بغیر سفر کرنا درست ہے جیسا کہ حج کے ساتھ حج سے پہلے یا حج کے بعد بھی اس کی مشروعیت ثابت ہے۔

بیت اللہ کا حج کرنے والوں کی خدمت میں چند مخلصانہ نصائح پیش کرنے کی جسارت کرتا ہوں بہت ممکن ہے کہ اللہ پاک انہیں ان سے مستفید ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ اور میرے نامۂ اعمال میں خطیر ثواب رقم فرمائے اس لئے کہ اللہ پاک کے اذن سے میں نے ان کو نیکی کی راہ دکھایا ہے انہ علی ما یشاء قدیر وبالاجابۃ جدیر۔ اس میں کچھ شبہ نہیں کہ پند و موعظت کا دائرہ بہت وسیع ہے لیکن مجھے صرف ان احکامات سے آگاہ کرنا ہے جن سے اکثر حجاج ناواقف ہیں یا جن کو وہ کچھ زیادہ اہمیت نہیں دیتے ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اسئال اللہ تعالیٰ ان یعلّمنا ما ینفعنا ویوفقنا للعمل بہ فانہ خیر مسئول۔

# چند نصائح

اولاً اکثریت ایسے حجاج کی ہے جو احرام باندھتے وقت قطعاً احساس نہیں کرتے کہ جب وہ اتنی بڑی عبادت کی ادائیگی کا اہتمام کر رہے ہیں تو انہیں خصوصاً اس دوران محرمات سے دور رہنا چاہیئے اگرچہ تمام مسلمانوں کے لئے عموماً محرمات سے دور رہنا بھی ضروری ہے۔

نیز عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ حج کی سعادت سے ہمکنار ہونے کے بعد ان کی زندگی میں کچھ انقلاب رونما نہیں ہوتا اس صورتِ حال کے پیشِ نظر یہ کہنا صحیح ہے کہ ان کا حج کامل نہیں ناقص ہے بلکہ اگر یہ کہا جائے کہ انکا حج عند اللہ قبول نہیں تو بھی کچھ مضائقہ نہیں پس جو شخص حج، عمرہ کا احرام باندھے اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ مقدور بھر فسق و فجور معاصی اور محرمات کے قریب نہ جائے

ارشادِ خداوندی ہے:

| | |
|---|---|
| الحج اشہر معلومات فمن فرض فیہن الحج فلا رفث ولا فسوق ولا جدال فی الحج۔ | حج کے مہینے (معین ہیں جو) معلوم ہیں تو جو شخص ان مہینوں میں حج کی نیت کرلے تو حج کے دنوں میں نہ عورتوں سے اختلاط کرے نہ کوئی برا کام کرے نہ کسی سے جھگڑے |

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: من حج فلم یرفث ولم یفسق رجع عن ذنوبہ کیوم ولدتہ امہ۔ (اخرجہ الشیخان)

جس نے حج کیا اس نے نہ تو جماع کیا اور نہ فسق و فجور کے قریب گیا جب واپس آیا تو اس کے گناہ ختم ہو گئے جیسے جس دن کہ اس کو اس کی ماں نے تولد کیا۔

(مسلم شریف، بخاری شریف)

## شیخ الاسلام ابن تیمیہ کا قول

حالت احرام میں محظورات میں سے اگر کوئی چیز حج کو فاسد بناتی ہے تو وہ مجامعت ہے۔ اسی لئے اللہ پاک نے اس کو دیگر محظورات سے الگ ذکر کیا ہے کیا یہ حقیقت نہیں کہ اگر محرم انسان خوشبو لگا لیتا ہے یا لباس پہن لیتا ہے تو اگرچہ کسی مشہور امام کے نزدیک اس کا حج تو فاسد نہیں ہوتا لیکن وہ گنہگار ضرور ہوتا ہے۔ ہاں حافظ ابن حزم اس بات کے قائل ہیں کہ ہر قسم کی معصیت کے ارتکاب سے حج فاسد ہو جاتا ہے

## حافظ ابن حزم کا قول

جو شخص احرام باندھنے کے وقت سے لے کر طواف افاضہ اور رمی جمار تک کے درمیان جس قسم کی نافرمانی کا بھی ارتکاب کرے جبکہ اس کے حافظہ سے حج کا تصور محو نہیں ہوا تو اس کا حج فاسد متصور ہو گا تفصیل (المحلی) (۷/۱۸۶) پر دیکھیں، نہایت اہم بحث ہے۔

معلوم ہوا کہ بحالت احرام جب کسی نافرمانی کا صدور محرم سے ہوتا ہے تو یا تو بقول ابن حزم اس کا حج فاسد ہو جاتا ہے یا وہ گناہگار ہو جاتا ہے اور اس کا یہ گناہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

غیر محرم کے گناہ سے شدید ہوتا ہے اور خطرہ ہے کہ کہیں اس گناہ کی پاداش میں وہ جب واپس گھر جائے تو اپنے گناہوں سے (بحکم مشہور حدیث) اس طرح پاک صاف نہ ہو جس طرح کہ اس دن گناہوں سے پاک تھا۔ جب وہ ماں کے بطن سے باہر آیا تھا اور صحیح حج کے نتیجہ میں محرومی کا مطلب واضح ہے۔ کہ وہ حج کی ادائیگی میں خسارے میں رہا یعنی اللہ کی مغفرت سے محروم رہا واللہ المستعان

اس وضاحت کے بعد میں ضروری سمجھتا ہوں کہ بعض ان نافرمانیوں سے خبردار کروں جن میں اکثر لوگ مبتلا ہیں اور حج کا احرام باندھتے وقت قطعاً خیال نہیں رکھتے کہ دورانِ احرام ان سے کنارہ کشی ضروری ہے۔ عدم علم کا سبب جہالت، غلبۂ غفلت اور آباؤ اجداد کی اندھی تقلید ہے۔

## پہلی نافرمانی (اللہ کے ساتھ شرک کرنا)

بہت بڑی بیماری جس میں عام طور پر مسلمان گرفتار ہیں وہ ان کا شرک کی حقیقت سے ناواقف ہونا ہے۔ یاد رکھیں شرک تمام کبائر سے بڑا گناہ ہے۔ اور اس سے اعمال ضائع ہوتے ہیں۔ (ارشادِ خداوندی ہے) لئن اشرکت لیحبطن عملک[1] بالفرض اگر آپ نے بھی شرک کیا تو آپ کے عمل بھی ضائع ہو جائیں گے۔ ہمارا چشم دید واقعہ ہے کہ اکثر حجاج بیت اللہ اور مسجد نبوی میں بھی شرک سے باز نہیں آتے، اللہ پاک سے مانگنے اور فریاد رسی کرنے کی بجائے وہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اور صالحین کے سامنے ہاتھ پھیلاتے ہیں ان کے ناموں کے ساتھ قسمیں اٹھاتے

---

[1] محمد (۶۵)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


ہیں۔ اور اللہ کے علاوہ ان کو پکارتے ہیں (حالانکہ ارشاد خداوندی ہے)

| | |
|---|---|
| والذین تدعون من دونہ مایملکون من قطمیر۔ محمد (۶۵) | اور جن لوگوں کو تم اس کے سوا پکارتے ہو وہ کھجور کی گٹھلی کے چھلکے کے برابر بھی تو (کسی چیز کے) مالک نہیں۔ |
| ان تدعوھم لا یسمعوا دعاءکم و لو سمعوا ما استجابوا لکم ویوم القیٰمۃ یکفرون بشرکم ولا ینبئک مثل خبیر۔ فاطر (۱۴)۔ | اگر تم ان کو پکارو تو وہ تمہاری پکار نہ سنیں اور اگر سن بھی لیں تو تمہاری بات کو قبول نہ کر سکیں اور قیامت کے روز تمہارے شرک سے انکار کر دیں گے۔ اور (خدائے) باخبر کی طرح تم کو کوئی خبر نہ دے گا۔ |

اس مضمون کی آیات کثرت کے ساتھ موجود ہیں۔ جس شخص کا دل ہدایت کی روشنی سے منور ہونے کا آرزومند ہے اس کے لئے بس اتنی وضاحت ہی کفایت کرتی ہے۔ مقصود علمی بحث کرنا نہیں ہے صرف وعظ و تذکر ہی مقصود ہے۔ کاش کوئی مجھے بتائے کہ یہ لوگ جب بیت اللہ کے حج کے لئے جاتے ہیں تو کس طرح اس قسم کے شرک پر اصرار کر رہے ہیں۔ اور بظاہر نام تبدیل کر کے اس کو وسیلہ شفاعت اور واسطہ کہتے ہیں۔ کیا یہ وسائل اور وسائط وہی نہیں جنہیں مشرک لوگ اختیار کرتے تھے اور اللہ کے ساتھ شریک بنا کر غیر اللہ کی عبادت میں لگے ہوئے تھے۔ (ارشاد خداوندی ہے)

| | |
|---|---|
| والذین اتخذوا من دونہ اولیاء ما نعبدھم الا لیقربونا | اور جن لوگوں نے اس کے سوا اور دوست بنائے ہیں (وہ کہتے ہیں کہ) ہم ان کو |

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

الی اللہ زلفٰی۔ اس لئے پوجتے ہیں کہ وہ ہم کو خدا کا مقرب بنا دیں۔
الزمر (۳)

پس خیر خواہی کے جذبہ کے پیشِ نظر حج کرنے والوں کی خدمت میں التماس ہے کہ وہ حج کے سفر پر روانہ ہونے سے پہلے خالص توحید کی معرفت حاصل کریں اور شرک کے راستوں کی بھی پہچان رکھیں اس کیلئے کتاب اللہ اور سنّت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مطالعہ کیا جائے۔ پس جو شخص ان دونوں کے ساتھ تمسک اختیار کرتا ہے وہ نجات پا جائے گا۔ اور جو شخص ان سے اعراض کریگا وہ گمراہ ہو جائے گا۔ واللہ المستعان

## دُوسری نافرمانی: (داڑھی منڈوانا)

موجودہ دور میں داڑھی منڈوانے کی عادت مسلمانوں میں عام رواج پذیر ہے۔ اس لئے کہ اکثر اسلامی ممالک کفار کے زیر انتداب ہیں اگرچہ مسلمانوں کو اس سے شدّت کے ساتھ روکا گیا ہے، لیکن کفّار کی تقلید کرتے ہوئے مسلمان اس نافرمانی کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ صحیح حدیث میں ہے۔

(خالفوا المشرکین، احفوا الشوارب وا وفوا اللحی) رواہ الشیخان و فی حدیث آخر (وخالفوا اھل

مشرکین کی مخالفت کرو مونچھوں کو جڑ سے کاٹ دو اور داڑھیوں کو بڑھاؤ (بخاری، مسلم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الکتاب ) دوسری حدیث میں ہے اہل کتاب کی مخالفت کرو۔

یاد رکھیے داڑھی منڈوانے والا انسان رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صریح حکم کی مخالفت کر رہا ہے، پھر کفار کے ساتھ مشابہت بھی ہے۔ اور شیطان کی اطاعت کرتے ہوئے اللہ کی مخلوق میں تبدیلی کا ارتکاب کیا جا رہا ہے۔ اللہ پاک نے اس کی حکایت بیان کرتے ہوئے فرمایا:

ولآمرنهم فليغيرن خلق الله ۔ اور (البتہ میں) ان کو مشورہ دوں گا تو وہ اللہ کی پیدائش میں تبدیلی کریں گے ۔

نیز اس میں عورتوں کے ساتھ مشابہت بھی ہے اور جو مرد عورتوں کیساتھ مشابہت کرتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو ملعون قرار دیا ہے۔ وضاحت کے لئے ہماری کتاب "آداب الزفاف فی السنۃ المطہرۃ" ص ۱۲۶ - ۱۳۱ ) کا مطالعہ فرمائیں ۔

آہ کس قدر افسوسناک وطیرہ ہے کہ اکثر حجاج احرام کے سبب داڑھیاں بڑھا لیتے ہیں اور جب حلال ہوتے ہیں تو چاہیے تو یہ تھا کہ وہ سر منڈا کر حلال ہوتے لیکن اس کی بجائے داڑھیاں منڈا دیتے ہیں حالانکہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے داڑھیوں کے بڑھانے کا حکم دیا تھا

فانا للہ وانا الیہ راجعون۔

## تیسری نافرمانی - (مردوں کا سونے کی انگوٹھی پہننا)

ہمارا مشاہدہ ہے کہ اکثر حجاج سونے کی انگوٹھی پہنتے ہیں۔ ان میں کچھ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

لوگ تو ایسے ہیں جو اس کو حرام ہی نہیں سمجھتے یہی وجہ ہے کہ جب دلائل کی روشنی میں انہیں اس کی حرمت سے آگاہ کیا جاتا ہے تو وہ فوراً اتار دیتے ہیں۔(حدیث ملاحظہ فرمائیں)

نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن خاتم الذھب متفق علیہ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی (پہننے) سے منع فرمایا ہے۔ (بخاری، مسلم)

نیز آپ نے فرمایا

لا یعمد احدکم الی جمرۃ من نار فیجعلھا فی یدہ۔ رواہ مسلم۔

یہ کیا ہے؟ کہ تم میں کچھ لوگ آگ کے شعلے کو اپنے ہاتھ میں رکھے ہوئے ہیں (مسلم)

اور کچھ لوگ سونے کی پہننے کی حرمت کو تو جانتے ہیں لیکن خواہش نفس کے غلام بنے ہوئے ہیں یہ لوگ ایسے ہیں جن پر ہمارا اشاتدار نہیں ہوتا۔ اللہ پاک انہیں ہدایت فرمائے۔

اور کچھ لوگ حرمت کو جاننے کے باوجود عذر پیش کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ یہ تو منگنی کی انگوٹھی ہے اور اس کی علامت ہے ان کا یہ عذر لنگ بدتر از گناہ ہے۔ درحقیقت یہ لوگ دو نافرمانیوں کا ارتکاب کر رہے ہیں (اولاً) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صریح حکم کی نافرمانی کر رہے ہیں (ثانیاً) کفار کے ساتھ مشابہت کر رہے ہیں۔ اس لئے کہ اس دور سے پہلے دور تک منگنی کی انگوٹھی پہننے کا طریق مسلمانوں میں مروّج نہیں تھا عیسائیوں میں اس رسم کا وجود ملتا ہے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں میں یہ رسم عیسائیوں کی طرف

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



سے آئی تھی۔ میں نے اس مسئلہ کو تفصیل کے ساتھ کتاب "آداب الزفاف" (ص ۱۳۱ - ۱۳۸) پر ذکر کیا ہے۔ میں نے جمہور کے مسلک کے خلاف سونے کی انگوٹھی پہننے کی ممانعت نہ صرف مردوں کے لئے کی ہے بلکہ عورتوں کے لیئے بھی اس کو حرام قرار دیا ہے (ص ۱۳۹ - ۱۶۸) کا مطالعہ کریں بہت اہم بحث ہے۔

(ثانیاً) جو شخص فریضہ حج کی ادائیگی کیلئے تیاری کر رہا ہے اس کیلئے ہمارا خیر خواہانہ مشورہ یہ ہے کہ وہ کتاب و سنت کی روشنی میں حج کے مناسک کی تعلیم حاصل کرے یقیناً جب وہ کتاب و سنت سے فراہم کردہ معلومات کی روشنی میں حج ادا کرے گا تو اس کا حج عند اللہ مقبول ہوگا وگرنہ کتاب و سنت سے اعراض میں اسے ائمہ کے اختلاف میں کوئی واضح صورت میسّر نہیں آسکے گی افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ دیگر عبادات میں اختلاف کی طرح حج کے مسئلہ میں بھی شدید اختلاف نے تین مسلک پیدا کر دیئے ہیں، کچھ لوگ تمتع کرنے کو افضل اور بعض قران کو جب کہ بعض وہ لوگ بھی ہیں جو افراد کو افضل کہتے ہیں۔

## صحیح موقف

ہم اس اختلاف میں امام اہل السنۃ احمد بن حنبل کے موقف کو صحیح قرار دیتے ہیں کہ افضل تمتع ہے بلکہ بعض ائمہ تو تمتع کو واجب قرار دیتے ہیں۔ جب قربانی ساتھ نہ ہو چنانچہ حافظ ابن حزم، حافظ ابن القیم رحمہما اللہ کا یہی مسلک ہے اور صحابہ کرام میں سے عبد اللہ بن عباس اور بعض دوسرے صحابہ اس کے قائل تھے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

تفصیل کے لئے (المحلی) اور (زاد المعاد) وغیرہ کتابوں کا مطالعہ کریں۔

## رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کون سا حج کیا

مختصراً بیان کرنے کا خیال ہے جو لوگ حق کے متلاشی ہیں اور کسی مذہب کی تقلید پر جامد نہیں اخلاص کے ساتھ صداقت کے پیروکار ہیں انہیں یقیناً فائدہ ہو گا۔ انشاء اللہ۔

اس میں شک نہیں کہ شروع میں آپ نے صحابۂ کرام کو اختیار دیا کہ وہ کوئی سا حج کرلیں چنانچہ آپ کے حکم کے مطابق بعض نے حج افراد کیا بعض قارن بعض متمتع تھے چنانچہ حضرت عائشہ بیان کرتی ہیں:

| | |
|---|---|
| خرجنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال من اراد منکم ان یھل بحج فلیھل ومن اراد ان یھل بعمرۃ فلیھل (الحدیث رواہ مسلم) | ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں (حج کیلئے) نکلیں۔ آپ نے فرمایا جو شخص تم سے حج اور عمرہ کا احرام باندھنا چاہتا ہے وہ اس کا احرام باندھے اور جو صرف حج یا صرف عمرہ کا احرام باندھنا چاہے اس کو ایسا کرنے کی اجازت ہے (مسلم) |

www.KitaboSunnat.com

مسند احمد کی روایت (۲۴۵/۶) میں مرقوم ہے کہ آپ نے ذی الحلیفہ میں درخت کے پاس ان کو اختیار دیا لیکن کیا یہ اختیار باقی رہا؟ اس کا جواب نفی میں ہے، اس لئے کہ آپ نے اختیار کو ختم کرتے ہوئے حج تمتع کی طرف

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



انہیں راغب کیا اور فرمایا کہ تمتع افضل ہے اگرچہ تمتع کو ان کیلئے فرض قرار نہیں دیا۔ حقیقت میں لگتا ہیں اس نتیجہ پر پہنچتی ہیں کہ مکہ مکرمہ کی طرف جاتے ہوئے راستہ میں مختلف مناسبتوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے آپ حکم فرماتے رہے چنانچہ جب آپ تنعیم کے قریب (جو کہ مکہ مکرمہ سے دس میل کے فاصلہ پر ہے) سرف مقام پر پہنچے تو حضرت عائشہ کی روایت کے مطابق آپ نے فرمایا جس شخص کے پاس قربانی نہیں ہے اور وہ عمرہ کی نیت کرنا چاہتا ہے تو اس کو اجازت ہے۔ لیکن جس کے پاس قربانی ہے وہ حلال نہیں ہو سکتا اور نہ صرف عمرے کی نیت کر سکتا ہے (بخاری، مسلم)

اور جب آپ (ذی طوی) مقام پر پہنچے جو مکہ کے قریب ہے۔ وہاں رات بسر کی صبح کی نماز ادا فرمائی اور لوگوں سے کہا جو شخص صرف عمرہ کی نیت کرنا چاہتا ہے اس کو ایسا کرنے کی اجازت ہے (بخاری، مسلم عن ابن عباس)

اور جب آپ مکہ مکرمہ میں وارد ہوئے تو آپ نے اور آپ کے صحابہ نے جن کے پاس قربانیاں تھیں انہوں نے طواف قدوم کیا تو نہ صرف یہ کہ آپ نے عمرہ کرنے کو افضل قرار دیا بلکہ آپ نے ان لوگوں کیلئے واجب قرار دیا کہ وہ عمرہ کریں جن کے پاس قربانیاں نہ تھیں اور حج کے احرام کو فسخ کر دیں۔ حضرت عائشہ بیان کرتی ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صرف حج کے ارادہ سے گھر سے نکلیں جب ہم مکہ مکرمہ پہنچیں تو ہم نے بیت اللہ کا طواف کیا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کے پاس قربانی نہیں ہے وہ حلال ہو جائے چنانچہ آپکے ارشاد کے مطابق جن لوگوں کے پاس قربانیاں نہیں تھیں وہ تو حلال ہو گئے اور آپکی بیویوں کے ساتھ بھی قربانیاں نہ تھیں لہذا وہ بھی حلال ہو گئیں (الحدیث)

(بخاری، مسلم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

آپ نے ان کو عمرہ کرنے کا حکم دیا ان پر یہ بات گراں گزری اور عرض کیا کہ عمرہ کے بعد ہمارا حلال ہونا کیسا ہے، آپ نے فرمایا تم مکمل طور پر حلال ہو (بخاری مسلم) احادیث صحیحہ کی روشنی میں اس نتیجہ پر پہنچنا کچھ مشکل نہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو حج کے فسخ کرنے اور عمرہ کا احرام باندھنے کا حکم دیا اور اس لئے ان کو اس نئے حکم کی تعمیل پر آمادہ کیا کہ دورِ جاہلیت سے ہی وہ اس نظریہ کے حامل تھے (جیسا کہ صحیحین میں ہے) کہ انکے ہاں حج کے مہینوں میں عمرہ کرنا ناجائز تھا۔ اگرچہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عملاً جاہلیت کے اس نظریہ کو کالعدم فرما دیا تھا جبکہ آپ نے تین سالوں میں تین عمرے ذی القعدہ میں ادا فرمائے لیکن چونکہ نئے حکم کو اذہان جلدی قبول نہیں کرتے اس لئے اولاً آپ نے اختیار دیا تاکہ ان کے ذہن تنگی محسوس نہ کریں پھر پختگی کے ساتھ حکم دیا کہ حج فسخ کریں اور عمرہ کا احرام باندھیں چند وجوہ کے پیش نظر ہم آپ کے حکم کو وجوب کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں۔

**(وجہ اوّل)** اصول یہ ہے کہ اگر کوئی صارفہ قرینہ موجود نہیں ہے تو امر وجوب کیلئے ہوتا ہے، ظاہر ہے کہ یہاں کوئی صارفہ قرینہ نہیں ہے بلکہ دوسری وجہ میں (جس کا ذکر آگے آرہا ہے) وجوب کا قرینہ موجود ہے۔

**(وجہ ثانی)** رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب صحابہ کرام کو حج کے فسخ کرنے اور عمرہ کا احرام باندھنے کا حکم دیا تو صحابہ کرام نے اس حکم کو عظیم گردانا اگر آپ کا حکم وجوب کیلئے نہ ہوتا تو وہ کبھی اس پر عمل کرنے کی دشواری محسوس نہ کرتے، کیا یہ حقیقت نہیں کہ اس سے پہلے انہیں تین بار اس کا اختیار دیا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



لیکن اسوقت انہوں نے دشواری کا احساس تک نہ کیا معلوم ہوا کہ وہ امر وجوب کے لئے نہ تھا بلکہ تخییری تھا اور یہ امر وجوب کے لئے تھا

**(وجہ ثالث)** حضرت عائشہ بیان کرتی ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ناراضگی کی حالت میں میرے پاس آئے میں نے فوراً عرض کیا جس نے آپ کو ناراض کیا ہے۔ اللہ پاک اس کو جہنم میں داخل کرے، آپ نے فرمایا عائشہ! تجھے معلوم نہیں کہ میں نے لوگوں کو ایک حکم دیا، انہوں نے اس میں تردد اختیار کیا، عائشہ! اگر مجھے وہ بات پہلے معلوم ہو جاتی تو بعد میں معلوم ہوئی تو میں اپنے ساتھ قربانی نہ لاتا یہاں آکر خرید لینا، قربانی نہ ہونے کی صورت میں دیگر لوگوں کی طرح میں بھی حلال ہو جاتا۔ مسلم بیہقی، احمد (۶/ ۱۷۵) پس آپ کی ناراضگی پتہ دے رہی ہے کہ آپ کا حکم وجوب کیلئے تھا۔ لیکن یہ سمجھنا کہ صحابہ کرام نے آپ کے حکم کو ماننے سے انکار کر دیا تھا غلط ہے، البتہ وہ متردد ضرور تھے۔ اس لئے آپ ناراض ہوئے تاکہ وہ تردد ختم کرکے حلال ہو جائیں۔ چنانچہ آپ کے حکم کے مطابق جن لوگوں کے پاس قربانی نہ تھی وہ سب حلال ہو گئے تھے۔

**وجہ رابع** جب آپ نے حج کے احرام کو فسخ کرنے اور عمرہ کا احرام باندھنے کا حکم دیا تو صحابہ کرام نے استفسار کیا؟ کیا حج کے دنوں میں عمرہ کرنے کا جواز صرف اسی سال کے ساتھ خاص ہے یا ہمیشہ کے لئے ہے۔ آپ نے دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو ایک دوسری میں داخل کرکے اشارہ کیا کہ قیامت تک عمرہ، حج اکٹھا کیا جا سکتا ہے ہمیشہ ہمیشہ کیلئے عمرہ، حج میں اشتراک ہو گیا۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

معلوم ہوا کہ عمرہ، حج کا ایسا جزء ہو گیا جو اس سے منفک نہیں اور پھر صحابہ کرام کے ساتھ اس حکم کی تخصیص کا کچھ معنی نہیں ہے، بلکہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ہے۔

**وجہ خامس)** اگر امر وجوب کے لئے نہ ہوتا تو بعض صحابہ کا اس پر عمل پیرا ہونا کافی تھا لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عام حکم دینے کو کافی نہیں سمجھتے، کبھی اپنی بیٹی کو حج کے فسخ کرنے کا حکم دے رہے ہیں اور کبھی خصوصیت کے ساتھ اپنی بیویوں کو حکم دے رہے ہیں جیسا کہ صحیحین میں عبداللہ بن عمر بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے سال اپنی بیویوں کو حلال ہونے کا حکم دیا۔ حضرت حفصہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ کیوں حلال نہیں ہوتے، آپ نے فرمایا میں نے سر پہ گوند لگا رکھی ہے اور قربانی میرے ساتھ ہے اس لئے میں حلال نہیں ہو سکتا۔ اور جب حضرت ابو موسیٰ اشعری یمن سے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے حج کا احرام باندھ رکھا تھا آپ نے سوال کیا؟ تیرا احرام کیسا ہے اس نے جواب دیا میں نے آپ کے احرام کی مانند احرام باندھا تھا، آپ نے دریافت کیا؟ کوئی قربانی بھی ساتھ ہے کہنے لگا نہیں، فرمایا بیت اللہ کا طواف اور صفا مروہ کے درمیان سعی کرنے کے بعد حلال ہو جاؤ (الحدیث)

کیا اس قدر سخت انداز (کہ حج فسخ کرنا ہو گا) بھی وجوب پر دلالت نہیں کرتا؟ حقیقت تو یہ ہے کہ اگر اتنی سختی کے ساتھ آپ نہ بھی فرماتے پھر

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



بھی وجوب کے سوا کوئی صورت نہ تھی یہی ان روشن دلائل کی موجودگی میں حج کے فسخ کرنے کے بغیر کوئی چارہ کار ہی نہیں ہے، مخالفین بھی اس کے تسلیم سے انکار نہیں کر سکتے البتہ بعض نے جواب دیتے ہوئے اس کو صحابہ کرام کی خصوصیت قرار دیا ہے لیکن بلا دلیل خصوصیت قرار دینا کیسے درست ہو سکتا ہے۔ اور بعض نے اس کو منسوخ کہا لیکن ان کے پاس کوئی ایک دلیل بھی ایسی نہیں جو قابل ذکر ہو گویا کہ حج فسخ کرنے کی صورت میں آپ نے تمتع کا حکم دیا۔ اگرچہ حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت عبداللہ بن زبیرؓ نے تمتع سے منع فرمایا جیسا کہ صحیحین میں ہے، اس کے متعدد جواب ہیں۔

## پہلا جواب

جو لوگ اس سے استدلال کرتے ہوئے تمتع سے روکتے ہیں وہ اس کے جواز کے قائل ہیں پس جو ان کی طرف سے جواب ہو گا وہی ہماری طرف سے بھی ہو گا۔

## دوسرا جواب

تمتع سے منع کرنے کو صحابہ کرام کی ایک جماعت نے تسلیم نہیں کیا چنانچہ حضرت علی، عمران بن حصین، ابن عباس وغیرہ اسی نظریہ کے حامل ہیں۔

## تیسرا جواب

تمتع سے روکنا جب کتاب اللہ کے خلاف ہے تو سنت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ضرور خلاف ہو گا۔ ارشادِ خداوندی ہے

فمن تمتع بالعمرۃ الی الحج   پس جس شخص نے حج کے ساتھ عمرہ کا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

فما استیسر من الھدی[1] فائدہ اٹھایا تو اس کے لئے جو قربانی آسان ہو۔

اسی ہی بات کی طرف حضرت عمران بن حصین اشارہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں، کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں ہم نے تمتع کیا، قرآن پاک میں کوئی ایسی آیت نازل نہیں ہوئی جس میں منع کیا گیا ہو بلکہ قرآن پاک میں تمتع کے جواز کی آیت موجود ہے۔ پھر آپ نے ہمیں اسکا حکم بھی دیا اس کے بعد کوئی ایسی آیت نازل نہیں ہوئی جس نے تمتع کی آیت کو منسوخ کیا ہو اور آپ نے بھی اس سے منع نہ فرمایا، یہاں تک کہ آپ فوت ہو گئے، آپ کی وفات کے بعد جس کے خیال میں جو آیا اس نے کیا۔ (مسلم)

## حضرت عمر نے تمتع سے کیوں منع کیا

حضرت عمر نے تمتع کے مشروع ہونے کو صراحت سے بیان کیا ہے۔ البتہ انکا اس سے منع کرنا تو وہ ان کی ذاتی رائے ہے، وہ خود اس کی وجہ بیان کرتے ہیں۔

مجھے یقین ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام نے تمتع کیا ہے میں تو اس لئے اسکی مکروہیت کا قائل ہوں کہ لوگ پیلو کے گھنے[2]

---

[1] البقرۃ (۱۹۶) [2] اراک پیلو کے درخت کو کہتے ہیں جس سے مسواک بنائی جاتی ہے۔ بعض نے اس سے مراد وہ مقام لیا ہے جو عرفات میں ہے جیسا کہ "مسلم" کے حاشیہ میں۔ بعض نے یہ معنی تحریر کیا ہے لیکن یہ معنی غلط ہے اس لئے کہ حجاج عرفات کے میدان میں محرم ہوتے ہیں، عورتوں کے ساتھ وطی کرنا ان کے لئے جائز نہیں ہوتا۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



درختوں کی اوٹ میں چھپ کر بیویوں سے مجامعت کریں گے
پھر جب حج کا احرام باندھیں گے تو (غسل کی وجہ سے) ان کے
سروں سے پانی کے قطرے بہہ رہے ہونگے (مسلم ، احمد)

غور و فکر کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جس علت کی بنا پر تمتع کی کراہت کے قائل ہیں بالکل اسی علت کی وجہ سے صحابہ کرام نے آپ کے حکم کو تسلیم کرنے میں سرد مہری کا ثبوت پیش کیا اور حج کے فسخ کرنے کے حکم پر فوراً لبیک کہنے سے گریز کیا چنانچہ وہ بیان کرتے ہیں ۔
جب ہم گھروں سے نکلے تھے تو اس وقت حج کی نیت سے نکلے تھے ذی الحجہ کی پانچ تاریخ کو آپ نے حکم دیا کہ چونکہ عمرہ سے فراغت کے بعد تم حلال ہو چکے ہو اس لئے عورتیں بھی تمہارے لئے حلال ہیں ۔ اس پر صحابہ کرام نے متردد انہ لہجہ میں عرض کیا کہ ہمارے حلال ہونے کا بدیہی نتیجہ یہ ہوگا ۔ کہ ہم جب حج کا احرام باندھ کر عرفات کی طرف جا رہے ہوں گے تو عورتوں کے ساتھ مجامعت کا زمانہ قریب ہونے کی وجہ سے ہمیں احساس دامنگیر ہوگا کہ ابھی تو ہم عورتوں کے ساتھ اختلاط کئے ہوئے تھے اور منی بہا رہے تھے اور ابھی ہم احرام باندھ کر عرفہ کی جانب بھی جا رہے ہیں یہ کچھ مناسب نہیں ہے ۔ اس پر آپ نے فرمایا :۔

بخدا کیا تم جانتے نہیں ہو کہ میں تم سب سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا ہوں ، اور تم سب سے زیادہ راستباز اور نیکوکار ہوں ، لوگو ، تم مجھے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

جواب کیوں نہیں، دیتے ہو پس تم کو وہی کام کرنا ہوگا جس کا میں تمہیں حکم دے رہا ہوں ۔ یاد رکھو ۔ اگر میرے پاس بھی قربانی نہ ہوتی تو میں بھی حلال ہو جاتا ۔

معلوم ہؤا کہ اگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سامنے صحابہ کرام کا یہ قول ہوتا اور رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو جو کچھ جواباً فرمایا وُہ بھی ان کے خیال میں ہوتا تو کبھی تمتع کی کراہت کا حکم نہ دیتے اور نہ ہی اس سے منع فرماتے ۔

نیز اس سے یہ بات بھی مترشح ہو رہی ہے کہ بعض دفعہ اگر کسی جلیل القدر صحابی کی نظروں سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی طریقہ یا آپ کا کوئی قول مخفی رہ جائے تو ممکن ہے اور عدم علم کی صورت میں اجتہاد کرنا اور غلط اجتہاد کی صورت میں بھی ایک ثواب کا مستحق ہوگا کچھ گناہ نہیں ہوگا ۔

والعصمۃ للہ وحدہ ثم رسولہ ۔

www.KitaboSunnat.com

# اعتراض

اگر کوئی شخص اعتراض کرے کہ تمتع کے وجوب اور اس کے رد میں جو دلائل ذکر کئے گئے ہیں ۔ ان کے واضح ہونے میں کچھ شبہ نہیں ، لیکن ایک اشکال ذہن میں خلجان

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


ڈال رہا ہے۔ کہ کیا وجہ ہے؟ کہ تمام خلفاء راشدین حج افراد کرتے رہے انہوں نے تمتع نہ کیا۔

**جواب** ہم پہلے واضح کر چکے ہیں کہ تمتع اس وقت واجب ہے جب کہ آپ کے ہمراہ قربانی نہیں ہے۔ لیکن جس شخص کے پاس قربانی ہو اس پر نہ صرف یہ کہ تمتع واجب نہیں بلکہ جائز بھی نہیں ہے۔ اس کے لئے قران افضل ہے یا وہ حج افراد کرے اور ممکن ہے کہ خلفاء راشدین نے اس لئے حج افراد کیا ہو کہ ان کے ساتھ قربانیاں ہوتی تھیں۔ اس وضاحت کی روشنی میں اعتراض ختم ہو جاتا ہے۔ مختصراً یہ کہ جو شخص حج کا ارادہ رکھتا ہے وہ عمرہ کا احرام باندھے اور اس کی لبیک پکارے، صفا، مروہ کے درمیان سعی کر کے حجامت بنوائے اور حلال ہو جائے پھر ذی الحج کی آٹھویں تاریخ حج کا احرام باندھے لیکن جس شخص نے قران یا حج کا احرام باندھ رکھا ہے اس کیلئے ضروری ہے کہ وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی اطاعت کرتا ہوا ان کو فسخ کرے اور عمرہ کا احرام باندھے۔ ارشادِ ربانی ہے:

من یطع الرسول فقد اطاع اللہ۔ (النساء ۸۰) جس شخص نے اللہ کے رسول کی اطاعت کی پس اس نے اللہ کی اطاعت کی۔

پھر حج تمتع کرنے والے دس ذی الحجہ یا ایام تشریق میں قربانی ذبح کریں یہ بھی مناسک حج میں داخل ہے اور اس کو بطور شکر نعمت

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کے ذبح کرنا ہے کسی غلطی کا کفارہ نہیں ہے بلکہ حافظ ابن القیم کے قول کے مطابق اس کی حیثیت بمنزلہ اس قربانی کے ہے جو گھروں میں دس ذی الحجہ کو عام طور پر ذبح کی جاتی ہے۔ حقیقت تو یہ ہے دس ذی الحجہ کو قربانی کرنے سے بہتر کوئی عمل نہیں۔

متعدد طرق سے مروی ہے:

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم سئل ای الاعمال افضل؟ فقال العج والثج وصححہ ابن خزیمۃ والحاکم والذھبی وحسنہ الترمذی

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال ہوا کونسا عمل افضل ہے آپ نے فرمایا اونچی آواز سے لبیک کہنا اور خون بہانا یعنی قربانی ذبح کرنا اس کو ابن خزیمہ، حاکم، ذھبی نے صحیح کہا ہے اور امام ترمذی نے حسن قرار دیا۔ اسی حدیث میں وارد ہے، کہ اپنی قربانی کا گوشت کھائے جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی قربانیوں سے گوشت پکوا کر کھایا چنانچہ قرآن پاک میں ہے۔ فکلوا منہا واطعموا البائس الفقیر۔[1] پس تم بھی ان سے کھاؤ اور تنگدست فقیر کو بھی کھلاؤ۔ کیا وجہ ہے؟ کہ بعض لوگ خوب جانتے ہیں کہ حج تمتع کرنا حج افراد سے افضل ہے اس کے باوجود وہ حج افراد کرتے ہیں اور حج کے بعد تنعیم سے عمرہ کا احرام باندھتے ہیں۔ بظاہر اس کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ اس طرح کرنے سے ان پر قربانی کرنا ضروری نہیں ہوتی۔ اس سے بچنے کیلئے وہ لوگ ایسا سے

---

[1] الحج ۲۸)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ہیں لیکن اس میں شارع علیہ السلام کی صراحتہً مخالفت ہے اور شریعت میں حیلہ سازی کی مذموم کوشش ہے۔ اللہ پاک نے حج سے پہلے عمرہ مشروع قرار دیا تھا اور حج تمتع کرنے والے پر قربانی ذبح کرنے کو واجب قرار دیا تھا لیکن یہ لوگ قربانی سے بچاؤ کی گنجائش نکالتے ہوئے اس کی مخالفت کر رہے ہیں۔ پرہیز گاروں کا طریقہ یہ نہیں ہے کہ وہ اس قسم کی حیلہ سازیاں اختیار کریں پھر یہ امید رکھیں کہ ان کا حج عند اللہ مقبول ہو گیا ہے اور ان کے گناہ دھل گئے ہیں، ہرگز نہیں، ہرگز نہیں۔ ارشاد خداوندی ہے:

انما یتقبل اللہ من المتقین۔ ؎ | سوائے اس کے نہیں کہ اللہ پرہیز گاروں سے قبول کرتا ہے:

پس حج کی سعادت سے ہمکنار ہونے والوں کو ہم نصیحت کرتے ہیں کہ وہ اپنے پروردگار سے ڈرتے رہیں، مناسک حج میں سنت نبوی کے اتباع کو لازم بنائیں، حیلہ سازی، بخیلی کے اوصاف رزیلہ سے اجتناب رکھیں۔

ثالثاً: حجاج کے لئے مسنون ہے کہ عرفہ کی رات منیٰ میں اور دس ذالحجہ کی رات مزدلفہ میں گذاریں۔ مزدلفہ میں صبح تک رہنا اہل علم کے راجح قول کے مطابق مناسک حج کا رکن ہے۔ مطوفین کی چکنی چپڑی باتوں میں آکر اس کو ترک نہ کیا جائے۔ انکا مقصد تو صرف دولت حاصل کرنا ہے۔ اور زیادہ سے زیادہ اجرت حاصل کرنا ہے، خواہ کسی کا حج ہو یا نہ ہو، سنت کے مطابق مناسک حج ادا ہوں یا نہ ہوں۔

---

؎ (۲۷)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

رابعاً: حجاج کو چاہیے کہ وہ جہاں عام مساجد میں نمازیوں کے آگے سے گزرنے کو گناہ سمجھتے ہیں وہاں مسجد الحرام میں بھی اس کو گناہ سمجھیں اور اس سے پرہیز کریں۔ ارشاد نبوی ہے:

| | |
|---|---|
| لو یعلم المار بین یدی المصلی ماذا علیہ لکان ان یقف اربعین خیرًا لہ من ان یمر بین یدیہ قال الراوی لا ادری قال اربعین یوما او شہرا او سنۃ۔ رواہ الشیخان فی صحیحہما۔ | اگر نمازی کے آگے سے گزرنے والے انسان کو معلوم ہو جائے کہ اس کا کتنا گناہ ہے تو وہ چالیس کھڑا رہنے کو آگے سے گزرنے پر ترجیح دے اور بہتر سمجھے راوی نے بیان کیا مجھے معلوم نہیں چالیس دن، یا چالیس ماہ یا چالیس سال کیا کہا؟ (بخاری، مسلم) |

اسی طرح بلا سترہ بھی نماز پڑھنا جائز نہیں، نماز ادا کرنے والے کیلئے ضروری ہے کہ وہ نماز ادا کرنے سے پہلے اپنے آگے سترہ رکھے جو گزرنے والوں سے تحفظ عطا کریگا اگر کوئی شخص نمازی اور سترہ کے درمیان سے گزرنا چاہیے تو نمازی کے لئے ضروری ہے کہ وہ اس کو منع کرے، چند احادیث ملاحظہ فرمائیں۔

## پہلی حدیث

| | |
|---|---|
| اذا وضع احدکم بین یدیہ مثل موخرۃ الرحل فلیصل و لا یبالی من مر من وراء ذالك۔ | جب کوئی شخص ادائیگی نماز کے وقت اپنے آگے پالان کی پچھلی لکڑی کے برابر رکھ لیتا ہے تو پھر کچھ خطرہ نہیں جو بھی اس کے پیچھے سے گزر رہا ہے۔ |

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## دوسری حدیث

اذا صلی احدکم الیٰ شیئ یسترہ من الناس فاراد احد ان یجتاز بین یدیہ فلیدفع فی نحرہ ولیدرء مااستطاع فان ابیٰ فلیقاتلہ فانما ھو شیطانؐ

جب تم میں سے کوئی شخص کسی چیز کو سترہ بنا کر نماز پڑھے اور کوئی شخص آگے سے گزرنا چاہے تو اس کو سینہ زوری سے روکے، اگر وہ نہ رُکے تو اس سے برسرِ پیکار ہو جائے، اس لئے کہ وہ شیطان ہے۔

## تیسری حدیث

قال یحیی بن ابن کثیر رایت انس بن مالک دخل المسجد الحرام فرکز شیأا وھیأ شیأ یصلی الیہ رواہ ابن سعد بسند صحیح (۱۸/۷)

یحییٰ بن ابی کثیر نے بیان کیا کہ میں نے حضرت انس بن مالک کو دیکھا کہ وہ مسجد میں داخل ہوئے اور کسی چیز کو گاڑ یا رکھ کر نماز ادا کی (ابن سعد نے صحیح سند کے ساتھ بیان کیا۔

عن صالح بن کیسان قال رأیت ابن عمر یصلی فی الکعبۃ ولا یدع احدًا یمر بین یدیہ

صالح بن کیسان بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر کو کعبہ میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھا کہ وہ اپنے آگے سے کسی

---

ؐ یہ دونوں حدیثیں مؤلف کی کتاب صفۃ الصلوٰۃ طبع ثالث کے صفحہ ۵۱، ۵۳ پر ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


رواہ ابو زرعۃ الرازی (فی تاریخ دمشق) (۱/۹۱) وکذا ابن عساکر (فی تاریخ دمشق) (۸/۱۰۶/۲) بسند صحیح۔

کو نہیں گزرنے دیتے تھے۔ اس حدیث کو ابوزرعہ رازی نے تاریخ دمشق اور ابن عساکر نے صحیح سند کیساتھ تاریخ دمشق میں ذکر کیا ہے۔

پہلی حدیث میں سترہ پکڑنے کے وجوب پر زور دیا گیا ہے۔ اور سترہ کے پیچھے سے جو شخص گزرے اس سے نماز میں کچھ نقص نہیں آ سکتا۔

دوسری حدیث سے معلوم ہو رہا ہے کہ عمداً نمازی کے آگے سے گزرنا حرام ہے اور گزرنے والا شیطان ہے، اس سے جنگ کرنا ضروری ہے۔ جبکہ سترہ کی صورت میں نمازی اور سترہ کے درمیان سے گذر رہا ہے۔

اس لئے جو شخص حج کے لئے جاتا ہے اور مسجد حرام میں نمازیوں کے آگے سے گزرتا رہا اس کے حج کی قبولیت یا عدم قبولیت کے بارے میں کیا کہا جا سکتا ہے۔ جبکہ وہ اس فعل کی وجہ سے شیطان کے لقب کے ساتھ ملقب ہو گیا

پہلی دونوں حدیثیں مطلق ہیں کسی مسجد یا کسی جگہ کے ساتھ خاص نہیں، پس عمومیت کے اقتضاء سے مسجد حرام اور مسجد نبوی کو بالاولیٰ شامل ہیں۔

اس لئے کہ آپ نے یہ حکم مسجد نبوی میں دیا، اس لحاظ سے مسجد نبوی اصل ہے اور دوسری مساجد اس کے بالتبع ہیں۔ دوسرے دو اثر تو نص صریح ہیں کہ مسجد حرام نہی کے حکم میں داخل ہیں۔ پس طواف کرانے والوں اور معلمین کا ان دونوں مسجدوں کو نہی سے مستثنیٰ قرار دینا بے بنیاد ہے نہ سنت نبوی سے اس کا ثبوت ہے اور نہ ہی کسی صحابی سے انکا استثنا

---

زیر طباعت ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



کرنا منقول ہے۔

البتہ ایک ضعیف حدیث مروی ہے جس میں خاص طور پر اگرچہ مسجد الحرام کو نہی سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے لیکن دلالت واضح نہیں ہے (حج کی بدعات) کے ضمن میں اسکا ذکر کیا جائے گا۔

**خامساً:** اہلِ علم کیلئے ضروری ہے کہ وہ مقدس مقامات میں حجاج کی راہ نمائی کا فریضہ سرانجام دیں انہیں کتاب و سنّت کے مطابق مناسک حج کی تعلیم دیں اور مسئلہ توحید کی تفصیلات سے آگاہ کریں جس کی اشاعت کے لئے تمام انبیاء علیھم الصلوٰۃ والسلام کو مبعوث کیا گیا اور کتابیں اتاری گئیں اس مسئلہ کی طرف خصوصیت کے ساتھ توجہ دینے کی ضرورت اس لئے بھی محسوس ہو رہی ہے کہ دیکھا گیا ہے کہ اپنے آپ کو اہلِ علم کے زمرہ میں شمار کرنے والے بھی توحید کی حقیقت سے ناواقف ہیں۔ اور شرک و بدعت کے گڑھوں میں گرے ہوئے ہیں بلکہ مسالک کے اختلاف کے باوجود تمام اہلِ علم کا فرض ہے کہ وہ عوام الناس کو کتاب و سنّت کی طرف دعوت دیں عقائد، احکام، معاملات، اخلاق، سیاسیات اقتصادیات وغیرہ کے مسائل کو کتاب و سنّت کی روشنی میں حل کریں۔ اگر اسلام کے صراطِ مستقیم کو چھوڑ کر کوئی دوسرا راستہ اختیار کیا گیا تو اصلاح کا ہونا ناممکن ہوگا۔ اور اسلام کی دعوت کو چھوڑ کر کس قدر خوبصورت آواز پر کیوں نہ لبیک کہی جائے اس میں ذلّت اور رسوائی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ البتہ اسلامی دعوت کے طریق کار میں احسن طریق سے سمجھانا عین منشاء خداوندی ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


## ارشادِ ربانی ہے

ادع الیٰ سبیل ربك بالحکمۃ والموعظۃ الحسنۃ وجادلھم بالتی ھی احسن۔[1]

اپنے رب کے راہ کی طرف حکمت اور اچھے انداز سے وعظ کرتے ہوئے دعوت دیجئے اور احسن طریق کے ساتھ مجادلہ ہو

پس جاہل لوگوں کے احمقانہ انداز سے متاثر ہو کر آپ ان کی طرح بننے سے پرہیز کریں۔

## ارشادِ ربانی ہے

فلا رفث ولافسوق ولاجدال فی الحج[2]

بیہودہ، فسق اور جھگڑے کی باتوں سے حج میں بچا جائے۔

حج میں جس جدال سے منع کیا گیا ہے وہ بعینہٖ فاسقانہ کام ہے جس سے حج کے غیر میں روکا گیا ہے کہ دعوت کے میدان میں ملاطفت ہاتھ سے چھوٹنے نہ پائے۔

## حافظ ابن حزم کا قول

حافظ ابن حزم فرماتے ہیں مجادلہ کی دو قسمیں ہیں ایک مجادلہ حق اور واجب ہے۔ احرام غیر احرام میں اس کا کرنا ضروری ہے یعنی اسلام کی دعوت میں حق کے اظہار میں اور باطل کے کچلنے میں مجادلہ واجب ہے۔ اسلام کو اسکا حق دلانے کیلئے مجادلہ کرنا اور اللہ کی رضا کے لئے مجادلہ کرنا حق ہے البتہ باطل کے ساتھ مجادلہ کرنا یا باطل نظریات میں احرام کی صورت میں مجادلہ کرنا احرام اور حج کو باطل کر دیتا ہے۔ جیسا کہ ارشادِ خداوندی پہلے گزر چکا ہے۔

---

[1] النحل ۱۲۵) [2] البقرہ ۱۹۶)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



مذکورہ آیت میں مجادلہ کا مفہوم یہ ہے کہ آپ احرام میں اپنے رفیق کے ساتھ اسقدر مخاصمت اختیار کرتے ہیں کہ اسکو ناراض کر دیتے ہیں چنانچہ ابن قدامہ نے "المغنی" (۲۹۶/۳) میں اس معنی کو جمہور محدثین کی طرف منسوب کیا ہے۔ اور اسی کو راجح قرار دیا ہے۔

دوسرا معنی جس کا ذکر بعض تفسیروں میں موجود ہے یہ ہے کہ حج کے وقت اور احکام میں مجادلہ کرنا منع ہے۔ اس معنی کو ابن جریر نے پسند فرمایا ہے۔ اور حافظ ابن تیمیہ نے مجموعہ الرسائل الکبریٰ (۳۶۱/۲) میں راجح کہا ہے۔

اس لحاظ سے یہ آیت ہمارے نقطۂ نظر کو واضح کرنے سے قاصر ہے

ہاں جب حالات کا رخ بتا رہا ہو کہ آپ کا مخالف متعصب ہے اس کے ساتھ مجادلہ بے سود ہے۔ اگرچہ اس کے سامنے دلائل کا انبار بھی لگا دیا جائے پھر بھی وہ اپنی ضد چھوڑنے کیلئے تیار نہ ہوں تو ایسی حالت میں خطرہ ہے کہ کہیں مجادلہ سے غلط نتائج نہ نکل آئیں۔ مجادلہ چھوڑ دینا ہی بہتر ہے۔

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

انا زعیم ببیت فی ربض الجنة لمن ترك المراء وان كان محقاً رواه ابو داؤد بسند حسن عن ابی امامة وللترمذی نحوه من حديث انس وحسنه۔

میں اس شخص کیلئے جنت کے درمیان میں گھر ملنے کی ضمانت دیتا ہوں جو مجادلہ چھوڑ دیتا ہے اگرچہ وہ حق پر ہو۔ ابوداؤد نے ابوامامہ سے حسن سند کے ساتھ روایت کیا۔ ترمذی میں بھی اس کی مثل حدیث انس سے مروی ہے ترمذی نے حدیث کو حسن کہا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



اللہ پاک ہم کو اور تمام مسلمانوں کو اپنے نبی کی سنّت کی معرفت حاصل کرنے اور اسی کے راہ کی اتباع کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

## وہ کام جو محرم کیلئے جائز ہیں۔

(۱) احتلام کے علاوہ بھی محرم کیلئے غسل کرنا اور سر کھجلانا جائز ہے صحیحین میں ہے

| | |
|---|---|
| عن عبد اللّٰہ بن عباس والمسور بن مخرمۃ انہما اختلفا بالابواء فقال عبد اللہ بن عباس یغسل المحرم راسہ وقال المسور لا یغسل المحرم راسہ فارسلنی ابن عباس الی ابی ایوب الانصاری اسئلہ عن ذالك فوجدتہ یغتسل بین القرنین وھو یستتر بثوب قال فسلمت علیہ فقال من ھذا فقلت انا عبد اللہ بن حنین ارسلنی الیك عبد اللہ بن عباس اسئلك کیف کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم | عبداللہ بن عباس اور مسور بن مخرم کا ابوا مقام میں اختلاف ہو گیا عبداللہ بن عباس نے کہا محرم اپنے سر کا غسل کر سکتا ہے مسور نے کہا نہیں کر سکتا تو مجھے ابن عباس نے ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا کہ میں اس سے دریافت کروں تو میں نے دیکھا کہ وہ کپڑا اوڑھ کر (کنوئیں کی) دونوں شاخوں کے درمیان غسل کر رہا ہے میں نے سلام کہا، ابن عباس نے دریافت کیا کون؟ میں نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ میں عبداللہ بن حنین ہوں مجھے ابن عباس نے تیرے پاس بھیجا ہے تاکہ میں تجھ سے دریافت کروں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم احرام کی حالت میں کس طرح سر کا غسل فرمایا کرتے تھے |

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



يغسل رأسه وهو محرم؟ فوضع ابو ايوب رضي الله عنه يده على الثوب فطأطأه حتى بدا لي رأسه ثم قال لانسان يصب اصبب فصب على رأسه ثم حرك رأسه بيديه فاقبل بهما وادبر ثم قال هكذا رأيته صلی الله علیہ وسلم يفعل زاد مسلم فقال المسور لابن عباس لا اماريك

پس ابوایوب نے اپنا ہاتھ کپڑے کی جانب پھیلایا کپڑے کو سر سے نیچے کیا تو ان کا سر نظر آنے لگا پھر ایک انسان سے پانی گرانے کے لیے کہا اس نے آپ کے سر پر پانی گرایا پھر اپنے دونوں ہاتھوں کو سر پر پھیرا، پیشانی کی طرف سے ہاتھوں کو پھیرتے ہوئے گدی کی طرف لے گئے۔ پھر واپس لائے پھر فرمایا

فرمایا کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح دیکھا ہے مسلم میں یہ الفاظ زائد ہیں کہ پھر مسور نے ابن عباس سے کہا اب کبھی میں تجھ سے نہیں جھگڑوں گا۔

وروى البيهقي بسند صحيح عن ابن عباس قال ربما قال لي عمر بن الخطاب رضي الله عنه، تعال اباقيك في الماء ايُّنا اطول نفسا ونحن محرمون عن عبد الله بن عمرو ان عاصم بن عمر وعبد الرحمن بن زيد وقعا في البئر يتماقلان يتغاطسان يغيب احدهما رأس صاحبه

بیہقی نے ابن عباس سے صحیح سند کے ساتھ بیان کیا کہ کئی بار حضرت عمر نے مجھے کہا آؤ ہم پانی میں غوطہ زنی میں مقابلہ کرتے ہیں کہ کون لمبے سانس والا ہے اس حال میں کہ ہم محرم ہوتے تھے، عبداللہ بن عمر بیان کرتے ہیں کہ عاصم بن عمر اور عبدالرحمان بن زید کنویں میں غوطہ زنی کرتے اور ایک دوسرے کے سر کو پانی میں ڈبوتے اور عمر رضی اللہ عنہ ان

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

وعمر ينظر اليهما فلم ينكر ذالك عليهما۔ | کو دیکھ رہے تھے۔ لیکن ان کے اس فعل کو مکروہ نہیں جانتے تھے۔

(۲) بحالت احرام سر کھجلانا جائز ہے اگرچہ کچھ بال بھی جھڑ جائیں۔ ابوایوب سے مروی حدیث جو ابھی گزری ہے، وہ اس کے جواز پر دلالت کر رہی ہے امام مالک (۱/۳۵۸/۹۲) میں ام علقمہ بن ابی علقمہ سے روایت کرتے ہیں اس نے حضرت عائشہ سے روایت کیا:

تسأل عن المحرم ايحك جسده فقالت نعم فليحكه وليشدد ولو ربطت يداى ولم اجد الا رجلى لحككت سنده حسن فى الشواهد۔ | کہ ان سے محرم کے بارے میں سوال ہوا کیا وہ اپنے جسم پر خارش کر سکتا ہے؟ انہوں نے اثبات میں جواب دیا اور کہا اگر میرے ہاتھوں کو باندھ دیا جائے تو میں اپنے پاؤں کے ساتھ کھجلاؤں گا۔ شواھد میں سند حسن کے درجہ کی ہے۔

## شیخ الاسلام ابن تیمیہ کا قول ؂

محرم اگر بدن کھجلانے کی ضرورت محسوس کرے تو وہ ایسا کر سکتا ہے اسی طرح غسل کرنے میں اگر بال گریں تو کچھ حرج نہیں ہے۔

(۳) محرم سنگیاں لگوا سکتا ہے۔ اگرچہ اس کی وجہ سے بالوں کو مونڈنا کیوں نہ پڑے ابن بحینہ روایت کرتے ہیں (احتجم النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو محرم بلحی جمل) ۔موضع بطریق مکہ ــــ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بحالت احرام

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


(لحی جمل (فی وسط راسہ "، متفق علیہ ، مقام میں (جو مکہ کے راستہ میں واقع ہے) اپنے سر کے درمیان میں سنگیاں لگوائی (بخاری و مسلم)

## شیخ الاسلام ابن تیمیہ کا ارشاد

محرم انسان ضرورت کے وقت اپنے بدن پر خراش کر سکتا ہے اور سر اور دوسرے بدن پر سنگی لگوا سکتا ہے، بلکہ اگر ذکر کے ماحول بالوں کو مونڈنے کی ضرورت محسوس کرے، تو مونڈ سکتا ہے۔ صحیح روایت میں یہ ثابت ہے کہ سنگی لگوانا جائز ہے اور جب تک بالوں کو نہ مونڈا جائے، سنگی لگانا ممکن نہیں۔ اسی طرح غسل کرنے سے اگر بال گر جائیں، تو کچھ حرج نہیں، حنابلہ کا یہی مذہب[2] ہے، لیکن اس پر فدیہ ہوگا۔ امام مالک کا بھی مذہب ہے کہ اس پر فدیہ ہے، لیکن ابن حزم نے اس کا رد کرتے ہوئے فرمایا ہے[1]

## ابن حزمؒ کا قول

اس صورت میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ فدیہ جرمانہ وغیرہ ثابت نہیں اگر کچھ منقول ہوتا تو ہم اس سے بے خبر نہ ہوتے جبکہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گھنے بالوں والے تھے۔ اور غسل کی صورت میں بالوں کا گرنا ممکن ہے البتہ بحالت احرام سر منڈانا ممنوع ہے۔

(۴) پھول سونگھنا، ناخن خود بخود ٹوٹ جائے اس کو پھینکنا، عبداللہ بن عباس فرماتے ہیں۔

المحرم يدخل الحمام و ينزع ضرسه ويشم الريحان اذا انكسر ظفره طرحه و يقول اميطوا عنكم الاذى فان الله لا يصنع باذاكم شيئاً[1]

---

[1] المجموعۃ الکبریٰ ۲/۳۶۸، [2] المغنی ۳/۲۶۳، [3] المحلی ۷/۲۵۷

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

محرم غسل کر سکتا ہے۔ دانت نکلوا سکتا ہے، نیز اپنے سے "تکلیف دہ چیز کو دور کر سکتے ہو، اللہ تعالیٰ تم کو تکلیف میں ڈالنا نہیں چاہتا۔

(۵) محرم خیمے کے نیچے چھتری کے سایہ اور گاڑی وغیرہ میں سایہ حاصل کرنے کے لئے بیٹھ سکتا ہے۔ وہ لوگ جو اس بات کے قائل ہیں کہ چھت والی گاڑی میں نہ بیٹھا جائے یا چھت کو اتار دیا جائے وہ دین میں تشدد کر رہے ہیں۔ اتنے تکلف کی رب العالمین نے اجازت نہیں دی ہے۔ چنانچہ صحیح روایت میں مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے نمرہ میں خیمہ لگایا گیا ام حصین بیان کرتی ہیں۔

| | |
|---|---|
| حججت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم حجۃ الوداع فرأیت اسامۃ وبلالاً رضی اللہ عنہما واحدھما اٰخذ بخطام ناقتہ والاٰخر رافع ثوبہ یستره من الحر حتی رمی جمرۃ العقبۃ۔ مسلم۔ بیہقی (۵/۶۹) | میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں حج کیا۔ میں نے دیکھا کہ حضرت بلال اور اسامہ میں سے ایک نے آپ کی اونٹنی کی لگام کو پکڑا ہوا ہے۔ اور دوسرے نے آپ کے سر پر کپڑا تان رکھا ہے۔ تاکہ آپ گرمی سے محفوظ رہیں، یہاں تک کہ آپ نے جمرہ عقبہ کو کنکر مارے۔ |

**سوال:** بیہقی میں نافع سے روایت ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمر نے ایک محرم کو دیکھا وہ اونٹ پر سوار ہے اور اپنے سر پر دھوپ سے سایہ کر رکھا ہے، فرمایا اس کا فدیہ ادا کریں۔ قربانی دیں۔ دوسرے طریق سے مروی ہے، کہ حضرت عبد اللہ بن عمر نے عبد اللہ بن ابی ربیعہ کو دیکھا کہ اس نے بحالت

---

البیہقی ۵/ ۶۲-۶۳) سند صحیح ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


حرام سواری کے پالان کے درمیان میں ایک لکڑی گاڑ رکھی ہے اور دھوپ سے بچنے کے لئے اس پر سایہ کر رکھا ہے تو اس سے منع کیا۔

**جواب** ممکن ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر کو حضرت ام الحصین والی روایت نہ پہنچی ہو۔ وگرنہ وہ مخالفت نہ کرتے اور پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سایہ میں تشریف فرما رہے ہیں۔ اسی لئے امام بیہقی فرماتے ہیں کہ عبداللہ بن عمر کی روایت موقوف ہے۔ اور ام الحصین کی روایت مرفوع ہے پس مرفوع روایت کو ترجیح ہو گی۔ اور اسی پر عمل کیا جائے گا۔ پھر امام بیہقی نے اس حدیث پر عنوان باندھا ہے۔ کہ محرم جس کپڑے کے ساتھ چاہے سایہ کر سکتا ہے۔ ہاں کپڑا اس کے سر کے ساتھ نہ لگ رہا ہو۔

(۱۸) محرم اپنی کمر پر پیٹی باندھ سکتا ہے تاکہ نقد وغیرہ گرنے نہ پائے انگوٹھی پہن سکتا ہے۔ کلائی پر گھڑی باندھ سکتا ہے آنکھوں پر عینک لگا سکتا ہے اس لئے کہ ان سے کسی حدیث میں منع نہیں کیا گیا ہے البتہ ان میں سے بعض چیزوں کے بارے میں جواز کی دلیلیں موجود ہیں۔ حضرت عائشہ سے روایت ہے۔

| | |
|---|---|
| انها سئلت عن الهميان للمحرم فقالت وما باس ليستوثق من نفقته وسنده صحيح۔ | ان سے سوال کیا گیا کیا محرم کمر پر روپوں کی تھیلی باندھ سکتا ہے؟ انہوں نے جواب دیا کچھ حرج نہیں۔ زاد راہ کی رقم کو |

محفوظ کرنا ضروری ہے۔ سند صحیح ہے اور حضرت عطاء سے امام بخاری نے تعلیقاً ذکر کیا ہے۔ کہ محرم انگوٹھی پہن سکتا ہے۔ اور روپوں کی بانسلی کمر وغیرہ کے ساتھ لٹکا سکتا ہے۔ خیال رہے کہ گھڑی۔ عینک کے استعمال کا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

جواز انگوٹھی، کمر بند کے جواز سے لیا جاتا ہے اور پھر ان دونوں کے استعمال سے منع بھی تو نہیں کیا گیا۔ ارشاد ربانی ہے

وماکان ربك نسیا ۔ تیرا رب بھولنے والا نہیں ہے۔

یرید اللہ بکم الیسر ولا یرید بکم العسر ولتکبروا اللہ علی ما ھدٰکم ولعلکم تشکرون۔

دمشق ۱۵ شوال ۱۳۸۴ھ

محمد ناصر الدین الالبانی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



# مقدمہ طبع اوّل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین، القائل فی محکم کتابہ الکریم: (وللہ علی الناس حج البیت من استطاع الیہ سبیلاً، ومن کفر فان اللہ غنی عن العالمین)
(آل عمران: ۹۷)

والصلوٰۃ والسلام علی نبینا محمد القائل فیما صح عنہ: "خذوا عنی مناسککم، فانی لا ادری لعلی لا احج بعد عامی ھذا" وعلی آلہ الاطہار، واصحابہ الاخیار، ومن تلاھم وتبعھم باحسان۔

اما بعد: میں نے "صفۃ صلوٰۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم" کو جب تالیف کیا اور اس کو زیور طباعت سے آراستہ کیا تو میری امید سے کہیں زیادہ اس کے دو ہزار نسخے صرف دو سال کے عرصہ میں ہاتھوں ہاتھ بک گئے، حالانکہ اس کی نکاسی کیلئے نہ تو اشاعتی پروپیگنڈا کیا گیا اور نہ ہی کسی مشہور و معروف ناشر نے اس کی فروخت کا کوئی خاص اہتمام کیا۔ دراصل کتاب کے فوراً فروخت ہونے کی وجہ یہ تھی کہ قارئین نے محسوس کیا کہ جہاں کتاب میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کی کیفیات کو بالاستیعاب اس کے صحیح ماخذ کی نشاندہی کے ساتھ پیش کیا گیا ہے وہاں اسلوب عبارت پرکشش اور

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

رواں دواں ہے۔

کتاب کی مقبولیت اور شہرت نے قارئین کو برانگیختہ کیا تو انہوں نے مجھ سے مطالبہ کیا کہ آپ حج نبوی کے موضوع پر اسی انداز سے ایک کتابچہ ترتیب دیں۔ اگرچہ میں ان کے اس مطالبہ کو بنظر استحسان دیکھتا تھا، لیکن اس وقت چونکہ میں کچھ اور کتابوں کی ترتیب و تدوین میں مصروف تھا جن کی افادیت سے کوئی ہوشمند انسان انکار نہیں کرسکتا اس لئے میں نے معذرت پیش کرتے ہوئے کہا کہ جتنی جلدی تم چاہتے ہو شائد میں اتنی جلدی تمہارے مطالبہ کو پورا نہ کرسکوں۔ دراصل میں ان دنوں ایک کتاب بدعت کے موضوع پر ترتیب دے رہا تھا جس میں اپنی بساط کے مطابق کوشش میں مصروف تھا کہ قدیم زمانہ سے عوام الناس جن بدعات میں مبتلا ہیں۔ امکانی حد تک اوّلاً ان تمام بدعات کا استیعاب کیا جائے۔ پھر لوگوں کو ان سے اجتناب کی طرف راغب کیا جائے اور صرف سنت محمدیہ کے ساتھ تمسک کرنے پر آمادہ کیا جائے۔ اس کے علاوہ کچھ دیگر دینی مسائل میں تحقیق کی مشغولیت کی وجہ سے مجھے کم ہی فرصت ملتی تھی۔ مزید برآں حصول معاش[1] کیلئے بھی مجھے محنت کرنی پڑتی اور ہاتھ کی کمائی سے گذر بسر کرنے کیلئے وقت نکالنا ضروری تھا۔ اگرچہ ان کے مطالبہ کے مطابق میں بھی چاہتا تھا کہ یہ علمی کام ہونا چاہیئے۔ لیکن مذکورہ عوائق اس مقصد کے حصول میں رکاوٹ بنے ہوئے تھے اور پھر یہ کام کافی وقت خالی ملنے کے ساتھ ساتھ محنت مانگتا تھا تاکہ سنت پر مشتمل کتابوں کا تتبع کر کے موضوع سے متعلقہ مواد فراہم کیا جائے۔

---

[1] حضرت شیخ ناصر الدین البانی کے شاگرد شیخ علی مشرف نے بتایا کہ استاذ محترم حصول معاش کیلئے گھڑیوں کی مرمت صفائی کا شغل رکھتے ہیں۔ غالباً مہینہ میں دو دن اس مصروفیت میں رہتے ہیں (حبذا) پاکستان کے علماء کیلئے لمحۂ فکریہ ہے۔ (مترجم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ان تمام مشاغل کے باوجود میں چاہتا تھا کہ حج کے موضوع پر کتابچہ مرتب ہو جائے۔ چنانچہ اسی دوران علامہ نواب صدیق حسن خاں کی کتاب الروضۃ الندیہ کا مطالعہ کرنے کا موقع ملا۔ مطالعہ کے دوران خیال گزرا کہ صحیح مسلم میں روایت کردہ جابر کی حدیث درباب حج کی روشنی میں حج نبوی کے موضوع پر کتاب ترتیب دوں، شاید ان لوگوں کی آرزوئیں شرمندۂ تعبیر ہو سکیں گی جو وفورِ شوق کے ساتھ اس م کا مطالبہ کر رہے ہیں، اگرچہ میں جانتا تھا کہ اس کام کے لیے سخت محنت کے ساتھ ساتھ کافی وقت درکار ہوگا۔ اسی اثنا میں کمر ہمت باندھ کر میدان میں کود پڑا اور اس ضابطہ نے میرے عزم کو مزید تقویت بخشی کہ (ما لا یدرك كله لا یترك كله) یعنی اگر جملہ تفصیلات کا ذکر نہ ہو سکے تو جس قدر بھی ہو سکے غنیمت ہے۔ جب میرا ارادہ عزم کی صورت اختیار کر گیا تو میں نے تمام مشاغل کو بالائے طاق رکھا اور صحیح مسلم میں روایت کردہ حضرت جابر کی حدیث پر غور کیا جب حدیث کے متن کی تجزیے میں متعدد کتب حدیث کی طرف مراجعت کی تو معلوم ہوا کہ مسلم کی حدیث میں حج کے بعض مناسک کا ذکر نہیں ہے چنانچہ صحاح ستہ سے ان کا استخراج کیا۔ افادیت کے حامل زائد جملوں کو مسلم کی حدیث کے ساتھ یکجا کیا اور زائد جملوں کو مناسب مقام میں درج کیا۔ اس کے باوجود چند ضروری باتیں ایسی تھیں کہ جن کا اضافہ کرنا ممکن نہیں تھا جب تک کہ اس اسلوب میں تھوڑی سی تبدیلی نہ کر دوں جس کو میں نے اپنانے کا عزم کر رکھا تھا اس کے ساتھ ساتھ صحابہ کرام میں سے جن جن سے حج نبوی کی حدیث مروی تھی ان کے طرق کو زیر بحث لا کر حقائق سے پردہ کشائی کی اور جب مناسک حج کا مسودہ فراہم ہو گیا تو اس کی روشنی میں (صفۃ حجۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم منذ خروجہ من المدینۃ الی رجوعہ الیہا) (حج نبوی کا بیان آپ کے مدینہ منورہ سے نکلنے سے لیکر واپس آنے تک) نام کے کتابچہ کو ترتیب دیا۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


بحمد اللہ کتابچہ اس قدر عمدہ ترتیب کے ساتھ معرض وجود میں آیا کہ قارئین کو اس کا ملاحظہ کرنے کے بعد کہنا پڑے گا کہ یوں معلوم ہو رہا ہے جیسا کہ حج کے پورے سفر میں ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ سفر حج کے دوران پیش آنے والے تمام واقعات آپ کے خطبے سوالوں کے جوابات مناسک حج دیگر مفید معلومات اور عجیب و غریب نکت اور ظرائف سے کتابچے کو پرکشش بنایا اور حسب عادت صحت عدم صحت کے ریمارکس بھی ساتھ ساتھ دیئے۔ جب تمام ضروری مواد فراہم ہو گیا تو میری اُمید یقین کی شکل اختیار کر گئی اور خداوند تعالیٰ سے دُعا کی کہ وہ مجھے اس کی ترتیب اور نشر و اشاعت کی توفیق عطا فرمائے ھو حسبی لا الہ الا ھو۔

## ائمہ حدیث اور جابر کی حدیث

حج نبوی کے موضوع پر میں نے حضرت جابر کی حدیث کا انتخاب اس لئے کیا ہے کہ ائمہ حدیث اس کی تعریف میں رطب اللسان ہیں۔

## امام نووی کا ارشاد

حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے حج نبوی کے واقعہ کو دیگر تمام صحابہ سے بہترین انداز میں پیش کیا ہے۔ واقعات کے انضباط میں یہ خوبی موجود ہے کہ آپ کے مدینہ منورہ سے چلنے سے لیکر واپس آنے تک کے تمام واقعات آگئے ہیں، اس لحاظ سے یہ حدیث جامع ہے اور متعدد فوائد پر مشتمل ہے نیز دین اسلام کے اہم بنیادی قواعد پر حاوی ہے۔

## قاضی عیاض کا قول

ائمہ حدیث نے اس سے فقہی مسائل کا استخراج کرتے ہوئے کتابیں تحریر کی ہیں، چنانچہ ابوبکر بن منذر نے ایک ضخیم کتاب لکھی جس میں تقریباً یکصد پچاس

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



فقہی مسائل کا استخراج کرتے ہوئے ان پر بحث کی ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ اگر وہ بالاستیعاب فقہی مسائل کا استنباط کرتے تو جس قدر انہیں فوائد حاصل ہوئے ہیں، اس سے دوگنا زیادہ فوائد حاصل ہو سکتے تھے۔

اسی طرح امام مسلمؒ نے "باب حجۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم" کا انعقاد کر کے اس کے تحت حضرت جابر کی حدیث ذکر کی ہے۔

امام ابوداؤد نے اس حدیث پر "صفۃ حجۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم" کا عنوان قائم کیا ہے۔ حافظ ذہبی نے حضرت جابر کے حالات بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ مناسک حج میں حضرت جابر کی حدیث کو امام مسلم نے روایت کیا ہے۔ حافظ ابن کثیر نے البدایہ والنھایہ جزء خامس ص ۱۴۶ - ۱۴۹ میں بیان کیا ہے کہ حضرت جابر کی حدیث مناسک حج میں مستقل حیثیت کی حامل ہے۔

ائمہ کرام حضرت جابر کی حدیث پر روایت مسلم کی بنا پر مدح و ثنا کر رہے ہیں، اور جب دوسری روایات میں بیان کردہ فوائد کو اس کے ساتھ ملا دیا جائے (جیسا کہ ہم نے یہ کوشش کی ہے) تو حدیث کی افادیت اور اکملیت اظہر من الشمس ہو گئی، خصوصاً جب کہ اسلوب میں ندرت اور بانکپن بھی نمایاں ہے۔

## مناسک حج کی روایات اور انکی تخریج :-

حضرت جابر سے مناسک حج کی روایت ان کے سات شاگرد کر رہے ہیں، تفصیل یوں ہے :-

---

[1] شیخ عبدالحی کتانی نے "التراتیب الاداریہ" (۲/۸۵۶) میں تحریر کیا ہے کہ امام مسلمؒ نے حضرت جابر کی حدیث پر "حدیث جابر الطویل" باب منعقد کیا ہے۔ درحقیقت یہ ان کا وہم ہے۔ اس باب کا انعقاد تو امام مسلم نے حضرت جابر کی مروی دوسری طویل حدیث پر کیا ہے جو مسلم کی دوسری جلد کے آخر میں ہے (ج ۸ ص ۲۳۱ - ۲۳۶ منہ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



۳۷۱، ۳۸۱، ۳۹۳، ۳۹۸، ۴۱۱) مشکل الآثار (۱ : ۳۴۶، ۲ : ۳۷۳، ۳ : ۱۶۰) المعجم الصغیر للطبرانی (ص ۱۶، ۲۴۵، ۲۵۱) سنن دارقطنی (ص ۲۶۹، ۲۷۰) مستدرک حاکم (۱ : ۴۵۵) صحیح ابن خزیمہ، الترغیب والترہیب کے حوالہ سے سنن البیہقی الکبریٰ (۵ : ۶، ۳۲، ۳۹، ۴۰، ۴۵، ۷۴، ۸۳، ۹۰، ۹۲، ۹۳، ۱۰۱، ۱۱۱، ۱۱۲، ۱۱۴، ۱۱۵، ۱۱۸، ۱۲۱، ۱۲۴، ۱۲۵، ۱۲۹، ۱۳۴، ۱۴۴، ۱۴۶، ۱۴۷، ۱۷۰) مسند احمد (۳ : ۳۳۱، ۳۳۳، ۳۴۰، ۳۸۸، ۳۹۴، ۳۹۷، طبقات کبریٰ ابن سعد (۲ : ۱ : ۱۲۷) حلیۃ الاولیاء لابی نعیم ۳ : ۱۸۹، ۱۹۹، ۲۰۰، ۵ : ۶۵، ۷ : ۲۳۳، ۲۳۴، ۹ : ۲۲۹) میں مسلم کی روایت کے متفرق حصے مروی ہیں۔

## ابو الزبیر عن جابر کی تخریج :

مسلم (۴ : ۷، ۳۵، ۳۶، ۶۷، ۷۰، ۷۹، ۸۰، ۸۸) "المستخرج علی مسلم لابی نعیم (۱۹ : ۱۴۷ : ۱ - ۲ و ۱۷۰ : ۱) ابوداؤد (۱ : ۲۸۲، ۲۹۵، ۳۰۹) نسائی (۲ : ۴۲، ۴۶، ۴۹، ۵۰) ترمذی (۲ : ۱۰۱، ۱۰۳، ۱۰۴) دارمی (۲ : ۶۲) ابن ماجہ (۲ : ۲۲۸، ۲۴۷) مسند شافعی (۲ : ۱۲، ۴۴، ۵۳، ۶۴) شرح المعانی للطحاوی (۱ : ۳۶۰، ۳۹۹، ۴۰۴، ۴۰۶، ۴۱۴) مشکل الآثار (۳ : ۲۴۷) دارقطنی (ص ۲۶۲) مستدرک حاکم (۱ : ۴۸۰) سنن البیہقی (۴ : ۳۴۷، ۳۵۳، ۵ : ۲۷، ۳۱، ۹۵، ۱۰۰، ۱۰۱، ۱۰۷، ۱۱۶، ۱۲۵، ۱۲۷، ۱۳۰، ۱۳۱، ۱۴۹، ۱۵۶) مسند طیالسی (رقم ۱۷۲۷) مسند احمد (۳ : ۲۹۲، ۳۰۱، ۳۰۹، ۳۱۲، ۳۱۳، ۳۱۷، ۳۱۸، ۳۱۹، ۳۳۲، ۳۳۳، ۳۳۴، ۳۳۵، ۳۳۶، ۳۳۷، ۳۴۱، ۳۵۵، ۳۶۶، ۳۷۱، ۳۷۸، ۳۸۶، ۳۸۷، ۳۸۸، ۳۹۱، ۳۹۴، ۳۹۹) طبقات ابن سعد (۲ : ۱ : ۱۳۰)

## عطاء عن جابر کی تخریج :

بخاری (۳ : ۳۲۵، ۳۲۷، ۳۹۶، ۳۹۸، ۴۳۹، ۴۴۱، ۴۷۸، ۴۸۰، ۴۸۶)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



۳۷۱، ۳۸۱، ۳۹۳، ۳۹۸، ۴۱۱ ) مشکل الآثار (۱ : ۳۴۶ ، ۲ : ۳، ۴۷ ، ۳ : ۱۶۰ ) المعجم الصغیر للطبرانی (ص ۱۶ ، ۲۴۵ ، ۲۵۱ ) سنن دارقطنی (ص ۲۶۹ ، ۲۷۰ ) مستدرک حاکم (۱ : ۴۵۵ ) صحیح ابن خزیمہ ، الترغیب والترہیب کے حوالہ سے سنن البیہقی الکبریٰ (۵ : ۶، ۳۲، ۳۹ ، ۴۰ ، ۴۵ ، ۷۴، ۸۳ ، ۹۰ ، ۹۲ ، ۹۳ ، ۱۰۱ ، ۱۱۱ ، ۱۱۲ ، ۱۱۴ ، ۱۱۵ ، ۱۱۸ ، ۱۲۱ ، ۱۲۴ ، ۱۲۵ ، ۱۲۹ ، ۱۳۴ ، ۱۴۴ ، ۱۴۶ ، ۱۴۷ ، ۱۷۰ ) مسند احمد (۳ : ۳۳۱ ، ۳۳۳ ، ۳۴۰ ، ۳۸۸ ، ۳۹۴ ، ۳۹۷ ، طبقات کبریٰ ابن سعد (۲ : ۱ : ۱۲۷ ) حلیۃ الاولیاء لابی نعیم ۳ : ۱۸۹ ، ۱۹۹ ، ۲۰۰ ، ۵ : ۶۵ ، ۷ : ۲۳۳ ، ۲۳۴ ، ۹ : ۲۲۹ ) میں مسلم کی روایت کے متفرق حصے مروی ہیں۔

## ابو الزبیر عن جابر کی تخریج :

مسلم (۴ : ۷ ، ۳۵ ، ۳۶ ، ۶۷ ، ۷۰ ، ۷۹ ، ۸۰ ، ۸۸ ) "المستخرج علی المسلم لابی نعیم (۱۹ : ۱۴۷ : ۱ - ۲ و ۱۷۰ : ۱ ) ابوداؤد (۱ : ۲۸۲ ، ۲۹۵ ، ۳۰۹ ) نسائی (۲ : ۴۲ ، ۴۶ ، ۴۹ ، ۵۰ ) ترمذی (۲ : ۱۰۱ ، ۱۰۳ ، ۱۰۴ ) دارمی (۲ : ۶۲ ) ابن ماجہ (۲ : ۲۲۸ ، ۲۴۷ ) مسند شافعی (۲ : ۱۲ ، ۴۴ ، ۵۳ ، ۶۴ ) شرح المعانی للطحاوی (۱ : ۳۶۰ ، ۳۹۹ ، ۴۰۴ ، ۴۰۶ ، ۴۱۴ ) مشکل الآثار (۳ : ۲۴۷ ) دارقطنی (ص ۲۶۲ ) مستدرک حاکم (۱ : ۴۸۰ ) سنن البیہقی (۴ : ۳۴۷ ، ۳۵۳ ، ۵ : ۲۷ ، ۳۱ ، ۹۵ ، ۱۰۰ ، ۱۰۱ ، ۱۰۷ ، ۱۱۶ ، ۱۲۵ ، ۱۲۷ ، ۱۳۰ ، ۱۳۱ ، ۱۴۹ ، ۱۵۶ ) مسند طیالسی (رقم ۱۷۲۷ ) مسند احمد (۳ : ۲۹۲ ، ۳۰۱ ، ۳۰۹ ، ۳۱۲ ، ۳۱۳ ، ۳۱۷ ، ۳۱۸ ، ۳۱۹ ، ۳۳۲ ، ۳۳۳ ، ۳۳۴ ، ۳۳۵ ، ۳۳۶ ، ۳۳۷ ، ۳۴۱ ، ۳۵۵ ، ۳۶۶ ، ۳۷۱ ، ۳۷۸ ، ۳۸۶ ، ۳۸۷ ، ۳۸۸ ، ۳۹۱ ، ۳۹۴ ، ۳۹۹ ) طبقات ابن سعد (۲ : ۱ : ۱۳۰ )

## عطاء عن جابر کی تخریج :

بخاری (۳ : ۳۲۵ ، ۳۲۷ ، ۳۹۶ ، ۳۹۸ ، ۴۳۹ ، ۴۴۱ ، ۴۷۸ ، ۴۸۰ ، ۴۸۶ )

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



مسلم (۴ : ۳۶، ۳۸) ابونعیم (۱۷ : ۱۴۸ : ۱) ابوداؤد (۱ : ۲۸۲) نسائی (۲ : ۱۷، ۲۳، ۳۰، ۴۳) دارمی (۲، ۵۷) ابن ماجہ (۲ : ۲۳۰، ۲۴۶، ۲۴۷) مسند شافعی (۲ : ۳) طحاوی فی الشرح (۱ : ۳۶۱، ۳۹۹، ۴۲۳، ۴۴۲) مشکل الآثار (۲ : ۳، ۷۳، ۱۶۰ - ۱۶۱) صحیح ابن حبان (رقم ۱۰۱۲ - موارد الظمآن) مستدرک حاکم (۱ : ۴۶۰، ۴۷۳، ۴۷۴) بیہقی (۴ : ۳۲۶، ۳۳۸، ۵ : ۳، ۴، ۱۸، ۲۳، ۳۸، ۴۱، ۹۵، ۱۲۲، ۱۴۳، ۱۷۰) مسند طیالسی رقم (۱۶۷۶، ۱۶۸۴، ۱۶۸۵) مسند احمد (۳ : ۳۰۲، ۳۰۴، ۳۰۵، ۳۱۷، ۳۱۸، ۳۲۶، ۳۶۶، ۳۶۸، ۳۷۳، ۳۷۸، ۳۸۵، ۳۸۹) - ابن سعد (۲ : ۱ : ۲۶ اور ۱۳۴)

## ۴ : تخریج روایت مجاہد عن جابرؓ :

البخاری (۳ : ۳۳۸) مسلم (۴ : ۳۸) مستدرک للحاکم (۱ : ۴۷۳) سنن للبیہقیؒ (۵ : ۲۳، ۴۰) و احمد فی مسندہ (۳ : ۳۵۶، ۳۶۲، ۳۶۵)

## ۵ : تخریج روایت محمد بن المنکدر عن جابرؓ :

الجامع للترمذیؒ (۲ : ۱۱۲) سنن ابن ماجہؒ (۲ : ۲۱۴) سنن للبیہقیؒ (۵ : ۱۵۶) مسند احمد (۳ : ۳۰۴)

## (۶-۷) تخریج روایت ابی سفیان عن جابرؓ :

المسند (۳ : ۳۱۳، ۳۷۱، ۳۶۴)

کتاب کے حاشیہ میں حدیث کے بعض متعلق الفاظ کے معانی کو بیان کیا ہے نیز حدیث میں مذکورہ مقامات کی نشاندہی کی ہے۔ نیز اختصار ملحوظ رکھتے ہوئے اہم فقہی فوائد کو بھی شامل کیا ہے اور حدیث میں جن مناسک کا ذکر نہیں ہے۔ دوسری احادیث سے ان کا ذکر کیا ہے تاکہ مکمل فائدہ حاصل ہو۔ کتاب کا نام (حجۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم) رکھا ہے۔

اسأل اللہ تعالیٰ ان یجعلہ خالصاً لوجہہ الکریم و ینفع بہ المسلمین انہ سمیع مجیب۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | |
|---|---|
| **قال جابر رضی اللہ عنہ:** | حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں، |
| (۱) ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکث بالمدینۃ تسع سنین لم یحج[1]۔ | کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نو سال تک مدینہ منورہ میں حج نہیں کیا، |
| (۲) ثم اذن فی الناس فی العاشرۃ ان الرسول صلی اللہ علیہ وسلم حاج ھذا العام۔ | پھر سن دس ہجری میں اعلان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس سال حج کرنے جا رہے ہیں، |
| (۳) فقدم المدینۃ بشر کثیر و فی روایۃ فلم یبق احد یقدر ان یاتی راکبا او راجلا الا قدم: | تو مدینہ منورہ میں کثیر ازدحام ہو گیا، ایک روایت میں ہے جو شخص سواری پر یا پیدل آنے کی طاقت رکھتا تھا وہ آ گیا، |

---

[1] علماء اس بات پر متفق ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کے بعد حجۃ الوداع کے علاوہ کوئی حج نہیں کیا۔ صرف سن دس ہجری میں ایک حج کیا۔ اس میں علماء کا اختلاف ہے کہ حج کب فرض ہوا۔ اقرب الی الصواب قول یہ ہے کہ سن نو یا دس ہجری میں حج فرض ہوا چنانچہ حافظ ابن القیم نے زاد المعاد میں اس قول کو راجح کہا ہے۔ اکثر سلف صالحین کا نقطۂ نظر بھی یہی ہے، اس لحاظ سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فی الفور بلا تاخیر حج ادا کیا، لیکن دیگر اقوال کی روشنی میں تسلیم کرنا ہوگا کہ آپ نے حج کی ادائیگی میں تاخیر سے کام لیا، اسی لئے اس قول کے قائل لوگوں کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے تاخیر کے ساتھ حج ادا کرنے پر جوابات دینے پڑے جو کہ قوی نہیں ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



فتدارك الناس ليخرجوا معه كلهم يلتمس ان يأتم برسول الله صلى الله عليه وسلم ويعمل مثل عمله

لوگ اس لئے آئے کہ آپ کی معیت میں چلیں گے۔ ہر شخص یہی چاہتا تھا، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا میں حج کرے گا۔ اور آپ کی طرح مناسک ادا کرے گا

(۴) وقال جابر رضی اللہ عنہ سمعت قال الراوی احسبہ رفع الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم (وفی روایۃ قال خطبنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حج) فقال: مہل اهل المدينة من ذی الحلیفة[۴]

راوی نے روایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ میرا خیال ہے کہ حضرت جابر نے حدیث کو مرفوع بیان کیا ہے۔ ایک روایت میں ہے حضرت جابر نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حج میں خطبہ دیتے ہوئے فرمایا کہ اہل مدینہ کا میقات ذوالحلیفہ ہے۔

---

[۳] اس روایت کی سند میں ضعف ہے لیکن حضرت جابر کے علاوہ دیگر صحابہ سے مروی احادیث اس کی شاہد ہیں اور تقویت پہنچا رہی ہیں۔ چنانچہ حضرت ابن عمر کی روایت میں (جو بخاری ومسلم میں ہے) کہ آپ کا یہ خطبہ مسجد نبوی میں تھا۔ مسند احمد کی روائت میں ہے کہ آپ نے منبر پر خطبہ دیا حقیقت یہی معلوم ہوتی ہے کہ آپ نے یہ خطبہ اس وقت دیا جب آپ مدینہ منورہ سے روانہ ہونے لگے تاکہ لوگوں کو مناسک حج کا علم ہو جائے۔

[۴] قاموس میں ہے کہ ذوالحلیفہ مدینہ منورہ سے چھ میل کی مسافت پر ہے۔ حافظ ابن کثیر نے البدایہ والنہایہ (۵ : ۱۱۴) میں تین میل کہا ہے اور حافظ ابن القیمؒ نے زادالمعاد ۲/۷۸ بنیٔہ تقریباً ایک میل لکھا ہے۔ تینوں اقوال مختلف ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



| | |
|---|---|
| ومهل اهل الطريق الأخر الجحفة[1] ومهل اهل العراق من ذات عرق[2] | اور دوسرے راستہ والوں کا میقات جحفہ ہے اور عراق کے باشندوں کا میقات ذات عرق ہے ۔ |

---

[1] جحفۃ مکہ سے تین مرحلوں پر واقع ہے چنانچہ شیخ الاسلام ابن تیمیہ "مناسک حج" (۳۵۶/۲) میں فرماتے ہیں ۔ جحفۃ قدیم زمانہ میں آباد بستی تھی ۔ اسکو مھیعہ کہتے تھے ۔ اب وہ آباد نہیں رہی یہی وجہ ہے کہ اب لوگ اس سے پہلے رابغ مقام سے احرام باندھتے ہیں ۔ مغرب کے علاقوں سے آنے والے حجاج کا بھی یہی میقات ہے ۔ اسی طرح اھل شام ، اھل مصر جب مدینۃ الرسول کے قریب سے گزرتے ہیں تو اہل مدینہ کی مانند ذوالحلیفہ سے احرام باندھتے ہیں بالاتفاق ان کیلئے یہی مستحب ہے ۔ بلا احرام وہاں سے گذرنے اور جحفہ سے احرام باندھنے میں علماء مختلف ہیں ۔ لیکن مذکورہ حدیث کے پیش نظر ان کا جحفہ سے احرام باندھنا درست معلوم ہوتا ہے ۔

[2] ذات عرق نجد ، تہامہ کے درمیان حد فاصل کی حیثیت رکھتا ہے (قاموس) (معجم البلدان) ذات عرق مکہ مکرمہ سے سینتالیس میل کے فاصلہ پر ہے ۔ (فتح الباری) (اعتراض) جابر کی حدیث میں ذکر کردہ حصہ کہ اھل عراق کا میقات ذات عرق ہے سندا ور متن کے لحاظ سے درست نہیں کہا ہے ۔ سند میں راوی نے جزم کے ساتھ مرفوع نہیں کیا ہے ۔ اپنے خیال کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ حضرت جابر نے حدیث کو مرفوع بیان کیا ہے ۔

متن کے لحاظ سے بھی اس کو درست نہیں کہا جا سکتا ۔ اس لئے کہ ان دنوں عراق فتح نہیں ہوا تھا ۔

(پہلا جواب) ابن ماجہ کی روائیت اگرچہ ضعیف ہے لیکن اس میں شک کا صیغہ استعمال نہیں کیا گیا ۔ نیز مسند احمد کی ایک روایت میں بھی جزم کا صیغہ موجود ہے اگرچہ اس میں ابن لھیعہ راوی سوء حفظ کے ساتھ موصوف ہے لیکن جب ابن لھیعہ سے بیان کرنے والے راوی بیہقی کی روات

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

(بقیہ حاشیہ ص۱۱) میں عبداللہ بن وھب ہیں تو اس قسم کی روایت محققین کرام کے نزدیک قابلِ قبول ہے۔

علامہ ابن القیمؒ اعلام الموقعین (۳/۱۲-۱۴) میں تحریر کرتے ہیں۔ جب ابن لھیعہ سے اعبادلہ یعنی عبداللہ بن مبارک، عبداللہ بن یزید مقرئ، عبداللہ بن وھب بیان کریں تو وہ روایت صحیح ہوتی ہے۔ تفصیل کیلئے اعلام دیکھیں۔

(دوسرا جواب) اگر پہلے جواب سے شک وشبہ زائل نہ ہو تو سنیئے اس حدیث کے کثیر شواھد صحابہ کرام کی جماعت سے مروی ہیں۔ تلخیص الحبیر، نصب الرایہ (۲/۱۲-۱۵) میں ملاحظہ فرمائیں۔ حافظ ابن کثیر کی الجوھر النقی میں بھی شواہد پائے جاتے ہیں۔ یہ مختصر رسالہ ان کے ذکر کا متحمل نہیں تاہم علامہ طحاوی (۱/۳۶۰) نے جس شاہد کا ذکر کیا ہے اور جو تمام شواہد سے ارفع ہے اس کا ذکر کرنا ہم ضروری سمجھتے ہیں، اس شاہد کو ابو نعیم نے الحلیۃ (۴/۹۴) میں صحیح سند کے ساتھ عبداللہ بن عمر سے روایت کیا ہے۔ مواقیت کے ذکر میں عبداللہ بن عمر بیان کرتے ہیں کہ ہمارے رفقاء نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل عراق کیلئے ذات عرق میقات مقرر فرمایا ہے۔ ابو نعیم نے حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔ پس حدیث کو مطلقاً کمزور کہنے والے غلطی پر ہیں۔ ہم اس بات کے قائل ہیں کہ حدیث بذاتہٖ تو قوی نہیں ہے۔ البتہ طرق کثیرہ نے اس کو قوی بنا دیا ہے۔ نیز حدیث کی صحت کی تقویت حضرت عمر کے قول سے بھی ہو رہی ہے جو صحیح بخاری میں مروی ہے کہ حضرت عمر نے عراق والوں کیلئے ذات عرق میقات مقرر فرمایا اور حضرت عمر کی موافقات مشہور ہیں شائد ان کا یہ تعین بھی ان موافقات سے ہو جن کے توافق پر وحی کا نزول ہوا۔

(تیسرا جواب) حدیث پر متن کے لحاظ سے اعتراض کرنا کہ ان دنوں جب آپ نے اس میقات کا تعین فرمایا۔ عراق فتح نہیں ہوا تھا لغو ہے۔ اس لئے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد اُمت کی تعلیم کیلئے تھا۔ اس حکم کا تقاضا یہ نہیں ہے کہ آپ کے حکم دینے کے وقت عراق کا علاقہ ضرور فتح ہو چکا ہو جیسا کہ شام بھی ان دنوں فتح نہیں ہوا تھا، اس کے باوجود آپ نے شام والوں کا میقات جحفہ مقرر فرمایا۔ حافظ ابن عبدالبر فرماتے ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ومھل اھل نجد من قرن و مھل اھل الیمن من یلملم[ن]

اور اہل نجد کا میقات قرن اور یمن والوں کا یلملم ہے۔

۵- قال فخرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لخمس بقین من ذی القعدہ او اربع[ق]

راوی نے بیان کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چار یا پانچ ذی القعدہ گھر سے باہر نکلے۔

---

بقیہ حاشیہ

## حافظ ابن عبد البر کا قول

معترض کا اعتراض عدم علم پر مبنی معلوم ہوتا ہے اس لئے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب شام والوں کا میقات مقرر فرمایا تو اس وقت شام کا علاقہ دار الکفر تھا۔ جیسا کہ عراق کا علاقہ بھی دار الکفر تھا۔ ان علاقوں میں آپ نے مواقیت کا تعین اس بنیاد پر فرمایا کہ مستقبل قریب میں یہ علاقے اسلام کے زیر نگیں آجائیں گے چنانچہ حضرت عمرؓ کے دور خلافت میں یہ علاقے فتح ہوئے۔ اسی طرح نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد کہ عراق نے اپنے درالحکم اور اوزان کو محفوظ کر لیا ہے) کا مطلب اہل علم کے نزدیک یہ ہے کہ مستقبل قریب میں یہ علاقے فتح ہو جائیں گے اور وہاں کے سکے اور اوزان محفوظ ہو جائیں گے۔

(ابن الترکمانی فی الجوھر ۲۸/۵-۲۹)

حاشیہ صفحہ ہٰذا

ن خیال رہے کہ یلملم مکہ سے تیس میل کے فاصلہ پر ہے۔

ق رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ نے سفر پر روانہ ہونے سے پہلے دو چادریں زیب تن فرمائیں۔ بالوں کو تیل لگایا۔ کنگھی کی کسنبہ رنگ کے علاوہ ہر قسم کی رنگ دار یا سفید چادروں کے استعمال کی اجازت فرمائی۔ معلوم ہوا کہ میقات سے قبل بھی احرام کی چادریں پہننا جائز ہے۔ البتہ احرام کی نیت راجح مذہب کے مطابق میقات سے پہلے نہ کی جائے جب کہ طیاروں میں سفر کرنے والوں کیلئے اجازت ہے کہ وہ احتیاطاً میقات کے آنے سے پہلے احرام ملبوس کر کے نیت کر لیں تاکہ کہیں ایسا نہ ہو کہ انہیں پتہ نہ چلے میقات گزر جائے اور ابھی انہوں نے احرام ہی نہ باندھا ہو۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

**احرام باندھتے وقت نیت:** زبان کے ساتھ نیت چونکہ مشروع نہیں ہے اس لئے نہ احرام اور نہ کسی دوسری عبادت وضو، نماز، روزہ میں زبان کے ساتھ نیت کی جائے، اس لئے نیت تو دل کا فعل ہے زبان سے نیت کرنا بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے اور ہر گمراہی جہنم کا باعث ہے:

**حافظ ابن حجر کا قول:** عبداللہ بن عمر کی حدیث سے معلوم ہو رہا ہے کہ موافقت سے قربانیوں کو ساتھ کر لیا جائے بلکہ دور دراز سے آنے والے لوگ وہیں سے قربانیاں ساتھ لائیں یہ ایسی سنت ہے جس سے اکثریت ناواقف ہے لیکن حافظ ابن حجر کا استدلال صحیح نہیں اس لئے کہ قربانی کو ساتھ چلانا، اگرچہ آپ سے ثابت ہے لیکن اس پر آپ سے ندامت بھی ثابت ہے چنانچہ آپ نے ندامت کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا: اگر مجھے وہ چیز جو اب معلوم ہوئی ہے پہلے معلوم ہو جاتی تو میں اپنے ساتھ قربانی نہ لاتا۔ پس جن کے ساتھ قربانی نہیں ہے وہ حلال ہو جائیں، آپ کے اس ارشاد سے دو باتیں معلوم ہو رہی ہیں۔

**پہلی بات:** جو شخص حج کے عمرہ کا فائدہ اٹھا رہا ہے اس کیلئے قربانی ساتھ لے چلنے سے زیادہ بہتر یہ ہے کہ وہ درمیان میں حلال ہو جائے یعنی وہ قران نہ کرے اس لئے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تاسف کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا کہ میں قربانی نہ لاتا اور قران نہ کرتا پس افضلیت اسی میں ہے کہ قربانی کو ساتھ نہ رکھا جائے۔

دو۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے احرام میں بس یہ قدر مشروع ہے کہ آپ فرماتے ہیں لبیک عمرۃ وحجا (میں عمرہ اور حج کیلئے حاضر ہوں) پس مناسب یہ ہے کہ ثابت شدہ الفاظ میں اضافہ نہ کیا جائے چنانچہ شیخ الاسلام ابن تیمیہ نے (الفتاویٰ) ص ۲۴۳-۲۴۵/۲ میں اس کو ثابت کیا ہے۔ جبکہ مناسک حج (۲/۳۵۹) میں پہلے قول کی مخالفت کی ہے تو جب کسی امام کے کسی مسئلہ میں دو قول ہوں تو جو قول مدلل اور محقق ہو اس کو تسلیم کرنا چاہیئے۔ اس سلسلے میں قائل کے احترام کو ملحوظ خاطر نہ رکھا جائے اور غیر مدلل قول کی طرف بالکل التفات نہ کیا جائے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


فخرجنا معہ معنا النساء والولدان[1] ہم آپ کی معیت میں روانہ ہوئے ہمارے

بقیہ حاشیہ

**دوسری بات :** قارن ہو یا مفرد جب قربانی ساتھ نہیں ہے تو عمرہ کرکے حلال ہوجائے پھر ذی الحج کی آٹھ تاریخ یوم الترویہ حج کا احرام باندھے۔ لبیک پکارے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد یہی ہے بلکہ صحیح حدیث میں مروی ہے کہ آپ ان لوگوں پر ناراض ہوئے جنہوں نے آپ کے حکم کی تعمیل میں سستی دکھائی اور حلال ہونے کو اچھا نہ سمجھتے ہوئے پس وپیش کی پھر آپ نے تاکیداً فرمایا قیامت تک کیلئے عمرہ اور حج اکٹھے ہوگئے ہیں، ایک دوسرے سے الگ نہیں ہوسکتے چنانچہ ہر وہ شخص جو حج کیلئے آئے وہ حج کے ساتھ عمرہ کرے۔ اگر قربانی ساتھ نہیں ہے ..........

.......... تو درمیان میں حلال ہوجائے اور اگر قربانی ساتھ ہے تو حلال نہ ہو۔ حافظ ابن حزم بھی اسی کے قائل ہیں۔ حضرت ابن عباس، مجاہد، عطاء، اسحاق بن راہویہ وغیرہ کا یہی قول ہے۔ حافظ ابن القیم نے زاد المعاد میں سیر حاصل ، اور مدلل بحث کی ہے تفصیل وہاں دیکھیں۔

[1] ابن ماجہ میں حضرت جابر سے مروی ہے کہ ہم نے عورتوں کی طرف سے لبیک لبیک کہا اور بچوں کی طرف سے رمی کی، اس کی سند صحیح نہیں ہے۔ امام ترمذی نے کہا هذا حديث غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه (یہ حدیث غریب ہے اس سند کے علاوہ اس کی کوئی دوسری سند نہیں ہے) لیکن ہماری تحقیق یہ ہے کہ اس حدیث میں دو علتیں پائی جاتی ہیں۔ ابو الزبیر عن کے ساتھ روایت کرتا ہے اور اشعث بن سوار ضعیف ہے۔ اگر متاخرین، متقدمین فقہا سے شیخ ابن قدامہ وغیرہ نے اس حدیث پر خاموشی اختیار کی ہے تو اس سے حدیث کی صحت ثابت نہیں ہوسکتی۔ مغنی (۳/۲۵۴) میں ذکر ہے۔ ابن المنذر کہتے ہیں میرے نزدیک اہل علم کا یہ قول محفوظ ہے کہ وہ بچہ جو رمی جمار نہیں کرسکتا۔ اس

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

حتیٰ اتینا ذا الحلیفۃ فولدت اسماءُ بنت عمیس محمد بن ابی بکر فارسلت الیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیف اصنع۔

ساتھ بچے اور عورتیں بھی تھیں تو جب ہم ذوالحلیفہ آئے اسماء بنت عمیس کے ہاں محمد پیدا ہُوا اس نے آپ کی طرف پیغام بھیجا کہ میں کیا کروں؟

فقال اغتسلی واستثفری[1] بثوب واحرمی فصلیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی المساجد وھو صامت[2] ثم رکب القصواءَ[3]

آپ نے فرمایا غسل کرے اور مضبوطی کے ساتھ کپڑا باندھے اور احرام باندھے۔ پس رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم نے نہایت خاموشی کے ساتھ مسجد میں نماز پڑھائی

---

بقیہ صہ کی طرف سے رمی کی جا سکتی ہے۔ عبداللہ بن عمر اس کو جائز سمجھتے ہیں۔ عطاء، زہری، مالک، شافعی، اسحاق کا بھی یہی قول ہے، لیکن اگر اس مسئلہ میں اختلاف نہ ہوتا، تو پھر کچھ حرج نہ تھا۔ حدیث کا حال آپ کے سامنے ہے کہ وہ کمزور ہے، اس سے استدلال کرنا صحیح نہیں اور عورتوں کی طرف سے لبیک کہنے کے متعلّق امام ترمذی فرماتے ہیں۔ اہل علم کا اس مسئلہ پر اجماع ہے کہ عورت کی طرف سے کوئی دوسرا انسان لبیک نہیں کہہ سکتا، وہ خود لبیک کہے؛ البتّہ وہ بلند آواز کے ساتھ نہ کہے۔

[1] صیغہ امر ہے نہایہ میں ہے کہ عورت پہلے تو اپنی شرمگاہ کو روئی کے ساتھ پُر کرے اور کناروں کو مضبوط کرے، پھر کسی چوڑے کپڑے کو مضبوط کرکے باندھے، یہاں تک کہ خون کا سیلان رک جاتے۔ [2] مقصد یہ ہے کہ آپ نے مسجد میں لبیک نہیں کہی ہے؛ البتہ جب آپ کی اونٹنی بیداء پر برابر ہوئی، تو اس وقت آپ نے لبیک کا آغاز فرمایا۔ [3] آپ کی اونٹنی کا نام ہے۔ اس کے علاوہ اس کے نام عضباء، جدعاء بھی منقول ہیں، کہا گیا ہے کہ یہ آپ کی دوسری اونٹنیوں کے نام ہیں، بتفصیل نووی شرح مسلم میں دیکھیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

حتیٰ اذا استوت بہ علی البیداء — پھر آپ قصواء نامی اونٹنی پر سوار ہوئے جب وہ بیدا پہاڑی پر چڑھ گئی۔

اھل بالحج وفی روایۃ افرد — تو آپ نے اور آپ کے صحابہ نے

الحج ھو واصحابہ قال جابر فنظرت — حج کے لئے لبیک کہا اور ایک روایت

الیٰ مد بصری من بین یدیہ۔ — میں حج افراد کا لفظ ہے۔ حضرتِ جابر

بیان کرتے ہیں کہ میں نے آپ کے سامنے تا بحد نظر اژدحام دیکھا۔

---

[1] اس مقام پر لبیک اونچی آواز سے پکارنے کا ذکر ہے، احرام کا ذکر نہیں، اس لئے کہ احرام تو آپ نے اسی وقت باندھ لیا تھا، جب گھر سے روانہ ہوئے تھے اور احرام سے قبل حضرت عائشہ نے آپ کو بہترین خوشبو لگائی، احرام سے تین روز بعد تک آپ کی مانگ میں خوشبو کی چمک نظر آتی رہی۔

اعتراض: مذکورہ حدیث سے ثابت ہو رہا ہے کہ آپ نے صرف حج کی لبیک پکاری تھی، لیکن صحیحین میں حضرت انس سے مروی حدیث میں یہ ہے کہ آپ نے حج عمرہ دونوں کی لبیک کہی، جیسا کہ حافظ ابن القیم نے زاد المعاد میں اس مضمون کی بیس حدیثیں بیس صحابہ کرام سے نقل فرما کر ثابت کیا ہے کہ آپ قارن تھے اور پھر حضرت عائشہ کا قول جو بخاری اور مسند احمد میں ہے کہ یا رسول اللہ آپ حج، عمرہ دونوں کر رہے ہیں اور میں صرف حج کر رہی ہوں، اس مسئلہ کو واضح کر رہا ہے۔ نیز حضرت جابر جو حج کی حدیث کے راوی ہیں، خوب جانتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قارن تھے، تو پھر حضرت جابر یہ کیوں کہتے ہیں کہ آپ نے صرف حج کی لبیک کہی اور حج افراد کا احرام باندھا۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

من راکب وماش وعن یمینه مثل ذالك وعن یساره مثل ذالك ومن خلفه مثل ذلك ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بین اظهرنا وعلیه ینزل القرآن وهو یعرف تاویله وما عمل به من شیئ۔

کچھ سوار اور کچھ پیدل تھے۔ آپ کے دائیں بائیں اور پیچھے بھی اسی طرح کا اژدحام تھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان تھے، آپ پر قرآن پاک نازل ہوتا تھا اور آپ اس کے معانی کو خوب سمجھتے تھے اور جو عمل آپ کر رہے تھے۔

---

بقیہ حاشیہ صـ **پہلا جواب**: شروع احرام میں آپ مفرد تھے، خصوصًا وادی عقیق میں پہنچنے سے پہلے آپ صرف حج افراد کی نیت رکھتے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب آپ اس وادی میں اترے، تو آپ کو حج قران کا حکم دیا گیا۔ آپ نے فرمایا، میرے پاس حضرت جبرائیل علیہ السلام آئے۔۔ انہوں نے اللہ کا حکم پہنچایا کہ آپ اس مبارک وادی میں نماز پڑھیں اور عمرۃ وحج دونوں کی لبیک کہیں۔

**دوسرا جواب**: حضرت جابرہ کا بیان کرنا کہ آپ نے صرف حج کی لبیک کہی عمرہ کی لبیک نہیں کہی۔ اس کو ان کے سننے پر محمول کیا جائے گا، یعنی جس طرح انہوں نے سنا روایت کر دیا۔ یہ جواب نہایت کمزور ہے، اس لئے کہ اس مضمون کی روایت صرف جابر ہی سے مروی تو نہیں ہے، بلکہ صحابہ کرام کی ایک جماعت سے یہ حدیث مروی ہے، چنانچہ صحیحین میں حضرت عائشہ سے یہی مروی ہے، تو اس شہادت کے بعد صحابہ کرام کی طرف عدم علم کی نسبت کرنا خاصا مشکل ہے، اسی لئے ابن المنذر، ابن حزم، قاضی عیاض نے پہلے جواب کو پسند فرمایا ہے اور حافظ ابن حجر نے بھی فتح الباری میں اسی کو

www.KitaboSunnat.com

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


عملنا بہٗ فاھل بالتوحید — ہم بھی آپ کی اقتدا کر رہے ہیں

لبیک اللھم لبیک لبیک لا — آپ نے اونچی آواز کے ساتھ لبیک

---

بقیہ حاشیہ صفحہ ٦ ترجیح دی ہے، لیکن ابن القیم کا حضرت جابر کی اس حدیث میں دراوردی کو منفرد دیکھ کر کمزور کہنا درست نہیں، جبکہ طبقات ابن سعد (۲/۱/۱۷۰) میں اس کا متابع عبدالعزیز بن ابی حازم موجود ہے۔

لہ امام نووی فرماتے ہیں حدیث سے معلوم ہوا کہ سواری پر یا پیدل حج کرنا دونوں طرح درست ہے؛ البتہ ان میں سے کونسی صورت افضل ہے۔ جمہور علماء اس طرف گئے ہیں کہ سوار ہو کر حج کرنا افضل ہے، اس میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا بھی ہے اور مناسک حج کی ادائیگی بھی آسان ہے۔ نیز اس صورت میں خرچ زیادہ ہوتا ہے۔ امام داؤد فرماتے ہیں کہ پیدل چل کر جانا افضل ہے اسلئے کہ اس میں مشقت زیادہ ہے، لیکن صرف مشقت کو فضلیت کا سبب قرار دینا فاسد ہے۔ معلوم ہوا کہ سواری پر سوار ہو کر بلکہ ہوائی جہاز میں سفر کر کے جانا نہ صرف یہ کہ جائز ہے، بلکہ مستحب ہے۔ اس کے خلاف بعض لوگوں کا اس حدیث کو بیان کرنا کہ سواری پر حج کرنے والے انسان کو ہر قدم کے بدلے ستر نیکیاں اور پیدل چل کر جانے والے کو ہر قدم کے بدلے سات سو نیکیوں کا ثواب ملتا ہے صحیح نہیں، اس لئے کہ یہ حدیث ضعیف ہے، اسی طرح یہ حدیث کہ پیدل چل کر جانے والے کو ستر حج اور سواری پر جانے والے کو تیس حج کا ثواب ملتا ہے سخت کمزور ہے، دیکھئے (سلسلۃ الاحادیث الضعیفہ (رقم ۴۹۶-۴۹۷))

البتہ حافظ ابن تیمیہ نے (مناسک حج) میں تحریر کیا ہے کہ کچھ لوگ ایسے ہیں جن کا پیدل ح

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

شریك لك لبیك ان الحمد والنعمۃ لك والملك لاشریك لك واهل الناس بهذا الذی یهلون بہ۔

اللهم لبیك لبیك لاشریك لك لبیك ان الحمد والنعمۃ والملك لاشریك لك کہا تو لوگوں نے بلند آواز کے ساتھ یہ کلمات کہے۔

---

بقیہ حاشیہ ص

کرنا افضل ہے اور کچھ لوگ ایسے ہیں جن کا سواری پر حج کرنا افضل ہے۔ لوگوں کے حالات کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا، یہی صورت اقرب الی الصواب ہے۔ ہاں اس جملہ میں لطیف اشارہ موجود ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم قرآن پاک کی تاویل خوب جانتے تھے اور صحابہ کرام کو اس سے آگاہ فرماتے، صحابہ کرام اگرچہ عربی زبان سے آشنا تھے، تاہم پھر بھی وہ قرآن پاک کی تفسیر میں آپ کے بیان سے مستغنی نہ تھے۔ یہی وجہ ہے کہ صحابہ کرام جس طرح دوسری عبادات میں آپ سے رہنمائی حاصل کرتے ہیں، حج کی عبادت میں بھی وہ آپ کے نقشِ قدم پر چل رہے ہیں اور جو عمل آپ فرما رہے ہیں، صحابہ کرام اس میں آپ کی اتباع کر رہے ہیں۔

## صُوفیاء کی گمراہی

لیکن بعض صوفیاء یہ نظریہ رکھتے ہیں کہ ہم علم لدّنی رکھتے ہیں اور ہمارے دلوں پر القاء ہوتا ہے؛ لہٰذا ہم رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کی سنّت سے مستغنی ہیں، ہم آپ کے عمل، طریق کی چنداں ضرورت نہیں سمجھتے، بلکہ طبقات الکبریٰ میں علّامہ شعرانی نے لکھا ہے کہ اس کے مجذوب اور قابل اساتذہ میں سے ایک ایسے استاذ بھی تھے جو ہمارے اس قرآن کے علاوہ کوئی دوسرا قرآن پڑھا کرتے اور اس کا ایصالِ ثواب مسلمانوں کے اموات کو ہدیہ بھیجتے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



وفی روایۃ ولبی الناس ـــــــ والناس یزیدون لبیك ذا المعارج لبیك ذا الفواضل فلم یرد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علیہم شیئاً منہ۔

اور ایک روایت میں ہے صحابہ کرام نے لبیک کہنے میں (لبیك ذا المعارج لبیك ذا الفواضل) (بلندیوں اور فضیلتوں والے میں حاضر ہوں) کا اضافہ کیا آپ نے انکار نہیں کیا۔

---

بقیہ حاشیہ ص ۶۹

**منکرینِ حدیث** میں کچھ لوگ ایسے ہیں جو قرآن پاک کے فہم کے لئے سنتِ نبوی کی ضرورت محسوس نہیں کرتے، وہ اپنے آپ کو اہلِ قرآن کہتے ہیں، ان کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ قرآن پاک کے سمجھنے کے لئے صرف عربی زبان کو جاننا ضروری ہے، یہ لوگ گمراہ ہیں۔ اگر صرف عربی زبان کو جاننا فہم قرآن کے لئے کفایت کرتا تو کیا حضرت جابر اور دیگر صحابہ کرام جو عربی زبان کے آداب سے آشنا تھے، ان کو کیا ضرورت تھی کہ وہ قرآن پاک کی تفسیر میں آپ کی عملی زندگی کو اپنے لئے نمونہ بناتے جیسا کہ اس حدیث میں وضاحت موجود ہے اور یہ منکرین حدیث تو عجمی ہیں، عربی زبان سے ناواقف ہیں، غلط عقائد، نظریات اپنا کر دین اسلام سے خارج ہو چکے ہیں۔ ان کے دین کا ہمارے دینِ اسلام سے کچھ لگاؤ نہیں ہے، نہ ان کی نماز ہماری نمازوں کی طرح ہے اور نہ ہی اُن کا حج اور روزہ ہمارے حج اور روزہ کی مانند ہے، بلکہ مسئلہ توحید میں بھی ان کا راستہ جداگانہ ہے۔ اہلِ قرآن منکرین حدیث کا یہ گروہ ہندوستان میں ظاہر ہوا۔ اب اس کے بُرے اثرات مصر اور سوریا تک پہنچ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ولزم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تلبیتہ قال جابر و نحن نقول لبیک اللھم لبیک بالحج نصرخ صراخا نسنا ننوی الا الحج مفردًا لا نخلطہ بعمرۃ

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لبیک پکارتے رہے۔ حضرت جابر بیان کرتے ہیں کہ ہم لبیک اللھم لبیک بالحج کے کلمات بلند آواز سے کہتے رہے۔ ہمارا ارادہ صرف حج کا تھا عمرہ کا نہ تھا۔ ایک روایت

---

(بقیہ حاشیہ ص) چکے ہیں، ان کی کتابیں گمراہ کن ہیں کفی اللہ المسلمین شر الفریقین۔

لہ معلوم ہوا کہ لبیک نبوی پر الفاظ کا اضافہ کرنا جائز ہے، اس لئے کہ اضافہ کرنے والے پر آپ نے انکار نہیں کیا، لیکن بعد کا جملہ کہ آپ نے اپنے لبیک کے کلمات کا ہی التزام رکھا پتہ دے رہا ہے کہ افضلیت اسی میں ہے کہ اضافہ نہ کیا جائے۔ امام مالک شافعی اسی طرف گئے ہیں۔ مسند احمد میں ابن عباس سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ پر بند رہا جائے، اگرچہ اس قول کی سند کو بعض معاصر علمائے نے صحیح کہا ہے: تاہم سند میں مختلط راوی ہے۔ نسائی میں ابوہریرہ سے مروی حدیث میں آپ کے لبیک میں لبیک الٰہ الحق کے الفاظ زیادہ ہیں۔ شیخ الاسلام فرماتے ہیں کہ لبیک دراصل اس پکار کا جواب ہے جس کے ساتھ اللہ پاک نے مخلوق کو حج کے لئے حضرت ابراہیم خلیل اللہ کی وساطت سے پکارا اور لبیک کہنے والا دراصل اپنے آپ کو خدا کے سپرد کرنے والا ہے، جیسا کہ وہ آدمی جس کو گریبان سے پکڑا جائے، اپنے آپ کو سپرد کر دیتا ہے اور کھنچا چلا آتا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ اے اللہ میں بار بار تیرے حکم کو تسلیم کر رہا ہوں تیرے حکم کی اطاعت کر رہا ہوں، تیری پکار کا جواب دے رہا ہوں اور اس پر مداومت کر رہا ہوں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



| | |
|---|---|
| وفی روایۃ لسنا نعرف العمرۃ۔ | میں ہے کہ حج کے دنوں میں ہم عمرہ کرنے کو |
| وفی اخریٰ اھللنا اصحاب النبی | جانتے ہی نہ تھے اور دوسری روایت میں |
| صلی اللہ علیہ وسلم بالحج خالصًا | ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ |
| لیس معہ غیرہ خالصًا وحدہ | کرام نے صرف حج کا احرام باندھا اور |
| قال واقبلت عائشۃ بعمرۃ حتیٰ | حضرت عائشہ نے عمرہ کا احرام باندھا حضرت |
| اذا کانت بسرف عرکت۔ | عائشہ جب مقام میں پہنچیں تو وہ حائضہ ہو گئیں |

## مکہ مکرمہ میں داخل ہونا بیت اللہ کا طواف

| | |
|---|---|
| حتیٰ اذا اتینا البیت معہ صبح | تو جب ہم آپ کے ساتھ چار ذی الحجہ کو |
| رابعۃ مضت من ذی الحجۃ و | بیت اللہ آئے اور ایک روایت میں ہے |

لہ احرام کے آغاز میں وہ صرف حج کا ارادہ رکھتے تھے، جبکہ ابھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو حج کے مہینوں میں عمرہ کی مشروعیت سے آگاہ نہیں کیا تھا۔ اس مضمون کی حدیثیں کثرت کے ساتھ مروی ہیں؛ چنانچہ حضرت عائشہ کی حدیث کو حجۃ الوداع میں ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں نکلیں، تو آپ نے فرمایا جو شخص حج عمرہ دونوں کا احرام باندھنا چاہتا ہے، تو وہ ایسا کر سکتا ہے اور جو صرف عمرہ کا احرام باندھنا چاہتا ہے تو اس کو بھی ایسا کرنے کی اجازت ہے۔ حضرت عائشہ بیان کرتی ہیں کہ میں ان لوگوں میں سے تھی جنہوں نے صرف عمرہ کا احرام باندھا تھا۔ بخاری، مسلم واللفظ لہٗ۔

ﷺ را، کے کسرہ کے ساتھ تنعیم کے قریب ایک جگہ ہے۔ نہایہ میں ہے کہ وہ مکہ سے تقریباً دس میل کے فاصلہ پر ہے۔

ﷺ حائضہ ہو گئی۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

فی روایة دخلنا مکة عند ارتفاع الضحیٰ فاتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم باب المسجد فاناخ راحلتہ ثم دخل المسجد واستلم الرکن[1] وفی روایة الحجر الاسود ثم مضیٰ عن یمینہ فرمل حتی عاد الیہ ثلاثا ومشیٰ اربعا علیٰ ھینتہ[2]

کہ ہم چاشت کے وقت مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد الحرام کے دروازے پر اپنی سواری کو بٹھایا اور مسجد میں داخل ہو کر رکن یعنی حجر اسود کا بوسہ لیا اور ایک روایت میں حجرِ اسود کا لفظ آتا ہے پھر دائیں طرف سے چلے، تین چکر تیز اور چار چکر آرام سے چلے۔

---

[1] اپنا ہاتھ لگایا، طواف میں ہاتھ لگانا مسنون ہے۔ (نووی شرح مسلم)

[2] عبداللہ بن عمر کی روایت میں ہے کہ آپ نے اس طواف میں رکن یمانی کو بھی ہاتھ لگایا؛ البتہ اس کا بوسہ نہیں لیا۔ بوسہ صرف حجرِ اسود کا لیا اور ہر چکر میں ایسے ہی کیا۔ خیال رہے کہ حجرِ اسود میں مسنون یہی ہے کہ اس کا بوسہ لیا جائے۔ اگر بوسہ لینا ممکن نہ ہو تو اس کو ہاتھ لگا کر ہاتھ کو چوم لے۔ اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو چھڑی لگائے اور اس کو چوم لے۔ اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو اشارہ کرنا بھی کافی ہے۔ دوسرے رُکنوں میں سوائے رکنِ یمانی کے کچھ مشروع نہیں۔ اس میں بھی صرف ہاتھ لگانا ہی مسنون ہے اور ہر چکر میں جب حجرِ اسود کے قریب پہنچے تو اللہ اکبر کہنا مسنون ہے۔ ابن عباس بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اونٹ پر سوار ہو کر بیت اللہ شریف کا طواف کیا۔ جب حجرِ اسود کے پاس پہنچے تو اس کی طرف اشارہ کیا اور اللہ اکبر کہی (بخاری)، بسم اللہ کہنے کا ذکر کسی مرفوع حدیث میں نہیں ہے۔ ہاں عبداللہ بن عمر سے منقول ہے کہ وہ جب حجرِ اسود کے پاس پہنچ کر حجرِ اسود

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



بقیہ حاشیہ ص۳۲

کا بوسہ لیتے تو بسم اللہ و اللہ اکبر کہتے ۔ ( بیہقی ۔ ۵/۷۹ )

سند صحیح ہے اس موقوف حدیث کے بارے میں علامہ ابن القیم کو وہم ہوگیا ہے ۔ جب کہ انہوں نے اس کو طبرانی کی مرفوع حدیث قرار دیا ، حالانکہ اس نے بھی موقوف ہی روایت کیا ہے کما ذکر الحافظ فی التلخیص ہم نے وہم کو بیان کرنا ضروری سمجھا تاکہ سنت صریحہ کے ساتھ غیر صریحہ کی آمیزش نہ ہو جائے ۔

۳ے قریب قریب قدم رکھ کر تیز چلنے کو کہتے ہیں ۔ عربی میں اسی کو خبب کہتے ہیں ۔

۴ے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ طواف اضطباع کی حالت میں کیا ۔ اضطباع کی تعریف چادر کے دائیں طرف کو دائیں بغل سے نکال کر بائیں کندھے پر ڈالا اس کو ڈھانپ رکھا اور دائیں کندھے کو ننگا رکھا ۔ ( قاموس ) طواف سے فارغ ہو کر آپ نے اضطباع ختم کر کے چادر کو برابر کر دیا ۔

اثرم کہتے ہیں کہ پہلے تین چکروں کے بعد ہی چادر کو برابر کر لینا چاہیئے پہلا قول ظاہر حدیث کے مطابق ہے ۔

ابن قدامہ فی المغنی )

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



| | |
|---|---|
| ثم نفذ الیٰ مقام ابراھیم علیہ | پھر آپ مقام ابراہیم کی طرف گئے۔ |
| السّلام فقرء ﴿واتخذوا من | آپ نے بلند آواز کے ساتھ لوگوں کو سناتے |
| مقام ابراھیم مصلیٰ﴾ ورفع | ہوئے واتخذوا من مقام ابراھیم |
| صوتہ یسمع الناس فجعل المقام | مصلیٰ کی آیت تلاوت فرمائی۔ پھر مقام |
| بینہ وبین البیت فصلیٰ رکعتین | ابراہیم کے سامنے دو رکعت نفل ادا کئے |
| قال فکان یقرء فی الرکعتین | ان میں قل ھو اللہ احد قل یاایھا |
| قل ھو اللہ احدٌ قل یا یھا الکفرونؔ وفی روایۃ | الکفرون سورتیں تلاوت فرمائیں اور |
| وقل ھو اللہ احد ثم ذھب الیٰ | ایک روایت میں قل یا ایھا الکفرون |
| زمزم فشرب منھا وصب علیٰ رأسہ | اور قل ھو اللہ احد کا ذکر ہے، پھر آپ |
| ثم رجع الی الرکن فاستلمہ۔ | زمزم کی جانب گئے۔ وہاں سے پانی پیا |

اور سر پر بھی گرایا پھر حجر اسود کی طرف واپس لوٹے، تو اس کا بوسہ لیا۔

## صفا، مروہ پر وقوف

| | |
|---|---|
| ثم خرج من الباب وفی | پھر دروازے سے اور ایک روایت |
| روایۃ باب الصفا الی الصفا | میں صفا کے دروازے سے صفا کی |
| فلما دنا من الصفا قرء ﴿ان | جانب نکلے، جب صفا کے قریب پہنچے |
| الصفا والمروۃ من شعائر | تو آپ نے ان الصفا والمروۃ |
| اللہ﴾ ابدء وفی روایۃ نبدءُ[1] | من شعائر اللہ آیت تلاوت فرماتے |
| بما بدء اللہ بہ فبدء بالصفا | ہوئے ارشاد فرمایا میں اس سے ابتدا |

(لہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



| | |
|---|---|
| فرقی علیہ حتی رأی البیت | کرتا ہوں جس سے اللہ نے ابتدا کی ہے، |
| فاستقبل القبلۃ فوحد اللہ | اور ایک روایت میں صیغہ جمع ہے کہ ہم |
| وکبرہ ثلاثا وحمدہ وقال لا | اس سے ابتدا کرتے ہیں جس سے اللہ |
| الہ الا اللہ وحدہ لاشریک | نے ابتدا کی ہے تو آپ اولاً صفا پر چڑھے |
| لہٗ لہ الملک ولہ الحمد یحیی و | بیت اللہ کا مشاہدہ کرتے ہی منہ اس |
| یمیت وھو علیٰ کل شیئ قدیر | کی جانب کیا۔ اللہ کی توحید بیان کی اس |
| لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریک | کی تکبیر و تحمید کرتے رہے اور یہ کلمات |
| لہ انجز وعدہٗ ونصر عبدہ | کہے لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریک |
| وھزم الاحزاب وحدہ ثم | لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علیٰ |
| دعا بین ذالک وقال مثل ھذا | کل شیئ قدیر لا الہ الا اللہ وحدہٗ |
| ثلاث مرات۔ | لا شریک لہٗ اور فرمایا کہ اس نے اپنا |

وعدہ پورا کر دیا اپنے بندے کو کامیاب کیا اور اکیلے نے سب جماعتوں کو مغلوب کر دیا، پھر آپ نے دعا فرمائی اور ان کلمات کو تین بار دہرایا۔

---

حاشیہ ص۷۵ دارقطنی کی روایت میں ابدء وا امر کا صیغہ آیا ہے، چونکہ یہ شاذ ہے اس لئے میں نے اس کا ذکر نہیں کیا۔ علامہ ابن دقیق العید (الامام) (ق ۲/۶) میں پہلی دونوں روایتوں کو ذکر کر کے لکھتے ہیں کہ اکثر رواۃ نے ان کا ذکر کیا ہے۔ حافظ ابن حجر نے تلخیص (۴ / ۲۱) میں بھی ان سے نقل کر کے اس کا ذکر کیا ہے۔ اگرچہ دونوں روایتوں میں حدیث کا مخرج ایک ہے؛ چنانچہ امام مالک، سفیان ثوری، یحییٰ بن سعید قطان

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ثم نزل ماشیا الی المروۃ حتیٰ اذا انصبت قدماہ الی بطن الوادی سعیٰ حتیٰ اذا صعدتا یعنی قدماہ الشق الاٰخر مشیٰ حتیٰ اتی المروۃ فرقی علیھا حتیٰ نظر الی البیت ففعل علی المروۃ کما فعل علی الصفا۔

پھر آپ اتر کر مروہ کی جانب چلنے لگے جب آپ کے پاؤں وادی کے درمیان میں پہنچے، تو آپ نے دوڑنا شروع کیا جب آپ کے سامنے چڑھائی آئی تو آپ حسب سابق چلنے لگے اور مروہ پر چڑھ گئے، بیت اللہ کا مشاہدہ کیا اور جو اعمال صفا پر کئے تھے وہی مروہ پر بھی کئے۔

---

(بقیہ حاشیہ صہ) صیغہ جمع متکلم بندہ ذکر کرتے ہیں۔ حافظ ابن حجر نے بیان کیا کہ یہ رواۃ دیگر رواۃ اُبدہ ذکر کرنے والوں سے احفظ ہیں۔

لہ احزاب سے مراد وہ لوگ ہیں جو خندق میں مدینہ پر حملہ آور ہوئے تھے اس میں آپ بلا لڑائی کامیاب ہوئے۔ اللہ پاک نے آپ کو غالب فرمایا۔

لہ اعتراض، یہ حدیث پتہ دے رہی ہے کہ صفا، مروہ کے درمیان آپ پیدل چلے تھے جبکہ ایک دوسری روایت جو مسلم میں حضرت جابر سے مروی ہے کہ آپ نے اونٹ پر سوار ہو کر طواف کیا تاکہ آپ اونچے ہوں اور لوگ آپ سے سوالات کر سکیں۔ آپ کو دیکھ سکیں، اس لئے کہ لوگوں نے آپ کو ڈھانپ لیا تھا۔ (جواب) اتنی بات تو صاف ہے کہ آپ نے صفا، مروہ کے درمیان ایک بار طواف کیا۔ طوافِ زیارت کے بعد آپ نے صفا، مروہ کے درمیان سعی نہیں کی۔ پس مطابقت کی صورت یہی ہو سکتی ہے کہ اولاً آپ پیدل طواف کر رہے تھے جب اژدہام زیادہ ہو گیا، تو آپ اونٹ پر سوار ہو گئے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# حج کے احرام کو فسخ کر کے عمرہ کے احرام باندھنے کا حکم دینا

| | |
|---|---|
| حتی اذا کان اٰخر طوافہ و فی | جب آپ کا آخری چکر تھا اور ایک روایت |
| روایۃ کان السابع[1] علی المروۃ | میں جب آپ کا ساتواں چکر مروہ پر تھا |
| فقال یاایھا الناس لو انی | ، تو آپ نے فرمایا اگر میں اس چیز کو پہلے |
| استقبلت من امری ما استدبرت | معلوم کر لیتا جس کا مجھے بعد میں علم ہوا |

---

[1] اس سے ان لوگوں کی تردید ہو رہی ہے جو کہتے کہ آپ نے چودہ چکر لگاتے۔

## حافظ ابن القیمؒ کا قول

آپ کے متعلق یہ کہنا درست نہیں ہے کہ آپ نے چودہ چکر لگائے۔ کسی صحابی نے آپ سے اس کو نقل نہ فرمایا اور نہ ہی مشہور ائمہ سے کوئی امام اس کا قائل ہے؛ البتہ بعض متاخرین جو ائمہ کی طرف نسبت رکھتے ہیں۔ ان کا قول مروی ہے، لیکن اس قول کے بطلان کے لئے بس اتنی بات ہی کفایت کرتی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سعی کا اختتام مروہ پر ہوا۔ اگر جانے آنے کو ایک چکر سمجھا جائے تو پھر اختتام صفا پر ہونا چاہیئے تھا زاد المعاد)

خیال رہے کہ احناف کا قول سنت کے موافق ہے، جیسا کہ علامہ سمرقندی نے تحفۃ الفقہاء (۱/۲/۶۶۸) میں اس کو بالوضاحت ذکر کیا ہے اور دوسرا قول اس قدر ضعیف ہے کہ وہ قابلِ التفات نہیں ہے جس میں چودہ چکروں کا ذکر ہے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

لم اسق الهدى وجعلتها عمرة فمن كان منكم معہ هدى فليحل وليجعلها عمرة وفى رواية فقال احلوا من احرامكم فطوفوا بالبيت وبين الصفا والمروة وقصروا[1] واقيموا حلالاً حتىّٰ اذا كان يوم التروية فاهلوا بالحج. واجعلوا التى قدمتم بها متعة[2] فقام سراقة بن مالك بن جعشم وهو فى اسفل المروة فقال

ہے تو میں قربانی ساتھ نہ لے جاتا اور عمرہ کر لیتا۔ پس تم میں سے جس کے ساتھ قربانی ہے وہ عمرہ کر کے حلال ہو جائے اور ایک روایت میں ہے آپ نے فرمایا کہ تم بیت اللہ کا طواف اور صفا مروہ کے درمیان سعی کر کے حلال ہو جاؤ، سر کے بال ترشواؤ اور حلال رہو، پھر یوم الترویہ آٹھ ذی الحج کو حج کا احرام باندھو اور تم نے حج مفرد کو عمرہ بنانا ہو گا۔ مروہ سے نیچے کھڑے سراقہ بن مالک نے دریافت کیا یا رسول اللہ کیا ہمارے لئے عمرہ کرنا اور ایک روایت

---

[1] تمتع کرنے والے کے لئے افضل یہی ہے کہ وہ بالوں کو کٹوائے، منڈانا درست نہیں ہے ہاں حج کے مناسک سے فارغ ہو کر دسویں ذی الحج کو بالوں کو منڈائے جیسا کہ شیخ الاسلام ابن تیمیہ نے فرمایا کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کا سر منڈانے والوں کے لئے تین بار مغفرت کی دعا کرنا اور کترانے والے کے لئے ایک بار کرنا غیر متمتع کے لئے ہے اور اس کے لئے جو صرف عمرہ کر رہا ہے۔ پس حنفیہ کا کہنا کہ متمتع کے لئے سر منڈانا افضل ہے، درست نہیں ہے۔ [2] یعنی تم نے حج افراد کا احرام باندھا تھا، اس کو چھوڑ کر عمرہ ادا کرو، تو تمہارا تمتع ہو جائے گا۔ حدیث میں عمرہ پر تمتع کا اطلاق مجازاً ہو رہا ہے، ان کے درمیان مناسبت ظاہر ہے۔ (فتح الباری)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

یارسول اللہ ادءیت عمرتنا و فی لفظ متعتنا ھذہ لعا منا ھذا ام لابد قال فشبك رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اصابعہ واحدۃ فی اخریٰ وقال دخلت العمرۃ فی الحج الیٰ یوم القیٰمۃ لابل لابد ابد لابل لابد لابد ثلاث مرات۔

میں ہمارا تمتع کرنا اس سال کے ساتھ خاص ہے یا ہمیشہ کے لئے اجازت ہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلیوں کو ایک دوسری میں داخل کرتے ہوئے فرمایا کہ قیامت تک کے لئے عمرہ، حج میں داخل ہو گیا ہے۔ آپ نے تین بار فرمایا نہیں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے حج، عمرہ اکٹھے ہو گئے ہیں۔

---

## لہ امام نووی کا قول

جمہور علماء اس کا معنی بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ حج کے مہینوں میں عمرہ کرنا جائز ہے جبکہ جاہلیت میں اس کو ناجائز سمجھا جاتا تھا بعض کہتے ہیں کہ قران کرنا جائز ہے، یعنی عمرہ کے افعال حج کے افعال میں داخل ہیں۔ بعض کہتے ہیں عمرہ کا وجوب ساقط ہو چکا ہے لیکن یہ قول کمزور ہے۔ اس لئے بلا دلیل کسی حکم کو فسخ قرار دینا صحیح نہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ قیامت تک حج کو عمرہ کے ساتھ فسخ کرنا جائز ہے۔ یہ معنی بھی کمزور ہے۔

## حافظ ابن حجر کا ارشاد

حافظ ابن حجر، امام نووی کا تعاقب کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ سوال کا سیاق و سباق تو فسخ کرنے کے معنی کو تقویت پہنچا رہا ہے؛ البتہ جواب میں عمومیت ہے تیسرے معنی کے علاوہ تمام معانی کو شامل ہے۔

(فتح الباری) (باقی اگلے صفحہ پر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بقیہ حاشیہ: خیال رہے کہ حج کو فسخ کرنے اور عمرہ کا ارادہ کرنے کی روایت چودہ صحابہ کرام سے مروی ہے اور سب کی حدیثیں صحیح ہیں۔ ان روایات کو حافظ ابن القیمؒ نے زاد المعاد (۱/۲۸۲-۲۸۶) میں ذکر کیا ہے۔ نیز بیان کیا ہے کہ یہی قول ابن عباس کا ہے امام احمد اور اہل حدیث کا مذہب یہی ہے اور یہی مذہب حق ہے جس میں کچھ شبہ نہیں نیز ابن القیمؒ نے مخالفین کے شبہات کا بھی جواب دیا ہے۔ دیکھئے زاد المعاد (۱/۲۸۶-۳۰۲) یاد رکھیں کہ حضرت سراقہ کی حدیث واضح ثبوت ہے کہ ابوداؤد میں مروی حدیث (کہ بلال مزنی نے عرض کیا یا رسول اللہ! حج کا فسخ ہمارے لئے خاص ہے یا سب کے لئے عام ہے، آپ نے فرمایا ہمارے لئے خاص ہے) صحیح نہیں ہے، بلال کی حدیث کو کیسے صحیح سمجھا جا سکتا ہے جبکہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے ہیں۔ قیامت تک کے لئے عمرہ حج میں داخل ہو چکا ہے یعنی ہمیشہ ہمیشہ کے لئے حج کے ایام میں عمرہ کرنے کی اجازت ہے۔ خیال رہے کہ اس حدیث میں بھی اسی طرح کا سوال کیا گیا تھا جیسا کہ بلال کی حدیث میں سوال ہوا کیا ہمارا عمرہ کرنا اس سال کے ساتھ خاص ہے یا ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ہے علاوہ ازیں بلال سے مروی حدیث معلول ہے۔ سند میں حارث راوی مجہول ہے۔ اسی بنا پر امام احمد بن حنبل، ابن حزم، ابن القیمؒ نے حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے۔ تفصیل کے لئے دیکھئے الاحادیث الضعیفہ (رقم ۱۰۰۰) البتہ مسلم وغیرہ میں ابوذر سے منقول روایت میں مذکور ہے کہ حج کے ساتھ عمرہ کرنا ان کے ساتھ خاص تھا۔ اس حدیث کے معارض ہے، تو جواب اس کا یہ ہے کہ ابوذر کی حدیث موقوف ہے صحیح مرفوع حدیث کی معارض نہیں ہو سکتی۔ پھر اسی حدیث کے مضمون کی موافقت ایک بھی محدث نہیں کر رہا ہے جہاں تک ہمارا علم ہے ہم تو تمام علماء کو اس پر متفق سمجھتے ہیں کہ حج کے ساتھ عمرہ کرنا جائز ہے ناجائز کہنا کیسے صحیح ہو سکتا ہے، جبکہ ارشادِ خداوندی ہے فمن تمتع بالعمرۃ الی الحج فما استیسر من الھدی (جو شخص حج کے ساتھ عمرہ کا فائدہ حاصل کرے وہ قربانی کرے)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


قال یا رسول اللہ بین لنا
دیننا کانا خلقنا الآن فیما
العمل الیوم؟ أفیما جفت
بہ الاقلام وجرت بہ المقادیر
او فیما نستقبل؟ قال لا بل فیما
جفت بہ الاقلام وجرت بہ
المقادیر قال ففیم العمل اذاً
قال اعملوا فکل میسر لما خلق
لہٗ قال جابر فامرنا اذا حللنا
ان نهدی ویجتمع النفر
منا فی الهدی کل سبعة منا
فی بدنة فمن لم یکن معه هدی
فلیصم ثلثة ایام وسبعة اذا
رجع الی اهله قال فقلنا حل
ماذا؟ قال الحل کله قال فکبر
ذالك علینا وضاقت به صدورنا.

عرض کیا یا رسول اللہ! ہمیں ہمارے دین کے متعلق اس طرح آگاہ فرمائیں کہ گویا کہ ہم ابھی پیدا ہوتے ہیں۔ آپ فرمائیں کہ آج جو ہم عمل کر رہے ہیں کیا ہمارا عمل پہلے لکھا جا چکا ہے۔ تقدیر میں قلمیں چل چکی ہیں یا ہمارا عمل کرنے کے بعد مستقبل میں لکھا جاتا ہے۔ آپ نے فرمایا آپ کا عمل تقدیر کی نوشت کے مطابق ہے۔ عرض کیا پھر عمل و سعی کس لئے؟ آپ نے فرمایا عمل کرتے رہو ہر شخص جس کے لئے سرشت کیا گیا ہے اسی کی توفیق دیا جائے گا۔ حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں، ہمیں حکم دیا گیا کہ جب ہم حلال ہو جائیں تو قربانی کریں، ایک قربانی میں ایک جماعت شریک ہو سکتی ہے، چنانچہ ایک اونٹ میں سات افراد شریک ہوں اور جس کے پاس قربانی نہیں ہے، وہ تین روزے رکھے، راوی نے دریافت کیا کہ ہمارا حلال ہونا کیسا ہے۔ آپ نے فرمایا مکمل حلال ہونا۔ چنانچہ آپ کا یہ ارشاد ہم پر گراں گزرا اور ہمارے دلوں نے تنگی محسوس کی۔

(حاشیہ اگلے صفحہ پر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## بطحا میں اترنا :

قال فخرجنا الى البطحاء[1] قال فجعل الرجل يقول عهدي باهلي اليوم[2] قال فتذاكرنا بيننا فقلنا خرجنا حجاجا لا نريد الا الحج ولا ننوي غيره حتى اذا لم يكن بيننا وبين عرفة الا اربع وفي رواية الا خمس ليال امرنا ان نفضي الى نسائنا

راوی نے بیان کیا کہ ہم سنگریزوں والی وادی میں اترے تو لوگ متعجب ہو کر کہنے لگے کہ آج ہم کیسے اپنی بیویوں کے ساتھ ملاقات کریں جبکہ ہم حج ادا کرنے کو گھر سے نکلے تھے حج کے علاوہ ہمارا کچھ ارادہ نہ تھا اب جبکہ عرفہ میں قیام کرنے کے درمیان چار یا پانچ روز باقی ہیں تو ہمیں اجازت دے دی گئی ہے کہ ہم عورتوں کے ساتھ ملاپ

---

(حاشیہ صـ سے) دوسری حدیث میں زائد الفاظ ہیں کہ سعادت مند سعادت کی توفیق دیئے جائیں گے اور بدبخت بدبختی کی طرف دھکیلے جائیں گے، پھر آپ نے ذیل کی آیت تلاوت فرمائی :

فاما من اعطى واتقى وصدق بالحسنى فسنيسره لليسرى واما من بخل واستغنى وكذب بالحسنى فسنيسره للعسرى ۔

[1] مکہ سے مشرق کی جانب وسیع ندی ہے جس میں چھوٹے چھوٹے پتھر پڑے ہوئے ہیں۔ [2] صحابہ نے حلال ہونے کے حکم کو بنظر کراہت دیکھا اگرچہ کچھ صحابہ آپ کے حکم کے بعد حلال تو ضرور ہو گئے، لیکن ان کے دلوں میں برابر وسوسہ رہا، جبکہ بعض صحابہ حلال نہ ہوئے، وہ آپ کے اس خطبہ کے بعد حلال ہوئے جس کا ذکر آگے آ رہا ہے۔ اس میں آپ نے فسخ پر بہت زور دیا پھر سب حلال ہو گئے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


فناتی عرفة تقطر مذاکیرنا المنی[1] من النساء قال یقول جابر بیدہ قال الراوی کانی انظر الی قولہ بیدہ یحرکہا قالوا کیف نجعلہا متعۃ وقد سمینا الحج قال فبلغ ذالک النبی صلی اللہ علیہ وسلم فما ندری ابلغہ شیئ من السماء ام شیئ بلغہ من قبل الناس

کر سکتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ جب ہم عرفہ پہنچیں گے تو عورتوں کے ساتھ مجامعت کے قرب کی وجہ سے گویا ہمارے ذکر منی کے قطرے بہا رہے ہوں گے۔ راوی نے بیان کیا کہ حضرت جابر ہاتھ ہلا ہلا کر ذکر کی کیفیت بیان کر رہے تھے، تو ہم کیسے تمتع کریں کہ ہم حلال ہو جائیں، حالانکہ ہم نے تو حج کا احرام باندھا تھا۔ راوی نے بیان کیا کہ ہماری یہ باتیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک بھی پہنچ گئیں، لیکن ہمیں یہ علم نہیں کہ آپ کو ان باتوں کا علم آسمان والے کی طرف سے ہوا یا لوگوں نے آپ کو بتایا۔

## حج کے فسخ پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا خطبہ

فقام فخطب الناس فحمد اللہ واثنیٰ علیہ فقال اباللہ تعلمون ایھا الناس !؟ قد علمتم انی اتقاکم للہ واصدقکم وابرکم افعلوا

آپ نے حج کو فسخ کرنے کا حکم دیتے ہوئے خطبہ دیا۔ اللہ کی حمد و ثناء کی اور فرمایا اے لوگو! کیا بخدا تم جانتے نہیں ہو کہ میں تم سب سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا

---

[1] عورتوں کے ساتھ مجامعت کا قریب زمانہ مراد ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ما امرتکم بہ فانی لولا ھدی لحللت کما تحلون ولکن لا یحل منی حرام حتی یبلغ الھدی محلہ ولو استقبلت من امری ما استدبرت لم اسق الھدی فحلوا قال فواقعنا النساء و تطیبنا بالطیب ولبسنا ثیابنا و سمعنا واطعنا فحل الناس کلھم وقصروا الا النبی صلی اللہ علیہ وسلم ومن کان معہ ھدی قال ولیس مع احد منھم ھدی غیر النبی صلی اللہ علیہ وسلم وطلحۃ[1]۔

اور سچ بولنے والا اور نیکوکار ہوں۔ پس تم وہ کام کرو جس کا میں تمہیں حکم دے رہا ہوں۔ اگر میرے ساتھ قربانی نہ ہوتی تو میں بھی حلال ہو جاتا، لیکن اس وقت تک میں محرم رہوں گا، جب تک کہ قربانی کے ذبح کا وقت نہ آجائے اگر میں اس چیز کو پہلے معلوم کر لیتا جو مجھے بعد میں معلوم ہوئی تو میں قربانی ساتھ نہ لاتا۔ پس تم حلال ہو جاؤ۔ راوی نے بیان فرمایا کہ ہم عورتوں پر واقع ہوئے خوشبو استعمال کی۔ احرام کے کپڑوں کے علاوہ دوسرے کپڑے زیب تن کئے۔ آپ کے ارشاد پر سمع وطاعت بجالائے، چنانچہ تقریباً سب لوگ حلال ہو گئے اور انہوں نے سر کے بال کٹوائے البتہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور جن کے ساتھ قربانی تھی، وہ حلال نہ ہوئے۔ راوی نے بیان فرمایا کہ صرف نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت طلحہ کے پاس قربانی تھی۔

---

[1] یہ بات حضرت جابر اپنے علم کی بنیاد پر کہہ رہے ہیں، وگرنہ ان کے علاوہ بھی حضرت عائشہ کی روایت کے مطابق ابوبکر، عمر اور صاحب ثروت لوگوں کے ساتھ قربانیاں تھیں اور حضرت اسماء کے قول کے مطابق حضرت زبیر کے ساتھ بھی قربانی تھی۔ مسلم (۴/ ۳۰ - ۵۵) ظاہر ہے کہ ایک چیز کو جاننے والا نہ جاننے والے پر فوقیت رکھتا ہے اور مثبت نافی پر مقدم ہوتا ہے وہ اپنے علم کے پیش نظر کہتا ہے۔ فتح الباری (۳/ ۴۲۳)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



# حضرت علی کا یمن سے آنا اور آپ کے احرام کی مثل احرام باندھنا

وقدم علیؓ من سعایتہ من الیمن ببدن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فوجد فاطمۃ رضی اللہ عنہا ممن حل ترجلت ولبست ثیاباً صبیغاً واکتحلت فانکر ذالک علیہا وقال من امرک بہذا فقالت ان ابی امرنی بہذا قال فکان علی یقول بالعراق فذہبت الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اور حضرت علی یمن سے (جہاں وہ صدقات کے اکٹھا کرنے پر مامور تھے) نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے قربانیاں لائے تھے۔ اس نے دیکھا کہ فاطمہ حلال ہو چکی ہے اس نے بالوں کو کنگھی کر رکھی ہے، سُرمہ لگا رکھا ہے اور رنگدار کپڑے پہن رکھے ہیں۔ حضرت علی نے اس کا یہ حال دیکھا تو اسے ناجائز قرار دیتے ہوئے کہا کہ تجھے ایسا کرنے کا کس نے حکم دیا ہے؟ اس نے جواب دیتے ہوئے کہا میرے ابا نے مجھے اس کا حکم دیا۔ راوی بیان کرتا ہے کہ

---

لہ سوال: حضرت علی یمن میں صدقات کے فراہم کرنے پر متعین تھے اور جو اونٹنیاں وہ وہاں سے لائے تھے۔ ظاہر ہے کہ وہ صدقہ کی ہیں، حالانکہ یہ بات پایۂ تحقیق تک پہنچ چکی ہے کہ صدقہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آل محمد کے لئے جائز نہیں۔ جواب: ضروری نہیں کہ صرف صدقات کی فراہمی پر ہی متعین ہوں، ممکن ہے کہ صدقات کی فراہمی کے علاوہ دیگر انتظامی امور بھی سرانجام دیئے ہوں، اس پر ان کو غیر صدقہ سے مشاہرہ میں ملی ہوں۔ کما قال القاضی عیاض اور پھر سعایہ کا لفظ صدقات کی ملازمت کے ساتھ خاص نہیں، بلکہ مطلق ملازمت پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ (شرح مسلم للنووی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

محرشا على فاطمة للذى
صنعت مستفتيا لرسول الله
صلى الله عليه وسلم فيما
ذكرت عنه، فاخبرته انى
انكرت ذالك عليها فقالت
ابى امرنى بهذا فقال صدقت
صدقت صدقت انا امرتها به قال
جابر وقال لعلى ماذا قلت
حين فرضت الحج؟ قال قلت
اللّهم انى اهل بما اهل به
رسول الله صلى الله عليه
وسلم قال فان معى الهدى
فلا تحل وامكث حراما كما
انت قال فكان جماعة الهدى
الذى قدم به على من اليمن
والذى اتى به النبى صلى
الله عليه وسلم من المدينة
مائة بدنة قال فحل

حضرت علی عراق میں مقیم ہونے کے زمانہ میں
کہا کرتے تھے کہ میں فاطمہ پر خفگی کے عالم میں
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں
حاضر ہوا اور کہا کہ فاطمہ تو کس طرح سج دھج
کر بیٹھی ہے اس نے جواب دیا کہ میرے ابا
نے مجھے حکم دیا ہے میں اس کی بات کو غلط
سمجھتا ہوں اور آپ سے فتویٰ حاصل
کرنے آیا ہوں۔ آپ نے تین بار فرمایا
کہ فاطمہ سچ کہتی ہے، وہ سچی ہے، وہ سچی ہے
میں نے ہی اس کو اس کا حکم دیا تھا۔
حضرت جابر بیان کرتے ہیں کہ آپ نے
حضرت علی سے دریافت کیا آپ نے کس
نیت سے حج کا احرام باندھا؟ حضرت علی
نے جواب دیا میں نے احرام باندھتے وقت
کہا تھا کہ میرا احرام رسول اکرم صلی اللہ علیہ
وسلم کے احرام کی مانند ہے۔ آپ نے فرمایا
میرے ساتھ تو قربانی ہے پس تو نے محرم
رہنا ہوگا تو بھی حلال نہیں ہوسکتا جو قربانیاں
حضرت علی یمن سے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ سے لائے تھے ان کی تعداد ایک

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الناس کلھم وقصروا الا النبی صلی اللہ علیہ وسلم ومن کان معہ ھدی۔

سو تھی۔ راوی بیان کرتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور جن کے پاس قربانی تھی کے علاوہ سب لوگ حلال ہوگئے اور انہوں نے بال کٹوائے۔

## آٹھ ذی الحج حج کا احرام باندھ کر منیٰ کی طرف جانا

فلمّا کان یوم الترویۃ وجعلنا مکۃ بظھر توجھوا الی منیٰ[2] فاھلّوا بالحج من البطحاءِ قال ثم دخل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم علیٰ عائشۃ رضی اللہ عنھا فوجدھا تبکی فقال ما شانکِ قالت شانی انی قد حضت وقد حل الناس

جب ذی الحج کی آٹھویں تاریخ تھی تو مکہ مکرمہ کو الوداع کہہ بطحا سے حج کا احرام باندھ کر منیٰ کی جانب روانہ ہوتے۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عائشہ کے ہاں گئے تو کیا دیکھتے ہیں کہ حضرت عائشہ رو رہی ہیں۔ آپ نے دریافت کیا، کیا بات ہے؟ عائشہ نے جواب دیا میں حائضہ ہوگئی

---

[1] امام نووی فرماتے ہیں اگرچہ یہ جملہ عام ہے، لیکن خصوص کا محتمل ہے، اس لئے کہ حضرت عائشہ کے پاس قربانی بھی نہ تھی اور وہ بوجہ حیض کے حلال بھی نہ ہوسکیں۔ ازواج مطہرات میں سے کسی کے ساتھ قربانی نہ تھی، اس لئے وہ سب حلال ہوگئیں۔ (مسلم)

[2] امام نووی فرماتے ہیں کہ یوم الترویہ سے پہلے منیٰ کی طرف جانا مسنون نہیں ہے۔ امام مالک نے اس کو مکروہ قرار دیا ہے۔ بعض علماء اس میں کچھ حرج نہیں سمجھتے جبکہ ہمارا موقف یہ ہے کہ یہ خلافِ سنّت ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



| | |
|---|---|
| ولم احلل ولم اطف بالبيت | لوگ حلال ہو گئے، میں حلال نہ ہو سکی، اس |
| والناس يذهبون الى الحج | لئے کہ میں بوجہ حیض کے بیت اللہ کا طواف |
| الآن فقال ان هذا امر كتبه | نہ کر سکی اب لوگ حج کرنے جا رہے ہیں۔ |
| الله على بنات آدم فاغتسلی | آپ نے تسلی دیتے ہوئے فرمایا حیض کا |
| ثم اهلي بالحج ثم حجي واصنعي | آجانا ایک ایسا امر ہے جس کو اللہ نے آدم |
| ما يصنع الحاج غيران لا تطوفي | کی بیٹیوں پر مسلّط کر دیا ہے۔ پس غسل کر کے |
| بالبيت ولا تصلي[1] ففعلت | حج کرو اور حجاج جو اعمال کر رہے ہیں، |
| وفي رواية فنسكت المناسك | تمہیں بھی ان کے کرنے کی اجازت ہے۔ |
| غير انها لم تطف بالبيت و | البتہ نہ تو نے بیت اللہ کا طواف کرنا ہوگا |

---

[1] معلوم ہوا کہ حائضہ قرآن پڑھ سکتی ہے، اس لئے کہ قرآن پاک کی تلاوت تو حج کے افضل ترین اعمال سے ہے، جبکہ آپ نے نماز، طواف کے علاوہ تمام اعمال کی اجازت دے رکھی ہے۔ اگر اس کے لئے قرآن پاک کی تلاوت ناجائز ہوتی تو اس کی بھی نماز کی طرح وضاحت فرما دیتے، بلکہ تلاوت قرآن کے حکم کو بیان کرنا زیادہ ضروری تھا، اس لئے اس کی اس حرمت پر نہ تو نص دال ہے اور نہ ہی اجماع امت سے اس کا ناجائز ہونا ثابت ہوتا ہے۔ جب نماز سے منع کر دیا اور تلاوتِ قرآن سے منع نہ کیا، حالانکہ وقت کا تقاضا تھا کہ اس کو بیان کیا جائے تو نہ بیان کرنا اس پر دال ہے کہ حائضہ کے لئے قرآن پاک کی تلاوت کرنا جائز ہے، لیکن یہ حدیث (کہ حائضہ اور جنبی قرآن پاک کی تلاوت نہ کریں) ضعیف ہے۔ امام احمد نے اس کو باطل کہا ہے تفصیل کے لئے دیکھیں ارواء الغلیل رقم (۱۹۱) یسر اللہ اتمامہ۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ركب رسول الله صلى الله عليه وسلم وصلى بها يعنى منى و فى رواية بنا الظهر والعصر والمغرب والعشاء والفجر ثم مكث قليلاً حتى طلعت الشمس[2] وامر بقبة له من شعر تضرب له بنمرة ۔

اور نہ ہی نماز ادا کرنی ہوگی، چنانچہ حضرت عائشہ نے حج کے تمام مناسک ادا کئے، لیکن بیت اللہ کا طواف نہ کیا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سواری پر سوار ہوئے آپ نے منیٰ میں اور ایک روایت میں ہے، ہمیں ظہر، عصر، مغرب، عشاء، فجر کی نماز پڑھائی۔ فجر کے بعد آپ کچھ عرصہ رُکے۔ جب سورج نکل آیا تو آپ نکلے اور آپ نے بالوں کے خیمہ کے متعلق حکم دیا، چنانچہ آپ کے لئے نمرہ میں خیمہ لگا دیا گیا۔

## عرفات کی جانب روانہ ہونا اور نمرہ میں اُترنا

فسار رسول الله صلى الله عليه وسلم ولا تشك قريش الا انه واقف عند المشعر الحرام بالمزدلفة ويكون منزله ثم كما كانت قريش تصنع فى

جب آپ منیٰ سے روانہ ہوئے تو قریش کو یقین تھا کہ آپ مزدلفہ مشعر الحرام میں رُک جائیں گے، وہیں آپ کا ٹھہرنا ہوگا، جیسا کہ قریش جاہلیت میں وہاں ٹھہرتے تھے، لیکن رسول اللہ

---

[1] ان مقامات میں سوار ہو کر جانا پیدل چلنے سے افضل ہے۔ (نودی)

[2] منیٰ میں رات گزارنا مسنون ہے، وہاں سے سورج نکلنے کے بعد لوٹنا چاہیئے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الجاهلیۃ[1] فاجاز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حتی اتی عرفۃ[2] فوجد القبۃ قد ضربت لہ بنمرۃ فنزل بہا حتی اذا زاغت الشمس امر بالقصواء فرحلت لہ فرکب حتی اتی بطن الوادی[3]۔

صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے آگے چل دیئے یہاں تک کہ عرفہ میں پہنچ گئے، وہاں آپ نے دیکھا کہ نمرہ میں آپ کے لئے خیمہ لگایا گیا ہے۔ آپ نے وہاں نزول فرمایا۔ سورج کے زوال کے بعد آپ نے حکم دیا کہ قصواء اونٹنی پر پالان رکھا جائے؛ چنانچہ اس کو آپ کے لئے تیار کیا گیا، آپ اس پر سوار ہو کر بطن وادی پہنچے۔

## عرفات کا خطبہ

---

[1] دور جاہلی میں قریش مشعر الحرام میں وقوف کرتے تھے۔ مشعر الحرام مزدلفہ میں ایک پہاڑی کا نام ہے جس کو قزح کہتے تھے۔ قریش کے علاوہ دیگر عرب لوگ مزدلفہ سے گزر کر عرفات میں وقوف کرتے۔ اس لحاظ سے قریش کو یہ خیال گزرا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حسب عادت قریش مشعر الحرام میں وقوف کریں گے، اس سے آگے نہیں جائیں گے۔ لیکن آپ عرفات پہنچے، اس لئے کہ اللہ پاک نے وہاں جانے کا حکم دیا تھا اور قریش مزدلفہ میں اس لئے وقوف کرتے تھے کہ مزدلفہ حرم میں ہے اور قریش مدعی تھے کہ ہم حرم والے ہیں، اس لئے ہم وہاں سے آگے نہیں جائیں گے۔ [2] امام نووی فرماتے ہیں کہ عرفات سے مراد وہ سب جگہ ہے جو عرفات کے قریب ہے جیسا کہ نمرہ میں آپ کے لئے خیمہ لگایا گیا تھا، حالانکہ نمرہ عرفات سے نہیں ہے۔ (باقی اگلے صفحہ پر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



فخطب الناس وقال ان دماءكم
واموالكم حرام عليكم كحرمة
يومكم هذا في شهركم هذا
في بلدكم هذا الا ان كل شيئ
من امر الجاهلية تحت قدمي
موضوع ودماء الجاهلية
موضوعة وان اول دم اضع
من دمائنا دم ابن ربيعة بن
الحارث كان مسترضعاً في
بني سعد فقتله هذيل وربا الجاهلية
موضوع واول ربا اضع من ربانا
ربا عباس بن عبد المطلب فانه
موضوع كله فاتقوا الله في النساء

آپ نے لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے فرمایا
کہ تمہارے خون اور تمہارے مال تم پر حرام
ہیں جیسا کہ تمہارے اس دن کو حرمت حاصل
ہے خبردار! جاہلیت کی تمام چیزوں کو میرے
قدموں کے نیچے ختم کر دیا گیا ہے اور جاہلیت
کے خون بھی ختم کر دیئے گئے ہیں اور اپنے
خونوں میں سے جس خون کو سب سے پہلے
میں معاف کرتا ہوں، وہ ابن ربیعہ بن حارث
کا خون ہے جو بنو سعد قبیلہ میں دودھ پلایا
گیا تھا۔ بنو ہذیل نے اس کو قتل کر دیا تھا۔
نیز جاہلی دور کے تمام سودوں کو ختم کر رہا
ہوں اور سب سے اول میں عباس بن
عبد المطلب کے سود کو ختم کرتا ہوں۔ پس تم

---

(باقی حاشیہ ص ۔۔ سے) ۲ اس سے مراد وادی عرنہ ہے، وہ عرفات سے نہیں ہے (نووی)

۱ راس المال سے زائد مال مراد ہے، اصل مال مراد نہیں ہے، یعنی زائد مال معاف کر دو اور اصل مال وصول کرو۔ ارشادِ خداوندی ہے (وان تبتم فلکم رؤس اموالکم) (اگر تم سود سے توبہ کرو، تو تمہیں اصل مال ملے گا۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

فانکم اخذ تموھن بامانۃ اللہ واستحللتم فروجھن بکلمۃ اللہ وان لکم علیھن ان لا یوطئن فرشکم احدًا تکرھونہ[1] فان فعلن ذالک فاضربوھن ضربًا غیر مبرح[2] ولھن علیکم رزقھن وکسوتھن

تم عورتوں کے بارے میں اللہ کا تقویٰ اختیار کرو، تم نے ان کو اللہ کی امانت کے ساتھ اپنے قبضہ میں کیا ہے اور ان کی شرمگاہوں کو اللہ کے کلمہ کے ساتھ حلال گردانا ہے۔ پس تمہارا ان پر یہ حق ہے کہ وہ تمہارے بستر پر کسی ایسے شخص کو نہ بیٹھنے دیں جس کو تم برا جانتے ہو، اگر

---

لہ عورتوں کے حقوق کی ادائیگی کی رغبت دلائی گئی ہے۔ ان سے بچنے کے مضمون کی حدیثیں کثرت کے ساتھ مروی ہیں، تفصیل کے لئے دیکھیں (الترغیب للمنذری) والریاض الصالحین للنووی۔

[1] عورتوں کے لئے جائز نہیں کہ وہ تمہارے گھروں میں داخل ہونے اور بیٹھنے کی اجازت ایسے لوگوں کو دیں جن کے گھر میں آنے کو تم مکروہ جانتے ہو، خواہ اجنبی مرد ہو یا عورت خواہ عورت کے محرم رشتہ داروں میں سے ہی کیوں نہ ہو، نہی ان تمام کو شامل ہے (نووی)

[2] تادیبًا عورتوں کو زد وکوب کرنا اگرچہ جائز ہے، لیکن زیادہ شدت کی اجازت نہیں ہے۔ ارشادِ خداوندی ملاحظہ ہو:

(الرجال قوامون علی النساء بما فضل اللہ بعضھم علیٰ بعض وبما انفقوا من اموالھم فالصالحات قٰنتٰت حٰفظٰت للغیب بما حفظ اللہ والتی تخافون نشوزھن فعظوھن واھجروھن فی المضاجع فان اطعنکم فلا تبغوا علیھن سبیلا ان اللہ کان علیًّا کبیرًا)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بالمعروف وانی قد ترکت فیکم ما لن تضلوا بعد ان اعتصمتم بہ کتاب اللہ وانتم تسأ لون وفی لفظ مسئولون عنی فما انتم قائلون قالوا نشہد انک قد بلغت رسالات ربک و ادیت ونصحت لامتک وقضیت الذی علیک فقال باصبعہ السبابۃ یرفعہا الی السماء وینکتہا الی الناس اللہم اشہد اللہم اشہد۔

وہ ایسا کریں تو ان کو سخت تادیب کرتے ہوئے مار پیٹ سکتے ہو، لیکن دیکھنا کہیں ان کی ہڈی نہ ٹوٹنے پائے۔ اور تمہارے ذمے ان کی خوراک لباس کا بہتر انتظام کرنا ہے اور میں تم میں ایک ایسی چیز چھوڑ چلا ہوں اگر تم نے اس کو مضبوطی کے ساتھ تھامے رکھا تو تم کبھی گمراہ نہ ہو سکو گے۔ وہ کتاب اللہ ہے اور تم سے میرے متعلق سوال ہوگا تو تم کیا جواب دو گے؟ سب نے کہا ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ نے اپنے رب کے پیغامات کو پہنچایا، اپنی ذمہ داری کو ادا کیا اور اپنی امت کی خیر خواہی کی اور اپنے اوپر عائد کردہ حقوق کو پورا کر دیا تو آپ نے اپنی شہادت کی انگلی کو آسمان کی طرف بلند کرتے ہوتے فرمایا اور لوگوں کی طرف جھکاتے ہوئے اشارہ کیا اے اللہ گواہ ہو جا اے اللہ گواہ ہو جا۔

---

لہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان کس قدر صحیح ہے کہ مسلمان جب تک کتاب اللہ اور سنت رسول کے ساتھ تمسک اختیار رکھیں گے، کبھی گمراہ نہ ہوں گے، لیکن متاخرین مسلمان اکثریت کے ساتھ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ کو چھوڑ کر لوگوں کی آراء کو مذہب کی حیثیت دے کر گمراہ ہو گئے اور ذلیل ہو گئے۔ ان کا حال تو یہ ہے کہ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ کی جو بات ائمہ کی آراء کے موافق ہو اس کو قبول کر لیتے ہیں اور جو مخالف ہو اس کو چھوڑ دیتے ہیں۔

(باقی اگلے صفحہ پر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# عرفہ میں دو نمازوں کو جمع کرنا اور وقوف کرنا

| | |
|---|---|
| ثم اذن بلال بنداء واحد | پھر بلال نے ایک اذان کہی، پھر تکبیر کہی |
| ثم اقام فصلی الظہر ثم | تو آپ نے ظہر کی نماز پڑھائی، پھر بلال نے |
| اقام فصلی العصر ولم یصل | عصر کی اقامت کہی تو آپ نے عصر کی نماز |
| بینھما شیئاً ثم رکب رسول اللہ | پڑھائی، ان کے درمیان سنتیں نہیں پڑھیں۔ |
| صلی اللہ علیہ وسلم القصواء | پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قصواء پر سوار |
| حتیٰ اتی الموقف فجعل | ہوئے، یہاں تک کہ آپ وقوف کی جگہ میں |
| بطن ناقتہ القصواء الی | پہنچے۔ آپ نے اپنی اونٹنی کے بطن کو جبل الرحمت |
| الصخرات[1] وجعل حبل المشاۃ | کے نیچے کنکروں کی طرف اور جبل مشاۃ کو |

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ سے) یہاں تک کہ بعض لوگوں نے کہہ دیا کہ جو آیت یا حدیث مذہب کے خلاف ہوگی اس کو نسخ پر محمول کیا جائے گا۔ اللہ پاک کی رحمتیں ہوں۔ امام مالک پر انہوں نے کھلے لفظوں میں اعلان کر دیا کہ امتِ محمدیہ کے متاخرین جب تک متقدمین کے انداز پر کتاب و سنت سے استدلال نہیں کریں گے۔ ان کی اصلاح نہیں ہو سکے گی۔ پس مسلمانوں کے لئے اس کے سوا کوئی چارۂ کار نہیں کہ وہ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ کو لوگوں کی آراء پر مقدم کریں اور تمام معاملات میں ان کا حکم تسلیم کریں۔ [1] اس سے مراد وہ چھوٹے چھوٹے کنکر ہیں جو جبل رحمت سے نیچے بکھرے پڑے ہیں۔ جبل رحمت وہ پہاڑ ہے جو عرفات کی وادی کے درمیان واقع ہے یہی وہ مقام ہے جہاں وقوف کرنا مستحب ہے۔ عام لوگوں میں جو مشہور ہے کہ پہاڑ کے اوپر چڑھنا چاہیے اس کے بغیر وقوف صحیح نہیں وہم ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بين يديه واستقبل القبلة[1] فلم يزل واقفا حتى غربت الشمس وذهبت الصفرة قليلا حتىٰ غاب القرص[2] وقال وقفت ههنا وعرفة كلها موقف واردف اسامة بن زيد خلفه

اپنے سامنے کیا اور قبلہ رخ ہوکر سورج کے غروب تک وقوف فرمارہے اور فرمایا میں نے یہاں وقوف کیا ہے اور عرفہ کی وادی تمام کی تمام وقوف کی جگہ ہے۔ اس کے بعد آپ نے اسامہ بن زید کو اپنے پیچھے بٹھا لیا۔

---

ے احادیث میں مذکور ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس مقام پر وقوف فرماتے اور ہاتھ اٹھا کر دعا فرماتے۔ نیز لبیک کہنا بھی سنّت ہے۔ اگرچہ شیخ الاسلام مناسکِ حج (ص ۳۸۳) میں اس کے خلاف رائے رکھتے ہیں۔ سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں کہ ہم عرفہ میں عبداللہ بن عباس کے ساتھ تھے۔ ابن عباس نے مجھ سے پوچھا کیا وجہ ہے؟ میں لوگوں سے لبیک نہیں سن رہا ہوں۔ میں نے جواب دیا کہ لوگ معاویہ کے خوف سے لبیک نہیں کہہ رہے ہیں یہ سن کر ابن عباس فوراً خیمہ سے باہر نکلے اور لبیک اللّٰھم کے کلمات کہے، پھر کہا لوگوں نے اس سنّت کو حضرت علی کے بغض کی وجہ سے چھوڑ دیا ہے۔ حاکم (۱/۴۶۴ - ۴۶۵)، بیہقی (۵/۱۱۳) اس روایت کو میسرہ بن حبیب نے منہال بن عمرو سے روایت کیا۔ حاکم نے کہا کہ یہ سند شیخین کی شرط پر صحیح ہے۔ ذہبی نے بھی ان کی موافقت کی ہے۔ خیال رہے کہ بخاری، مسلم نے میسرہ سے کوئی حدیث ذکر نہیں کی اور منہال سے صرف امام بخاری نے روایت کی ہے۔ اس کے علاوہ طبرانی نے الاوسط (۱/۱۱۵/۲) میں اور حاکم نے دوسری سند سے ابن عباس سے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عرفات کے وقوف میں لبیک اللّٰھم لبیک کے بعد کہا انما الخیر خیر الآخرۃ اس کی

(باقی اگلے صفحہ پر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## عرفات سے واپسی

ودفع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وفی روایۃ افاض وعلیہ السکینۃ وقد شنق للقصواء الزمام حتی ان راسھا لیصیب مورك رحلہ ویقول بیدہ الیمنی ھکذا واشار بباطن کفہ الی السماء ایھا الناس السکینۃ السکینۃ کلما اتی حبلاً من الحبال ارخی

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب عرفات سے واپس لوٹے تو آپ بڑے سکون و اطمینان سے تھے، آپ نے اونٹنی کی لگام کو کھینچ رکھا تھا۔ یہاں تک کہ اس کا سر آپ کے پالان کے درمیان لگ رہا تھا اور آپ اپنے داہنے ہاتھ کی ہتھیلی سے آسمان کی جانب اشارہ کرتے ہوئے فرمارہے تھے لوگو! سکون و اطمینان اختیار کرو، سکون و اطمینان اختیار کرو جب بھی آپ کسی ریت کے تودے پر سے گزرتے

---

(بقیہ حاشیہ ص سے) سند حسن ہے۔ حاکم ذہبی نے اس کو صحیح کہا ہے، اسی مضمون کی روایت امام بیہقی، میمونہ سے موقوف بھی لائے ہیں۔

لہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقوف میں روزہ سے نہیں تھے، اس لئے کہ ام الفضل نے آپ کی طرف دودھ کا پیالہ بھیجا، آپ اونٹ پر سوار تھے جس کو آپ نے پی لیا (صحیحین) امام نووی فرماتے ہیں کہ عرفات سے واپسی پر سکون کے ساتھ سواریوں کو چلایا جائے۔ ہاں اگر کھلی جگہ آجائے تو تیز کرسکتا ہے۔ جیسا کہ دوسری حدیث میں وارد ہے۔ سے مستطیل ریت کے ٹیلے کو کہتے ہیں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



لها قلبلاً حتی تصّعد۔ تو لگام ذرا ڈھیلی کر دیتے تاکہ اونٹنی اس پر چڑھ جاتے۔

## مزدلفہ میں دو نمازیں جمع کر کے ادا کرنا اور رات گزارنا

حتی اتی المزدلفۃ فصلی بہما فجمع بین المغرب و العشاء باذان واحد واقامتین[۲] ولم یسبح بینہما شیئاً ثم اضطجع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حتی طلع الفجر[۳] وصلی الفجر حین تبین لہ الفجر باذان واقامۃ۔

یہاں تک کہ آپ مزدلفہ پہنچ گئے، وہاں آپ نے مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک اذان اور دو تکبیروں کے ساتھ پڑھائیں اور ان کے درمیان نفل نہیں پڑھے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح صادق تک لیٹے رہے جونہی کہ صبح صادق نمودار ہوئی۔ آپ نے فجر کی نماز اذان اور تکبیر کے ساتھ پڑھائی۔

---

[۱] اس سفر میں آپ لبیک کہتے رہے (صحیحین)

[۲] یہی صحیح ہے بعض مذاہب میں ایک اقامت کہنا منقول ہے جو خلاف سنت ہے۔ ہاں شاذ طور پر ایک اقامت کا ذکر آتا ہے جیسا کہ بعض حدیثوں میں اذان کا ذکر ہی نہیں۔

[۳] حافظ ابن القیم فرماتے ہیں کہ نہ اس رات آپ بیدار رہے اور نہ ہی عید الفطر اور عید الاضحیٰ کی راتوں میں آپ بیدار رہے جن روایات میں بیدار رہنے کا ذکر آیا ہے ان کے ضعف کے لئے دیکھئے۔ (التعلیق الرغیب علی الترغیب والترھیب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## مشعر الحرام پر وقوف کرنا

ثم رکب القصواء حتیٰ اتی المشعر[1] الحرام فرقی علیہ فاستقبل القبلۃ فدعاہ فحمد اللہ وکبرہ وھللہ ووحدہ فلم یزل واقفا حتی اسفر جدًا وقال وقفت ھھنا والمزدلفۃ کلھا موقف۔

پھر آپ قصواء پر سوار ہو کر مشعر الحرام پر چڑھ گئے، وہاں قبلہ رخ ہو کر دُعا کی اللہ کی حمد تکبیر تہلیل توحید کے کلمات کہے آپ وہاں وقوف فرما رہے، یہاں تک کہ روشنی نمایاں ہو گئی اور فرمایا میں نے یہاں وقوف کیا ہے اور مزدلفہ تمام وقوف کی جگہ ہے۔

## جمروں کو کنکر مارنے کے لئے عرفات سے واپس آنا

ندفع من جمع قبل ان تطلع الشمس وعلیہ السکینۃ واردف الفضل بن عباس[2] وکان

آپ سورج طلوع ہونے سے پہلے مزدلفہ سے چل پڑے آپ سکون کے ساتھ آ رہے تھے فضل بن عباس آپ کے پیچھے سوار

---

[1] مزدلفہ میں ایک پہاڑ قزح کے نام سے موسوم ہے؛ چنانچہ فقہا مشعر الحرام سے قزح مراد لیتے ہیں، جبکہ جمہور مفسرین، سیرت نگار اور اہل حدیث تمام مزدلفہ کو مشعر الحرام کہتے ہیں۔ (نووی)

[2] اگر جانور طاقت ور ہو تو اس پر دو آدمی سوار ہو سکتے ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



رجلاً حسن الشعر ابیض و سیما فلما دفع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مرت بہ ظعن[1] تجرین فطفق الفضل ینظر الیھن فوضع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یدہ علی وجہ الفضل فحول الفضل وجھہ الی الشق الاخر فحول رسول اللہ علیہ وسلم یدہ من الشق الآخر علی وجہ الفضل یصرف وجھہ من الشق الاخر ینظر[2] حتی اتی لبطن محسر فحرک قلیلاً و قال علیکم السکینۃ۔

تھا۔ وہ خوبصورت گورے رنگ والا تھا، اس کے بال بھی خوبصورت تھے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گزر رہے تھے، تو آپ کے قریب عورتوں کی سواریاں بھی گزر رہی تھیں۔ فضل اُن کی جانب دیکھنے لگا تو آپ نے اپنا ہاتھ فضل کے چہرے پر رکھ دیا۔ فضل نے اپنا چہرہ دوسری جانب پھیر دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسری جانب سے اپنا ہاتھ فضل کے چہرے پر رکھا۔ دوسری جانب دیکھنے سے اس کے چہرے کو پھیر رہے تھے، یہاں تک کہ وادی محسر میں پہنچے تو آپ نے اونٹنی کو ذرا تیز چلایا اور فرمایا آہستگی اختیار کرو، تیزی نہ کرو۔

---

[1] ظعنیۃ کی جمع ہے، اصلاً اس سواری کو کہتے ہیں جس پر عورت سوار ہو پھر مناسبت کی بنا پر عورت پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔

[2] یہ واقعہ اس واقعہ کے علاوہ ہے جس کو علی ابن عباس نے روایت کیا ہے کہ فضل ایک خثعمی عورت کی طرف دیکھ رہا تھا، اس لئے کہ خثعمیہ عورت کا واقعہ دسویں ذی الحج

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بقیہ حاشیہ:

کو پیش آیا اور یہ واقعہ مزدلفہ کی صبح کو پیش آیا، جبکہ ابھی آپ وادی لبطن محسر سے گزرے نہیں تھے۔ نیز علی کی حدیث میں تصریح ہے کہ خثعمیہ عورت کا واقعہ جمرہ عقبہ کو کنکر مارنے کے بعد منیٰ میں قربان گاہ کے قریب پیش آیا۔ دیکھئے مسند احمد (۱/ ۷۵-۷۶) زوائد المسند (۱/ ۷۶-۸۱) الفوائد المنتقاۃ (۹/ ۲۲۰/ ۱) سند حسن ہے (کما قالہ الحافظ وصححہ الترمذی) اس سے ان لوگوں کا رد بھی ہو رہا ہے جو کہتے ہیں کہ خثعمیہ عورت محرمہ تھی اسی بناء پر آپ نے اس کو چہرہ ڈھانپنے کا حکم نہیں دیا۔ ان کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ وہ صریح حدیث کو غلط قرار دینا چاہتے ہیں کہ عورت کو چہرہ ڈھانپنا ضروری نہیں، اس لئے اگر عورت کا چہرہ ڈھانپنا ضروری ہوتا تو آپ اس کو اس کا حکم دیتے اور اس بات کے تسلیم کرنے میں کہ وہ عورت محرمہ تھی ضروری نہیں کہ وہ چہرہ نہ ڈھانپے۔ ظاہر ہے کہ احرام کا یہ تقاضا نہیں تھا کہ عورت چہرہ ڈھانپ نہیں سکتی۔ خاص طور پر جبکہ شیطان فضل اور اس عورت کے درمیان حائل ہے اور فتنہ واقع ہونے کا خطرہ ہے۔ البتہ احرام میں نقاب وغیرہ سے چہرہ ڈھانپنا ممنوع ہے، ہم ان کی اس بات کو تسلیم نہیں کرتے کہ کسی حدیث میں نہیں ہے کہ وہ عورت محرمہ تھی خصوصاً اس لئے کہ یہ واقعہ جمروں کو کنکر مارنے کے بعد کا ہے اور اس حالت میں محرمہ کے لئے جماع کے علاوہ تمام چیزیں حلال ہو جاتی ہیں تو اس کا چہرے کو نہ ڈھانپنا (جبکہ وہ محرمہ نہیں) سے ثابت ہوا کہ چہرہ ڈھانپنا ضروری نہیں۔ تفصیل کے لئے دیکھئے (حجاب المرأۃ المسلمۃ) ؎ وجہ تسمیہ یہ ہے کہ اصحاب الفیل کا ہاتھی اس جگہ تھک گیا اور چلنے سے رُک گیا۔ یہ مقام منیٰ اور مزدلفہ کے درمیان حدِ فاصل کی حیثیت رکھتا ہے۔ ؎ امام نووی فرماتے ہیں کہ اس قسم کے مقام میں تیز چلنا مسنون ہے۔ حافظ ابن القیم فرماتے ہیں کہ جہاں اللہ کا عذاب نازل ہوا اس مقام سے آپ تیزی کے ساتھ گزرتے تھے جیسا کہ اصحاب الحجر اور ثمود کے علاقوں سے جب آپ گزرے تو منہ سر لپیٹ لیا اور تیزی کے ساتھ گزر گئے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


# جمرہ کبریٰ کو کنکر مارنے

ثم سلك الطريق الوسطیٰ[1] التی تخرجك علی الجمرة الکبریٰ حتیٰ اتی الجمرة التی عند الشجرة فرماها ضحی بسبع حصیات[2] یکبر مع کل حصاة منها مثل حصی الخذف[3]۔

پھر آپ درمیانی راستہ پر چلے جو جمرۂ کبریٰ پر پہنچتا ہے یہاں تک کہ آپ اس جمرہ پر آئے جو درخت کے پاس ہے تو آپ نے اس کو چاشت کے وقت سات کنکر مارے ہر کنکر کے ساتھ اللہ اکبر کہتے۔ یاد رہے کنکر لوبیا کے دانہ کے تقریباً برابر تھے۔

---

[1] جس راستہ سے عرفات گئے اس راستہ سے واپس نہیں آئے (نووی)

[2] کنکر مارتے ہی آپ نے لبیک کہنا ختم کر دیا۔ فضل کی حدیث ملاحظہ فرمائیں۔

[3] لوبیا کے دانہ کے برابر کنکر ہوں اگر کچھ بڑے یا چھوٹے ہوں پھر بھی کفایت ہو سکتی ہے۔ (نووی)، خَذف: کنکر یا کھجور کی گٹھلی کو انگلیوں کی وساطت سے پھینکنا مراد ہے (النہایہ) خیال رہے کہ یہ کیفیت بعض احادیث میں صحابہ کرام سے مروی ہے؛ چنانچہ عبدالرحمان بن معاذ تیمی بیان کرتے ہیں کہ منیٰ میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ فرمایا آپ کے خطبہ سے ہمارے کانوں کی کھڑکیاں کھل گئیں۔ ہم اپنے خیموں میں آپ کا خطبہ سن رہے تھے۔ آپ مناسک حج کی تعلیم دیتے ہوئے جمروں کو کنکر مارنے پر پہنچے، تو آپ نے فرمایا کہ خذف کرو، اس کی وضاحت کرتے ہوئے آپ نے اپنے ایک ہاتھ کی شہادت کی انگلی کو دوسرے ہاتھ کی شہادت کی انگلی پر رکھا (ابوداؤد، نسائی، احمد، بیہقی) اس مضمون کی روایت

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

امالی محاملی (۵/۱۲/۱) اور فوائد المخلص (۷/۱۸۴/۲) میں حرملہ طبقات ابن سعد (۲/۲۹/۱) اور مسلم (۴/۱۷) میں ابن عباس سے ہے، لیکن آپ کا اس کیفیت کے بیان کرنے سے کیا صرف وضاحت مقصود ہے؟ یا یہ مقصود ہے کہ بس یہی کیفیت اختیار کی جائے اگرچہ احتمال دونوں کا ہے، لیکن اقوی یہ ہے کہ مقصود محض وضاحت ہے۔ پس جس طرح بھی رمی ہو سکے، درست ہے؛ البتہ نووی نے احتمال اول کو ابن الہمام نے احتمال ثانی کو ترجیح دی ہے۔

## چند اہم ہدایات

**پہلی ہدایت:** ۔ دسویں ذی الحج کو سورج کے طلوع سے پہلے رمی جمار جائز نہیں، یہاں تک کہ جن عورتوں اور بچوں کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مزدلفہ سے آدھی رات کے بعد آنے کی اجازت دی ہے۔ ان کے لئے بھی ضروری قرار دیا کہ وہ سورج کے طلوع کا انتظار کریں، پھر رمی کریں؛ چنانچہ عبداللہ بن عباس راوی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اہل کو مزدلفہ سے پہلے جانے کا حکم دیا، لیکن سورج کے طلوع سے پہلے رمی کی اجازت نہ دی۔ اس حدیث کے جمیع طرق صحیح ہیں۔ ترمذی ابن حبان نے اس کو صحیح کہا۔ حافظ نے فتح (۳/۴۲۲) میں حسن کہا۔ بخاری کی روایت کو اس کے معارض قرار دینا صحیح نہیں کہ اسماء بنت ابی بکر نے صبح کی نماز سے پہلے رمی کر لی تھی۔ یہ واقعہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد کا ہے۔ پھر اس میں تصریح بھی نہیں ہے کہ اس نے یہ کام آپ کے حکم سے کیا تھا؛ البتہ نصف رات کے بعد مزدلفہ سے روانہ ہونے کی صراحت ہے کہ آپ نے عورتوں کو اس کی اجازت فرمائی۔ ممکن ہے حضرت اسماءؓ نے آپ کی اجازت سے سمجھ لیا ہو کہ جس طرح کوچ کرنے کی اجازت ہے رمی کی بھی اجازت ہے اور اس کو نہی نہ پہنچی ہو جس کا ذکر ابن عباس کی حدیث میں موجود ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



بقیہ حاشیہ:

**دوسری اہم ہدایت:** دسویں ذی الحج کو زوال کے بعد بھی رمی جمار کی اجازت ہے، یہاں تک کہ رات کو بھی رمی کرنا درست ہے۔ پس جو شخص چاشت کے وقت رمی کی تکلیف محسوس کرتا ہے، وہ زوال شمس کے بعد رات کے کسی حصہ میں جب فرصت محسوس کرے رمی کر سکتا ہے۔ دلیل یہ ہے کہ دسویں ذی الحج کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک آدمی نے دریافت کیا کہ میں قربانی ذبح کرنے سے پہلے سر منڈا چکا ہوں، آپ نے فرمایا کچھ حرج نہیں۔ دوسرے نے دریافت کیا کہ میں مغرب کے بعد رمی کر سکا ہوں، آپ نے فرمایا کچھ حرج نہیں (بخاری)، شوکانی کا یہی مذہب ہے ابن حزم محلیٰ میں کہتے ہیں کہ آپ نے دسویں تاریخ کو سورج نکلنے سے پہلے رمی کرنے سے منع فرمایا۔ اس کے بعد اجازت ہے خواہ شام کے بعد کیوں نہ کی جاتے۔ پس اس ہدایت کی روشنی میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت سے بچنا چاہیئے جبکہ اکثر حجاج کا یہ حال ہے کہ وہ کچھ پرواہ نہیں کرتے اور ضرورت کے پیش نظر سورج کے طلوع سے پہلے رمی کر لیتے ہیں۔

**تیسری اہم ہدایت:** محرم جب جمرہ عقبہ کی رمی کر لیتا ہے تو عورت کے علاوہ باقی سب کچھ اس کے لئے جائز ہو جاتا ہے۔ اگرچہ ابھی اس نے حجامت بھی نہ بنوائی ہو۔ حضرت عائشہ بیان کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے ہاتھ کے ساتھ خوشبو لگائی۔ جب آپ نے احرام باندھا اور جب آپ جمرہ عقبہ کو رمی کر چکے ابھی طواف کرنا باقی تھا۔ (احمد) صحیح علیٰ شرط الشیخین چنانچہ عطاء، مالک، ابوثور، ابو یوسف کا یہی مذہب ہے۔ امام احمد سے بھی ایک روایت اسی طرح کی ہے۔ ابن قدامہ نے المغنی (۳/۴۳۹) میں اس کو صحیح کہا ہے۔ ابن حزم کا بھی یہی نظریہ ہے بلکہ ابن حزم تو یہاں تک کہتے ہیں کہ رمی کے وقت کے داخل ہونے کے بعد محرم حلال ہو جائے گا، اگرچہ وہ ابھی رمی نہ کر سکا ہو، لیکن بعض مذاہب میں رمی کے ساتھ حلق کے لئے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بقیہ حاشیہ:
حجامت بنوانے کو معلق کرنا صحیح نہیں۔ اس بارے میں جو معارض حدیث آتی ہے، وہ اس صحیح حدیث کا معارضہ کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتی، لیکن یہ حدیث کہ رمی جمار، حجامت بنوانے ایک روایت کے لحاظ سے ذبح قربانی کرنے کے بعد عورتوں کے علاوہ سب کچھ حلال ہے۔ نہ صرف یہ کہ سند کے لحاظ سے کمزور ہے، بلکہ اس میں متن کے لحاظ سے اضطراب بھی ہے۔ دیکھئے۔ (الاحادیث الضعیفۃ) (رقم مابعد الالف)

**چوتھی اہم ہدایت:** دسویں ذی الحج جمروں کو کنکر مارنے کے لئے جہاں سے چاہے کنکر اٹھا سکتا ہے۔ حافظ ابن تیمیہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے لئے کسی خاص جگہ کا تعین نہیں کیا۔ اس کے متعلق ابن عباس کی حدیث ہے کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دسویں ذی الحج کی صبح کو فرمایا جبکہ آپ اپنی سواری پہ تھے کہا آؤ مجھے کنکر اٹھا کر دو۔ چنانچہ میں نے آپ کو کنکر دیئے۔ جب وہ آپ کے ہاتھ میں تھے، تو آپ نے فرمایا اس مقدار کے کنکر پھینکا کرو (آپ نے تین بار فرمایا) اور دین میں غلو سے بچو تم سے پہلے لوگ غلو کی وجہ سے تباہ و برباد ہوگئے۔ نسائی، ابن ماجہ، ابن الجارود فی المنتقیٰ (رقم ۴۷۳) والسیاق لہ، صحیح ابن حبان، بیہقی، احمد (۱/ ۲۱۵، ۳۴۷) سند صحیح ہے۔ اس حدیث میں جگہ کی صراحت نہیں ہے؛ البتہ الفاظ سے مترشح ہو رہا ہے کہ جمرہ عقبہ کے قریب سے کنکر اٹھائے گئے ہیں؛ چنانچہ ابن قدامہ اسی تاثر کے پیش نظر المغنی (۳/ ۴۲۵) میں فرماتے ہیں۔ کنکروں کو اٹھانے کا واقعہ منیٰ کا ہے۔ لیکن جو حجاج مزدلفہ سے کنکریں اٹھا لاتے ہیں، وہ سنت کی مخالفت کرتے ہیں اور پھر روزانہ اس تکلف کے مرتکب ہوں گے۔ خیال رہے کہ جو کنکر مارے گئے ہیں؛ انہیں اٹھا کر دوبارہ پھینکنا بالکل جائز ہے اس کے منع پر کوئی دلیل نہیں شافعی، ابن حزم کا یہی مسلک ہے؛ البتہ ابن تیمیہ کا مذہب

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



| | |
|---|---|
| فرمی من بطن الوادی وھو علی راحلتہ وھو یقول لتاخذوا مناسککم فانی لا ادری لعلی لا احج بعد حجتی ھذہ قال ورمی بعد یوم النحر فی سائر ایام | آپ نے بطن وادی سے کنکر مارے۔ آپ سواری پر تھے اور فرما رہے تھے کہ مناسک حج معلوم کرو، شاید میں اس سال کے بعد حج پر نہ آؤں۔ راوی نے بیان کیا کہ آپ نے دسویں کے بعد تمام ایام تشریق میں رمی جمار |

---

(حاشیہ صـ سے آگے) ان کے خلاف ہے اور کنکروں کے مقدار کے متعلق ابن عباس کی روایت گزر چکی ہے کہ دین میں غلو جائز نہیں اور چنے کے دانے سے زیادہ بڑی کنکریاں مارنا غلو ہے، لیکن کیا کیا جائے اب تو جہالت انتہا کو پہنچ چکی ہے، جبکہ دیکھنے میں آیا ہے کہ کچھ لوگ کنکروں کے بجائے جوتے پھینکتے ہیں۔ اللہ پاک ان کے حال کی اصلاح فرمائے۔ سنتِ نبوی کے مطابق عمل کی توفیق عطا فرمائے۔

[1] مقصد یہ ہے کہ حج کے تمام امور جن کو میں سرانجام دے رہا ہوں محفوظ کرلو، خود بھی ان کے مطابق عمل کرو اور لوگوں کو بھی سکھلاؤ۔ خیال رہے کہ مناسکِ حج میں یہ حدیث اصل کی حیثیت رکھتی ہے، جیسا کہ نماز میں صلوا کما رایتمونی اصلی کی حدیث اصل ہے۔

[2] آپ اشارہ فرما رہے ہیں کہ میری وفات کا وقت قریب آ چکا ہے۔ فرصت کو غنیمت سمجھو، دین کے امور کو سیکھنے کی کوشش کرو، عنقریب میں تمہیں الوداع کہنے والا ہوں، اسی لئے اس کا نام حجۃ الوداع رکھا گیا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

التشریق[1] اذا زالت الشمس ولقیہ سراقۃ وھو یرمی جمرۃ العقبۃ فقال یا رسول اللہ النا ھذہ خاصۃ قال لا بل لابد[2]

کی، لیکن زوال شمس کے بعد جب جمرہ عقبہ کو کنکر مار رہے تھے تو آپ کو سراقہ ملا۔ اس نے دریافت کیا، یا رسول اللہ! کیا یہ ہمارے لئے خاص ہے؟ فرمایا نہیں، بلکہ یہ ہمیشہ کے لئے ہے۔

## قربانی ذبح کرنا اور حجامت بنوانا

---

[1] دسویں ذی الحج کے بعد تین دن "ایام تشریق" کہلاتے ہیں۔ جمہور علماء کا مسلک یہ ہے کہ ان دنوں میں رمی جمار کا وقت سورج کے زوال کے بعد کا ہے۔ امام نووی فرماتے ہیں کہ ایام تشریق میں اس ترتیب کے ساتھ رمی جمار کی جائے۔ ابتداء جمرہ اولیٰ سے ہو جو مسجد خیف کے قریب ہے۔ پھر وسطیٰ پھر عقبہ کو کنکر مارے جائیں۔ نیز پہلے جمرہ کو کنکر مارنے کے بعد اس کے پاس قبلہ رخ کھڑا رہے اور لمبا عرصہ دعا ذکر اذکار کرتا رہے۔ دوسرے جمرہ کے پاس بھی اسی طرح کرے، لیکن تیسرے جمرہ کے پاس وقوف نہ کرے۔ (صحیح بخاری عن ابن عمر) تینوں دن اس کا استحباب ثابت ہے۔ (نووی)

[2] دوسری روایت میں جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے یوں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب صفا، مروہ کی سعی سے فارغ ہوئے تو سراقہ بن مالک (جو مروہ سے نیچے تھا) نے دریافت کیا، تو آپ نے اس کا جواب دیا۔ مطابقت کی صورت یہ معلوم ہوتی ہے کہ پختگی کے لئے دوبارہ دریافت کیا ہوگا۔ واللہ اعلم فتح الباری (۳/ ۴۸۰)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ثم انصرف الی المنحر فنحر ثلاثا وستین بدنۃ بیدہ ثم اعطیٰ علیا فنحر ما غبر یقول ما بقی واشرکہ فی ھدیہ ثم امر بدنۃ ببضعۃ[1] فجعلت فی قدر فطبخت فاکلا من لحمہا وشربا من مرقتہا۔

پھر آپ مذبح تشریف لے گئے، آپ نے وہاں اپنے ہاتھ کے ساتھ تریسٹھ قربانیاں ذبح کیں، پھر حضرت علی نے باقی ماندہ قربانیوں کو ذبح کیا۔ آپ نے اس کو قربانیوں میں شریک کیا اور ہر اونٹ سے گوشت کا ایک ٹکڑا لینے کا حکم دیا۔ چنانچہ انھیں ایک ہانڈی میں ڈالا گیا، ان کا سالن پکایا گیا دونوں نے گوشت کھایا اور شوربہ پیا۔

وفی روایۃ قال نحر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن نسائہ

اور ایک روایت میں ہے راوی نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیویوں

---

[1] بضعہ: گوشت کے ٹکڑے کو کہتے ہیں معلوم ہوا نفل قربانی اور اضحیہ کا گوشت کھانا مستحب ہے۔ خیال رہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت علی حجۃ الوداع میں قارن تھے اور قارن پر قربانی فرض ہے۔ پس آپ کی تمام قربانی کو نفلی کہنا درست نہیں اگرچہ بعض نفلی ہیں اور حدیث میں تو صراحت ہے کہ آپ نے ہر جانور سے ایک ٹکڑا لیا پس نفلی کی تخصیص اور اس کا استحباب ظاہر نہیں؛ چنانچہ نواب صدیق حسن خان (الروضۃ الندیہ) میں امام نووی کی کلام نقل کرنے کے بعد کہتے ہیں کہ نفلی اور غیر نفلی قربانی میں کچھ فرق نہیں اور ہر قسم کی قربانی سے کھانا جائز ہے۔ ارشاد خداوندی ہے (فکلوا منہا) پس قربانیوں سے کھاؤ۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



بقرة وفي اخرى قال فنحرنا البعير وفي اخرى نحر البعير عن سبعة والبقرة عن سبعة وفي رواية خامسة عنه قال فاشتركنا في الجزور سبعة فقال له رجل ارايت البقرة ايشترك؟ فقال ما هي الا من البدن وفي رواية قال جابر كنا لا ناكل من البدن الا ثلاث منى فارخص لنا رسول الله صلى الله عليه وسلم قال كلوا وتزودوا قال فاكلنا وتزودنا حتى بلغنا بها المدينة ۔

کی طرف سے گائے کی قربانی دی اور دوسری روایت میں ہے راوی نے بیان کیا ہم نے اونٹ کی قربانی دی اور ایک اور روایت میں ہے کہ آپ نے اونٹ اور گائے میں سات آدمیوں کو شریک ہونے کی اجازت دی اور پانچویں روایت میں راوی نے بیان کیا کہ ہم سات آدمی اونٹ کی قربانی میں شریک تھے۔ ایک آدمی نے دریافت کیا جناب! کیا گائے کی قربانی میں بھی اشتراک ہو سکتا ہے؟ آپ نے فرمایا وہ بھی اونٹ کی مانند ہے اور ایک روایت میں ہے جابر نے بیان کیا کہ ہم قربانیوں کے گوشت کو صرف منیٰ کے تین دن کھاتے تھے، پھر آپ نے ہمیں رخصت عنایت فرمائی اور فرمایا کھاؤ اور ذخیرہ کرو۔ راوی بیان کرتا ہے کہ ہم قربانی کا گوشت کھاتے رہے اور ہم نے اس کو محفوظ رکھا، یہاں تک کہ جب ہم مدینہ واپس آئے تو ہمارے ساتھ قربانیوں کا گوشت تھا۔

## دسویں ذی الحج کے دن امور کی ترتیب میں تبدیلی جائز ہے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



وفی روایۃ نحر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فحلق وجلس بمنیٰ یوم النحر للناس فما سئل یومئذ عن شیئ قدم قبل شیئ الا قال لاحرج لاحرج حتی جاءہ رجل فقال حلقت قبل ان انحر قال لا حرج[1] ثم جاءہ اٰخر فقال حلقت قبل ان ادمی قال لاحرج ثم جاءہ اٰخر فقال طفت قبل

اور ایک روایت میں ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانیاں ذبح کرنے کے بعد سر منڈایا اور لوگوں کے سوالات کا جواب دینے کے لئے منیٰ میں بیٹھ گئے۔ اس دن آپ سے جس نے بھی سوال کیا کہ میں نے فلاں فلاں کام فلاں کام سے پہلے کر لیا ہے، تو آپ نے جواب میں فرمایا کچھ اندیشہ نہیں کچھ اندیشہ نہیں یہاں تک کہ آپ کے پاس ایک آدمی آیا۔ اس نے کہا کہ میں نے قربانی کرنے سے پہلے حجامت بنوالی ہے۔ آپ نے فرمایا کچھ ڈر نہیں، پھر ایک

---

[1] دسویں ذی الحج کو امور کی ترتیب یوں ہے کہ پہلے رمی کی جائے، پھر قربانی ذبح کی جائے، پھر سر منڈایا جائے، پھر طواف کیا جائے۔ نیز سر کے منڈانے میں سنت یہ ہے کہ پہلے سر کا دایاں جانب مونڈا جائے۔ احناف اس کے مخالف ہیں، حالانکہ مسلم کی روایت میں ہے کہ آپ نے رمی کے بعد مونڈنے والے سے کہا کہ پہلے دایاں جانب مونڈو، پھر آپ نے حکم دیا کہ بالوں کو لوگوں میں تقسیم کرو۔ اس مسئلہ میں ابن الہمام نے منصفانہ بات کہی ہے، جبکہ وہ فتح القدیر میں اس حدیث کو ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں کہ سنت تو یہ ہے کہ سر کو پہلے دائیں جانب سے مونڈا جائے لیکن ہمارا مذہب سنت کے خلاف ہے۔[2] ان چاروں اعمال میں سے جو عمل کوئی شخص بلا ترتیب پہلے ادا کر چکا ہے، اس کے لئے کوئی حرج نہیں جو باقی رہتا ہے اس کو سرانجام دے اور اس پر کچھ فدیہ نہیں ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ان ارمی قال لاحرج قال آخر طفت قبل ان اذبح قال اذبح ولاحرج ثم جاءہ آخر فقال انی نحرت قبل ان ارمی قال ارم ولاحرج ثم قال نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد نحرت ھٰھنا و منیٰ کلھا منحر و کل فجاج مکۃ طریق و منحر۔[1]

دوسرا انسان آیا اس نے کہا میں نے رمی سے پہلے حجامت بنوالی ہے۔ آپ نے فرمایا کچھ خوف نہیں۔ پھر ایک دوسرا آیا اس نے کہا میں نے رمی سے پہلے طواف کرلیا ہے۔ آپ نے فرمایا کچھ خطرہ نہیں۔ ایک دوسرے نے کہا میں نے ذبح کرنے سے پہلے طواف کرلیا ہے فرمایا کچھ پرواہ نہیں۔ پھر ایک اور آیا اس نے کہا کہ میں نے رمی سے پہلے قربانی ذبح کردی ہے۔ آپ نے فرمایا اب رمی کرلو کچھ ڈر نہیں۔ اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے یہاں قربانی ذبح کی ہے اور تمام منیٰ ذبح کی جگہ ہے اور مکہ کی تمام گھاٹیاں راستے ہیں اور ذبح کی جگہ ہیں۔

---

[1] ضروری نہیں کہ قربانیوں کو منیٰ میں ہی ذبح کیا جائے۔ حدیث کے یہ الفاظ پتہ دے رہے ہیں کہ مکہ مکرمہ میں بھی قربانیوں کو ذبح کرنا جائز اور مسنون ہے؛ چنانچہ بیہقی (۲۳۹/۵) میں صحیح سند کے ساتھ ابن عباس سے روایت ہے کہ قربانیوں کو مکہ میں ذبح کیا جاتے البتہ کوشش کی جائے کہ مکہ مکرمہ کو خون کی غلاظت سے صاف رکھا جائے اور مکہ بھی منیٰ سے ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ منیٰ مکہ سے ہے۔ اس حدیث کے پیش نظر ابن عباس مکہ میں قربانی ذبح فرماتے تھے جبکہ ابن عمر مکہ میں ذبح نہیں کرتے تھے۔ وہ منیٰ میں ذبح کرتے تھے۔ غور کیجئے اگر حجاج کی اکثریت اس حدیث کی روشنی میں مکہ مکرمہ قربانیاں ذبح کرے تو نتیجتہً منیٰ میں قربانیاں کم ذبح ہوں گی تو پھر نہ تو قربانیوں کے گوشت کی بے حرمتی ہوگی اور نہ ہی گوشت کے لوتھڑوں سے منیٰ کی فضا میں بدبو اور سرانڈ پیدا ہوگی اور نہ ہی حجاج کو شکوہ ہوگا کہ قربانیوں کا گوشت رائیگاں جا رہا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(بقیہ حاشیہ)

اور مکّہ میں تو استفادہ کے مواقع زیادہ ہیں، لیکن منیٰ میں نہیں ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ لوگ قربانیوں کی خرید میں کچھ پرواہ نہیں کرتے کہ وہ لاغر قربانی خرید رہے ہیں یا فربہ قربانی خریدنے کی جستجو کیوں نہیں کر رہے ہیں جس طرح کی قربانی میسر آ جاتے ذبح کر دیتے ہیں، پھر نہ اس کی کھال اترواتے اور نہ ہی گوشت کے الگ الگ ٹکڑے کرتے ہیں۔ فقیر محتاج لوگ بھی جب اس قسم کے جانور کے پاس سے گزرتے ہیں جو لاغر ہے پھر اس کی کھال بھی اتری ہوئی نہیں ہے تو وہ پاس سے گزر جاتے ہیں۔ چند دنوں میں گوشت بدبودار ہو جاتا ہے اور منیٰ کی تمام فضا بدبودار ہو جاتی ہے یہاں تک کہ اس تعفّن آلود فضا میں سانس لینا دشوار ہو جاتا ہے۔ قربانی کے متعلّق چند مذکورۃ الذیل باتوں کو ملحوظ رکھا جاتے، تو بہت سے خدشات ختم ہو جائیں گے۔

اولاً: حجاج کی اکثریت قربانیوں کو بجائے منیٰ کے مکّہ میں ذبح کرے۔

ثانیاً: صرف دسویں کو ہی تمام قربانیاں ذبح نہ کی جائیں جب ایام تشریق میں بھی قربانیوں کے ذبح کی اجازت ہے تو ان میں بھی قربانیاں ذبح کی جائیں۔

ثالثاً: فربہ جانور خریدے جائیں، انہیں ذبح کیا جائے پھر ان کا چمڑا اتارا جاتے اور اس کے چھوٹے چھوٹے ٹکرے کیئے جائیں تاکہ ضرورت مند لوگ آسانی کے ساتھ فائدہ اٹھا سکیں۔

رابعاً: خود بھی قربانی کا گوشت کھائے اور اپنے ساتھ بھی لے جائے جیسا کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل سے یہی ثابت ہے خیر الھدیٰ ہدی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پھر اس ترقی یافتہ دور میں بے شمار وسائل اور سہولتیں موجود ہیں۔ سعودی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ قربانی کے گوشت کے سلسلہ میں جس قدر مشکلات ہیں، ان پر قابو پایا جائے کس قدر آسان صورت ہے کہ قربانی کے ان چار دنوں میں کچھ کولڈ سٹور گاڑیاں قربانیوں کے گوشت فراہم کرنے پر لگا دی جائیں اور منیٰ میں ایسے ملازمین کا تقرر کیا جائے جو لوگوں کی ضرورت سے زیادہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

فانحروا من رحالکم۔ — پس تم اپنے گھروں میں قربانیوں کو ذبح کرو۔

## دسویں ذی الحج کو آپ کا خطبہ

وقال جابر خطبنا صلی اللہ علیہ وسلم یوم النحر فقال ای یوم اعظم حرمة؟ فقالوا یومنا ھذا قال فای شہر اعظم حرمة قالوا شہرنا ھذا قال ای بلد اعظم حرمة؟ قالوا بلدنا ھذا قال فان دماء کم واموالکم علیکم حرام کحرمة یومکم ھذا فی بلدکم ھذا فی شہرکم ھذا ھل بلغت؟ قالوا نعم قال اللھم اشھد۔

جابر بیان کرتے ہیں کہ ذی الحج کی دسویں تاریخ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیتے ہوئے فرمایا! کونسا دن زیادہ حرمت والا ہے۔ صحابہ نے عرض کیا ہمارا یہ دن بہت عظمت والا ہے۔ پھر آپ نے فرمایا کونسا مہینہ زیادہ عظمتوں والا ہے۔ صحابہ نے جواب دیا یہ مہینہ زیادہ حرمت والا ہے۔ پھر آپ نے فرمایا کون سا شہر زیادہ حرمت والا ہے۔ صحابہ نے عرض کیا ہمارا یہ شہر زیادہ عظمت والا ہے۔ آپ نے فرمایا تمہارے خون تمہارے اموال تم پر اسی طرح حرام ہیں جس طرح تمہارے اس دن کو تمہارے اس شہر کو تمہارے اس مہینہ کو حرمت حاصل ہے کیا میں نے اللہ کے احکام پہنچا دیئے سب نے اثبات میں جواب دیا۔ آپ نے فرمایا اے اللہ گواہ بن جا۔

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ سے) گوشت کو جمع کر دیں اور اس کو گاڑیوں میں بھر اجائے اور مکہ مکرمہ کے قرب و جوار میں جو بستیاں آباد ہیں، ان میں اس گوشت کو تقسیم کیا جائے۔ اس طرح فقراء مساکین میں گوشت بھی تقسیم ہو جائے گا اور ضائع ہونے بدبودار ہونے سے بھی بچ جائے گا فهذا من مستحب۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## طوافِ صدر

| | |
|---|---|
| ثم رکب رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فافاض الی البیت فطافوا ولم یطوفوا بین الصفا والمروۃ[2] | پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوار ہوئے تو آپ نے بیت اللہ کا طواف کیا، صحابہ نے بھی کیا، لیکن صفا مروہ کے درمیان طواف نہیں کیا۔ |

---

[1] طواف کے بعد آپ مکمل طور پر حلال ہو گئے۔ (صحیحین عن عائشۃ وابن عمر)

[2] حضرت جابر کی حدیث سے معلوم ہوا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور وہ صحابہ جو آپ کے ساتھ قارن تھے جن کے ساتھ قربانیاں تھیں انہوں نے دسویں ذی الحج کو بیت اللہ کا طواف کیا جس کو طوافِ صدر یا طوافِ زیارت کہتے ہیں، لیکن اس روز انہوں نے صفا، مروہ کے درمیان طواف نہیں کیا۔ اس مسئلہ میں حضرت عائشہ کا بیان بھی سن لیجئے۔ وہ فرماتی ہیں کہ جن صحابہ نے عمرہ کا احرام باندھا، انہوں نے بیت اللہ کا طواف کرنے کے بعد صفا مروہ کا طواف کیا، پھر وہ حلال ہو گئے۔ پھر انہوں نے منیٰ سے واپس آکر دسویں ذی الحج کو طوافِ صدر کیا۔ صفا، مروہ کے درمیان طواف نہیں کیا، البتہ وہ لوگ جو قارن تھے، انہوں نے صرف ایک بار طواف کیا۔ (بخاری، مسلم)

حافظ ابن القیم فرماتے ہیں کہ عائشہ مثبت ہے اور جابر نفی کر رہا ہے۔ مثبت کو نافی پر مقدم سمجھا جاتا ہے یا تطبیق کی شکل یوں ہے کہ جابر کا مقصد یہ ہے کہ جو صحابہ کرام آپ کے ساتھ قارن تھے جن کے پاس قربانیاں تھیں اور وہ صاحب ثروت تھے جیسے ابوبکر، عمر، طلحہ، علی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


بقیہ حاشیہ ص۱۱۴

وغیرہ انہوں نے صفا، مروہ کے درمیان ایک سعی کی ہے

عام صحابہ کی بات نہیں ہے یا حضرت عائشہ کی حدیث کو معلول سمجھا جاتے اس لئے کہ یہ جملہ کہ جن صحابہ کرام نے عمرہ کا احرام باندھا تھا، انہوں نے بیت اللہ کا طواف کرنے کے بعد صفا، مروہ کے درمیان سعی کی پھر حلال ہو گئے، پھر انہوں نے دسویں ذی الحج کو طواف کیا۔ البتہ وہ لوگ جو قارن تھے، انہوں نے صرف طواف کیا) حدیث میں مدرج ہے۔ دراصل یہ ہشام کا قول ہے حضرت عائشہ کی حدیث کے بارے میں یہ تین قول ہیں۔ (زاد المعاد)

خیال رہے کہ حضرت عائشہ کی حدیث کے بارے میں یہ کہنا کہ وہ معلول ہے اور مذکورہ جملہ کو ہشام کا قول ساقط الا عتبار بنانا صحیح نہیں ہے۔ اس لئے کہ ہشام ثقہ راوی ہے اور بلا دلیل کسی ثقہ راوی کو غلطی کی طرف منسوب کرنا صحیح نہیں ہے۔ خصوصاً ہشام جیسا ثقہ راوی قطعاً اس قابل نہیں کہ اس کے ساتھ اس قسم کا ناروا سلوک کیا جائے۔ غور کیجئے کہ جب میں نے حضرت عائشہ کی حدیث کو غور سے دیکھا تو اس کی سند میں ہشام نہیں تھا، بلکہ سند میں مالک عن ابن شہاب عن عروہ بن زبیر تھا۔ یہ سند صحت کے لحاظ سے بہت بلند ہے۔ پس غلطی اور ادراج کا طعن ہباءً منثورا ہو گیا۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہ مناسک الحج ص ۳۸۵ ج ۲ میں تحریر کرتے ہیں کہ حضرت عائشہ کی حدیث میں ہے کہ انہوں نے دو بار طواف کیا، لیکن یہ زیادتی عائشہ سے نہیں ہے۔ زہری کا قول معلوم ہوتا ہے۔ خیال رہے کہ زہری حافظہ میں پہاڑ تھے تو کسی کے کہنے سے ان کو خطا کی طرف منسوب نہیں کیا جا سکتا اور پھر علامہ ابن تیمیہ پر تعجب ہے کہ وہ کس طرح اس پر اعتماد کر کے حضرت عائشہ کی حدیث کو رد کر رہے ہیں، چنانچہ اس کے بعد ابن تیمیہ فرماتے ہیں کہ اس سے استدلال کرتے ہوئے بعض لوگ دو طواف کے قائل ہیں، لیکن ان کا استدلال کمزور

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



بقیہ حاشیہ ص۱۱۵

ہے اور جابر کی حدیث واضح ہے، پھر آپ کا یہ فرمانا کہ عمرہ قیامت تک کے لئے حج میں داخل ہو چکا ہے، اس کی تائید کر رہا ہے۔ خیال رہے کہ حضرت عائشہ کی حدیث بلاشک وشبہ صحیح ہے اور اس کو معلول قرار دینے والے اس قابل نہیں ہیں کہ ان کا ذکر تک کیا جائے۔ ہم اپنے اس مؤقف کی تائید میں دو سندیں پیش کرتے ہیں۔ سند اول مؤطا در قم ۲۲۳ ج ۱/۱۷۱ میں یہ حدیث عن عبدالرحمٰن بن القاسم عن ابیہ عن عائشہ مذکور ہے۔ یہ سند پہاڑ کی مانند مضبوط ہے۔ سند ثانی اس کا صریح، صحیح اور شاہد ابن عباس سے ہے کہ ان سے حج تمتع کے متعلق سوال ہوا، تو انہوں نے بیان کیا مہاجرین، انصار، ازواج مطہرات نے حجۃ الوداع کے لئے احرام باندھا۔ جب وہ مکہ میں وارد ہوئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم بجائے حج کے عمرہ کی نیت کرو، لیکن جس کے ساتھ قربانی ہے، وہ حج کے احرام پر قائم رہے۔ ابن عباس بیان کرتے ہیں کہ ہم بیت اللہ کا طواف اور صفا، مروہ کے درمیان سعی کر کے حلال ہو گئے، ہم نے دوسرے کپڑے زیب تن کئے۔ بیویوں کے ساتھ مجامعت کی اس لئے کہ ہمارے ساتھ قربانیاں نہ تھیں اور جن کے پاس قربانیاں تھیں، وہ حلال نہ ہوئے۔ ہم نے ذی الحج کی آٹھویں تاریخ یوم الترویہ کو حج کا احرام باندھا۔ جب ہم مناسکِ حج سے فارغ ہوئے، تو ہم نے بیت اللہ کا طواف کیا اور صفا مروہ کے درمیان سعی کی۔ اس پر ہمارا حج اختتام پذیر ہوا۔ (بخاری تعلیقاً، مسلم خارج از صحیح موصول) (المستخرج لاسماعیلی)، سنن بیہقی (۵/۲۳)، سند صحیح ہے۔ (رجالہ رجال الصحیح) اس سے ثابت ہوا کہ حضرت عائشہ کی حدیث کو مدرج قرار دینا غلط ہے بلکہ یہ کہنا چاہیئے کہ حضرت عائشہ نے ایک زائد چیز کو محفوظ رکھا جس کو حضرت جابر محفوظ نہ رکھ سکے اور متمتع کے لئے دو بار صفا، مروہ کے درمیان سعی فرمانا ہے۔ ابن عباس کی حدیث سے ایک اور اہم بات معلوم ہو رہی ہے کہ جو شخص یہ اعمال کرے گا، اس کا حج پورا ہو گیا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


فصلى بمكة الظهر فاتى بنى عبد المطلب وهم يسقون على زمزم فقال انزعوا بنى عبد المطلب فلولا ان يغلبكم الناس على سقايتكم لنزعت[1] معكم فناولوه دلوا فشرب منه

آپ نے مکہ میں ظہر کی نماز پڑھائی، پھر بنو عبد المطلب کے پاس پہنچے دیکھا کہ وہ زمزم سے پانی نکال کر لوگوں کو پلا رہے ہیں تو آپ نے انہیں کہا اے بنو عبد المطلب تم ہی پانی نکالو۔ اگر یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ لوگ تم پر غالب آجائیں گے اور پھر تم نکالنے کی سعادت سے محروم ہو جاؤ گے تو میں تمہارے ساتھ بنفس نفیس شریک ہو کر پانی نکالتا، اس کے بعد انہوں نے آپ کی خدمت میں پانی کا ڈول پیش کیا آپ نے اس سے پانی پیا۔

---

(بقیہ حاشیہ ص سے) اور جو شخص یہ اعمال نہیں کرے گا اس کا حج پورا نہیں ہے تو معلوم ہوا کہ اگر صفا، مروہ کے درمیان دوسری بار سعی کرنا رکن نہیں، تو واجب ضرور ہے، استحباب کہنا کس بنیاد پر ہے؟ شیخ الاسلام ابن تیمیہ کا قول کمزور ہے کہ صفا مروہ کے درمیان دوبارہ سعی مشروع نہیں ہے جبکہ حج عمرہ اکٹھے ہیں، اس لئے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم مقدم ہے آپ نے سعی کا حکم دیا ہے۔ لے ابن عمر کی روایت ہے کہ آپ نے ظہر کی نماز منیٰ میں پڑھائی (بخاری، مسلم) مطابقت ثابت کرنے کے لئے مختلف قسم کے احتمالات مذکور ہیں، لیکن کوئی صورت ایسی نظر نہیں آتی جس سے کسی ایک کو ترجیح دی جا سکے اور دل کو اطمینان حاصل ہو (نودی، زاد المعاد، نیل الاوطار) پھر ایام تشریق میں آپ منیٰ میں رہے اور جمروں کو کنکر مارتے رہے۔

[1] اگر میں نے پانی کے ڈول کو کھینچا تو خطرہ ہے کہ لوگ اس کو بھی مناسک حج میں شامل کر لیں گے اور پھر تم پر غالب آجائیں گے اور ازدحام ہو جائے گا۔ اگرچہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ کام مبارک ہے اور فضیلت کا حامل ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



# حضرت عائشہ کے واقعہ کی تکمیل

وقال جابر رضی اللہ وان
عائشۃ حاضت فنسکت المناسک
کلّھا غیر انھا لم تطف بالبیت
قال حتیٰ اذا طھرت طافت
بالکعبۃ والصفا والمروۃ
ثم قال قد حللت من حجک
وعمرتک جمیعًا قالت یا
رسول اللہ! اتنطلقون
بحج وعمرۃ وانطلق بحج قال
ان لک مثل مالھم فقالت
انی اجد فی نفسی انی لم اطف
بالبیت حتی حججت قال وکان
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
رجلا سھلاً اذا ھویت الشیئ
تابعھا علیہ قال فاذھب

حضرت جابر بیان کرتے ہیں کہ حضرت عائشہ حیض والی ہوگئی تو اس نے بیت اللہ کے طواف کے علاوہ حج کے تمام مناسک ادا کئے جب وہ پاک ہوگئی تو اس نے کعبہ اور صفا، مروہ کا طواف کیا۔ آپ نے فرمایا عائشہ! اب تو اپنے حج اور عمرہ سے حلال ہوگئی ہے اس پر حضرت عائشہ نے عرض کیا یا رسول اللہ لوگ تو حج، عمرہ دونوں کا ثواب حاصل کریں گے، اور میں صرف حج کا ثواب حاصل کرسکی ہوں۔ آپ نے فرمایا تجھے ان کے برابر ثواب ہے۔ عائشہ نے عرض کیا کہ میں اپنے دل میں سوچ رہی ہوں کہ میں نے کیا حج کیا جبکہ میں بیت اللہ کا طواف نہیں کر سکی ہوں۔ راوی نے بیان کیا کہ رسول اللہ

---

[1] جب حضرت عائشہ کی خواہش دین کے جائز امور کی طرف ہوتی جیسے عمرہ وغیرہ تو اس

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

| | |
|---|---|
| بھا یا عبد الرحمٰن فا عمرھا من التنعیم فاعتمرت بعد الحج ثم اقبلت و ذالک لیلۃ الحصبۃ۔ | صلی اللہ علیہ وسلم نرم مزاج انسان تھے۔ عائشہ جب بھی کسی جائز خواہش کا اظہار کرتی تو آپ اس کو پورا فرماتے۔ اس بنا پر آپ نے عائشہ کے بھائی عبدالرحمٰن سے کہا |

کہ اس کا تنعیم سے احرام بندھوا کر عمرہ کراؤ؛ چنانچہ عائشہ نے حج کے بعد عمرہ ادا کیا پھر وہ آئی جس رات آپ وادیٔ محصب میں تھے۔

---

(بقیہ حاشیہ صد سے) وقت آپ اس کی خواہش کی قدر فرماتے اور اس کو عملی جامہ پہناتے اس لئے کہ آپ اپنی بیویوں کے ساتھ حسن معاشرت رکھتے تھے، خصوصاً طاعاتِ الٰہیہ میں ان کی دل جوئی فرماتے۔ ارشادِ خداوندی ہے (وعاشروھن بالمعروف) نووی

لہ ایام تشریق کے بعد آپ وادیٔ محصب میں رات گزارتے۔ یہ وادی منیٰ اور مکہ کے درمیان واقع ہے۔

طواف وداع: خیال رہے کہ حضرت جابر کی حدیث میں حج نبوی کا ذکر تفصیل کے ساتھ ہے، لیکن کسی روایت میں طوافِ وداع کا ذکر نہیں ہے۔ ہاں البتہ حضرت عائشہ کی روایت میں مذکور ہے حضرت عائشہ بیان کرتی ہیں کہ آدھی رات کے وقت آپ خیمہ میں آتے۔ آپ نے مجھ سے پوچھا آپ عمرہ سے فارغ ہوگئیں۔ میں نے اثبات میں جواب دیا۔ اس پر آپ نے صحابہ کرام کو کوچ کرنے کا حکم دیا؛ چنانچہ آپ نے صبح کی نماز سے پہلے بیت اللہ کا طواف کیا (یہ طواف وداع تھا) پھر آپ عازم مدینہ ہوگئے (بخاری) (مسلم والسیاق لہٗ) (ابوداؤد) نہ اس طواف میں اور نہ ہی طواف زیارت میں آپ نے رمل کیا (ابن عمر فی الصحیحین)

www.KitaboSunnat.com

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



وقال جابر طاف رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم با لبیت فی حجۃ الوداع[1] علیٰ راحلتہ یستلم الحجر بمحجنہ لان یراہ الناس ویشرف ویسئالوہ فان الناس غشوہ فقالت وقال[2] رفعت امرءۃ صبیًا لہا الیٰ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم یارسول اللّٰہ الھذا حج قال نعم ولك اجر[3]

جابر نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں سواری پر سوار ہو کر بیت اللہ کا طواف کیا۔ حجرِ اسود کا چھڑی کے ساتھ استلام کیا۔ آپ اونٹنی پر اس لئے سوار تھے کہ آپ لوگوں سے اونچے ہوں گے تو لوگ آپ کو دیکھ سکیں گے اور آپ سے مسائل پوچھنے میں آسانی ہوگی، کیونکہ لوگوں کا اژدحام بہت تھا۔ ایک عورت نے اپنے بچے کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب اٹھاتے ہوتے سوال کیا یارسول اللہ! اس بچے کا بھی حج ہے۔ فرمایا، ہاں اور تجھے ثواب ملے گا۔

---

[1] غور فرما لیجیئے کہ اس حدیث میں طواف وداع کا تعین نہیں ہے۔ صرف طواف کا ذکر ہے اس کا نام نہیں رکھا گیا۔ اس سے پہلے طوافِ قدوم آپ نے پیدل کیا تھا۔ اس طواف کو طوافِ افاضہ یا طوافِ وداع کہہ لیجیئے۔

[2] یہ حدیث ابن عباس سے بھی مروی ہے اور اس کے بعض طرق میں وضاحت موجود ہے کہ اس عورت نے یہ فتویٰ آپ سے روحاء میں پوچھا جب آپ مکہ سے مدینہ جا رہے تھے۔

[3] چونکہ عورت نے بچے کو اٹھایا ہوا ہے۔ عورت ان کاموں سے اجتناب کر رہی ہے، جن سے محرم کو اجتناب کرنا چاہیئے اور محرم کے افعال ادا کر رہی ہے، اس لئے ان کو اجر و ثواب ملے گا۔ امام نووی فرماتے ہیں امام شافعی، امام مالک، احمد جمہور علماء اس حدیث سے استدلال کر کے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

آخر میں مناسکِ حج کا مختصر خلاصہ پیش کر رہا ہوں تاکہ عوام و خواص اس سے فائدہ اٹھائیں اور حجاجِ حج کے مسائل سے کما حقہٗ واقف ہوسکیں۔

## مسائل حج کا خلاصہ

(۱) احرام کی دو چادریں[1] پہننا (۲) احرام باندھنے سے پہلے خوشبو لگانا (۳) میقات سے احرام باندھنا (۴) حائضہ اور نفاس والی غسل کے بعد احرام باندھیں (۵) حج، عمرہ کا احرام باندھنا (۶) سوار ہوکر حج کرنا (۷) عورتوں بچوں کو حج میں ساتھ لے جانا (۸) نبی صلی اللہ علیہ وسلم

---

بقیہ حاشیہ صنمۂ ۱۲۰

کہتے ہیں کہ بچے کا حج صحیح ہے، لیکن حج نفلی ہوتا ہے، فرض حج سے کفایت نہیں کرسکتا۔ ایک گروہ اس کا بھی قائل ہے کہ فرض حج سے کفایت کرتا ہے۔ علماء اس رائے کو قابلِ التفات نہیں سمجھتے امام ابوحنیفہ کے نزدیک بچے کا حج صحیح نہیں ہے۔ امام صاحب کے تلامذہ کہتے ہیں کہ وہ بچے کو حج کی مشق کرانا چاہتے تھے تاکہ وہ بالغ ہوکر حج کے اعمال ادا کرے، ورنہ اس کا حج درست نہیں ہے۔ حضرت جابر کی حدیث پر جس قدر علم حاصل ہو سکا ہے۔ اس کے تمام الفاظ مختلف طرق اور کتابوں سے جمع کر کے بیان کئے ہیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حجۃ الوداع کی تفصیل میں یہ حدیث سند کی حیثیت رکھتی ہے۔ والحمد للہ علیٰ توفیقہ واسئل اللہ المزید من فضلہ۔

[1] شیخ الاسلام مناسک حج میں فرماتے ہیں احرام کے لئے دو چادریں درکار ہیں، خواہ وہ سلی ہوئی ہوں یا نہ ہوں۔ ہمارے مکرم دوست شیخ عبدالرحمٰن افریقی توضیح الحج والعمرۃ صفحہ ۱۴ میں لکھتے ہیں۔ احرام میں جائز ہے کہ چادریں طولاً سلی ہوئی ہوں یا عرضاً اس مسئلہ میں عوام غلط فہمی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



والا لبیک بلند آواز سے کہنا (۹) جس نے حج افراد کی نیت کی۔ یا حج، عمرہ دونوں کو ملایا، لیکن قربانی ساتھ نہیں اس کا حج مفرد یا قران کو فسخ کرنا (۱۰) طوافِ قدوم کے سات چکر ہیں (۱۱) طواف قدوم میں اضطباع (۱۲) پہلے تین چکروں میں اکڑ کر چلنا (۱۳) حجرِ اسود کے نزدیک اللہ اکبر کہنا۔ (۱۴) ہر چکر میں حجرِ اسود کا بوسہ لینا یا رکن یمانی کو ہاتھ لگانا (۱۵) طواف کے بعد دو رکعت نماز نفل ادا کرنا (۱۶) دو رکعتوں میں قل یا ایھا الکٰفرون اور قل ھو اللہ احد پڑھنا۔ (۱۷) مقام ابراہیم کے پیچھے ان کو ادا کرنا (۱۸) زمزم سے پانی پینا اور سر پر گرانا (۱۹) حجرِ اسود کو بوسہ دینا یا ہاتھ لگانا (۲۰) صفا پر قبلہ رخ کھڑے ہونا (۲۱) اس پر کھڑے ہو کر اللہ کا ذکر کرنا توحید کے کلمات کہنا تین بار تحمید، تکبیر، تہلیل کے کلمات کہنا (۲۲) صفا مروہ کے درمیان سات بار سعی کرنا (۲۳) ان دونوں کے درمیان بطن وادی میں ہر چکر میں دوڑ لگانا (۲۴) مروہ پہ وقوف کرنا (۲۵) مروہ پر اسی طرح اللہ کا ذکر کرنا جس طرح صفا پر کیا تھا (۲۶) دوڑ کو مروہ پر ختم کرنا (۲۷) وہ متمتع یا قارن جس کے ساتھ قربانی نہیں ہے، عمرہ کے بعد بال کٹوا کر اور معروف لباس پہن کر احرام سے حلال ہو جاتے (۲۸) تمتع والا عمرہ سے حلال ہوتے وقت سر کے بال کتروا

---

(بقیہ صہ ۱۲۱) میں مبتلا ہیں کہ مطلقاً سلی ہوئی چادریں ممنوع ہیں، حالانکہ اگر وہ کسی انسانی عضو کے تناسب سے سلی ہوئی ہوں جیسے قمیص، بنیان، کوٹ، صدری، شلوار یہ تو ممنوع ہیں، لیکن وہ کپڑا جو انسان کے تمام اعضاء پر حاوی ہو، اگرچہ وہ سلا ہوا نہ ہو بنتی میں ایسا ہو تو وہ بھی جائز ہے، ہاں اگر چادر چھوٹی ہے اس کے ساتھ کچھ اور کپڑا ملایا گیا ہے تاکہ چادر پورے بدن کو ڈھانپ لے، تو ایسی سلی ہوئی چادر محرم کیلئے درست نہیں ہے۔

ﷺ شیخ الاسلام مناسکِ حج میں فرماتے ہیں کہ احرام فرض یا نفل نماز کے بعد باندھا جائے اگر نفل نماز کا وقت ہو دوسرے قول میں فرض نماز ادا کر کے احرام باندھ لے، ورنہ احرام کے لئے کوئی الگ نماز نہیں یہی قول راجح ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سکتا ہے، منڈانا درست نہیں (۲۹) آٹھ ذی الحج کو حج کا احرام باندھنا (۳۰) منیٰ کی طرف روانہ ہونا اور وہاں رات گزارنا (۳۱) ظہر اور باقی پانچ نمازوں کو وہاں ادا کرنا (۳۲) عرفات کی وادی نمرہ میں خیمہ لگانا (۳۴) وہاں ظہر عصر کی نماز جمع تقدیم کی صورت میں ادا کرنا (۳۵) عرفہ میں وقوف کی حالت میں روزہ نہ ہو (۳۶) عرفہ میں خطبہ دینا (۳۷) عرفہ میں قبلہ رخ ہو کر ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا (۳۸) عرفہ میں لبیک پکارنا (۳۹) عرفہ سے غروب شمس کے بعد سکون کے ساتھ واپس مزدلفہ آنا، مزدلفہ میں مغرب، عشاء کی نماز کو جمع تاخیر کی صورت میں ادا کرنا۔ (۴۱) دونوں نمازیں ایک اذان اور دو تکبیروں کے ساتھ ادا کرنا (۴۲) دونوں نمازوں کے نوافل اور سنن کو چھوڑ دینا (۴۳) مزدلفہ میں رات کو سونا بیدار نہ رہنا (۴۴) جونہی کہ فجر نمودار ہو فجر کی نماز پڑھنا (۴۵) کافی روشنی ہونے تک صبح کی نماز کے بعد مشعر الحرام میں قبلہ رخ وقوف کرنے میں دعائیں مانگنا تحمید و تکبیر اور تہلیل کے کلمات کہنا (۴۶) راستہ میں بطن محسر وادی میں سے ذرا تیزی کے ساتھ گزرنا (۴۸) عرفات جاتے ہوئے جو راستہ اختیار کیا تھا، جمروں کی طرف جاتے ہوئے وہ راستہ اختیار نہ کرنا، دوسرے راستے پر چلنا (۴۹) دسویں ذی الحج کو بطن وادی سے چاشت کے وقت جمرہ کبریٰ کو سات کنکر مارنا (۵۰) جمروں کو مارے جانے والے کنکر چنے کے دانے کے برابر ہوں۔ (۵۱) سورج کے زوال کے بعد بھی کنکر مارے جائز ہیں (۵۲) بطن وادی سے کنکر مارے جائیں (۵۳) ہر کنکر کے ساتھ اللہ اکبر کہی جاتے (۵۴) جمروں کو کنکر مارتے ہی لبیک کہنا ختم کر دیا جاتے (۵۵) جمروں کو کنکر مارنے کے بعد محرم کچھ حلال ہو جاتا ہے (۵۶) ایام تشریق میں زوال شمس کے بعد جمروں کو کنکر مارے جائیں (۵۷) قارن اور متمتع قربانی ذبح کرے اگر قربانی نہ پائے، تو تین دن کے روزے ایام حج میں رکھے اور سات روزے جب گھر واپس لوٹے (۵۸) اونٹ، گائے کی قربانی سات انسانوں کی طرف سے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


کفایت کرتی ہے (۵۹) قربانیاں منیٰ اور مکہ میں ذبح کی جائیں (۶۰) قربانیوں سے گوشت کھایا جائے (۶۱) جمروں کو کنکر مارنے کے بعد خوشبو لگانا جائز ہو جاتا ہے (۶۲) سر منڈایا جائے (۶۳) پہلے دائیں جانب سے سر منڈایا جائے (۶۴) دسویں ذی الحج کو خطبہ دینا (۶۵) طوافِ افاضہ میں رمل نہیں (۶۶) متمتع طواف افاضہ کے بعد صفا مروہ کے درمیان دوڑ لگائے، قارن کے لئے سعی نہیں ہے (۶۷) دسویں ذی الحج ترتیب کے ساتھ مناسک ادا کئے جائیں (۶۸) دس ذی الحج کے بعد محرم مکمل طور پر حلال ہو جاتا ہے (۶۹) طواف ختم کرنے کے بعد آبِ زمزم پینا (۷۰) ایام تشریق کے تین دن منیٰ کی جانب جانا اور وہاں قیام کرنا (۷۱) ایام تشریق کے تین دن روزانہ زوال شمس کے بعد تینوں جمروں کو کنکر مارنا (۷۲) طوافِ وداع بلا رمل کرنا۔

بحمد اللہ حج کے خلاصہ پر کتاب کا اختتام کر رہا ہوں۔ واٰخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

---

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# اہم معلومات کا اضافہ

میں چاہتا ہوں کہ اس اشاعت میں چند معلومات کا اضافہ کروں جس میں مدینہ منورہ، بیت المقدس کی زیارت کے سلسلہ میں جو بدعات رواج پا چکی ہیں، ان سے متعلق تحقیقی انداز میں مواد کا ذکر کروں تاکہ جو لوگ لاعلمی سے ان کا ارتکاب کر رہے ہیں، انہیں آگاہ کیا جائے، شاید وہ باز آجائیں اور میری خیر خواہی قبول کریں۔ ظاہر ہے کہ کوئی عمل اس وقت تک عنداللہ مقبول نہیں، جب تک کہ وہ خالصتاً اللہ کی رضامندی کے لئے نہیں کیا جاتا، عمل کے لئے صالح ہونا بھی ضروری ہے اور کوئی عمل اس وقت صالح نہیں کہلا سکتا جب تک کہ وہ کتاب وسنت کے موافق نہ ہو۔ محققین اہل علم اس بات پر متفق ہیں کہ ہر وہ عبادت جس کو آپ کے قول یا فعل کے ساتھ مشروعیت حاصل نہیں، وہ عبادت ہی نہیں، پس سنت کی دو قسمیں ہیں۔ ایک سنت فعلیہ، دوسری سنت ترکیہ۔ پس جس طرح وہ عبادت صحیح ہے جس کا کرنا آپ سے ثابت ہے، اسی طرح وہ عبادت غیر صحیح ہے جس کا کرنا آپ سے ثابت نہیں جب آپ نے اس کو چھوڑ دیا ہے، تو اس کا چھوڑنا سنت ہوگا کیا یہ حقیقت نہیں کہ اذان کے کلمات میں اللہ کی تعظیم ہے لیکن عیدین کی نماز یا میت کے دفن کے وقت اذان کے کلمات دُہرانا جائز نہیں ہے۔ ان دونوں صورتوں میں اس کا چھوڑنا ہی صحیح ہے۔ اذان کے کلمات کے ساتھ تعظیم کا اظہار کرنا ممنوع ہے؛ چنانچہ صحابہ کرام خوب سمجھتے تھے کہ بدعات سے جس قدر دور رہا جائے بہتر ہے۔ حضرت حذیفہ بن یمان فرماتے ہیں جس عبادت کو صحابہ کرام نے عبادت قرار نہیں دیا، تم بھی اس کو عبادت نہ سمجھو۔ حضرت ابن مسعود فرماتے ہیں رسول اکرم کی اتباع کرو اور بدعات سے دور رہو، اس لئے کہ تمہاری ضرورتیں اتباع سے پوری ہو رہی ہیں، تو تمہیں جدید یا نئے راستوں کی کیا ضرورت ہے؟

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



پس کس قدر خوش نصیب ہیں، وہ جنہیں اللہ کی توفیق حاصل ہے کہ وہ عبادات میں اتّباع سنّت کے جادۂ مستقیم سے نہیں سرکتے اور بدعات کی پرآشوب وادیوں سے تنفر اختیار رکھتے ہیں، یہی وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ کی طرف سے بشارتیں ملتی ہیں کہ اللہ پاک نے ان کی عبادات کو شرفِ قبولیت بخشا اور انہیں جنت میں داخل فرما دیا۔ جعلنا اللہ من الذین یستمعون القول فیتبعون احسنہ

## بدعات کی قسمیں

جاننا چاہیے کہ بدعت کی دو مشہور قسمیں ہیں، پہلی قسم ان بدعات کی ہے جن کی نشاندہی اہل علم کی کتابوں میں موجود ہے۔ یہ قسم بڑی کثرت کے ساتھ موجود ہے۔ دوسری قسم کی بدعات وہ ہیں جن کے بدعت ہونے پر اہل علم کی طرف سے صراحت نہیں پائی جاتی؛ البتہ سنّت اور قواعد واصول کی روشنی میں ان پر بدعت کا حکم لگانا درست ہوتا ہے پس غور وفکر کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ بدعات کا فروغ چار چیزوں کی وجہ سے ہے ان سے احتیاط ضروری ہے۔

اوّلاً: ایسی کمزور حدیثیں جو نہ تو قابل استدلال ہوں اور نہ ہی ان کی نسبت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کی جانب کرنا درست ہو ظاہر ہے کہ ایسی حدیثیں شرعاً قابلِ عمل نہیں ہوسکتیں؛ چنانچہ حافظ ابن تیمیہ اور ان کے ذہن کے موافق علمائ کمزور حدیثوں کے متعلق یہی رائے رکھتے ہیں۔ اس مسئلہ کی تفصیل دیکھنا ہو تو میری کتاب "صفتہ صلوٰۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم" کا مقدمہ دیکھیں۔

ثانیاً، من گھڑت حدیثیں جن کا اصل ثابت ہی نہیں لیکن بعض فقہا کی نظروں سے ان کا موضوع ہونا مخفی رہا، اس لیے انہوں نے ان سے استدلال کرتے ہوئے کچھ احکام ثابت

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کر دیئے، ایسے احکامِ دین میں بدعت کے قبیل سے سمجھے جائیں۔

ثالثاً: بعض فقہاء خصوصاً متاخرین نے کچھ اجتہادات کئے اور استحسانات کا ذکر کیا لیکن ان کے دلائل کو ذکر نہ کیا، اس لیے کہ ان کے متعلق کوئی شرعی دلیل موجود نہ تھی، اس کے باوجود فقہا نے ان کو مسلمات کی حیثیت سے ذکر کیا ہے۔ لوگوں نے ایسے بلا دلیل اجتہادات اور استحسانات کو سنت قرار دے دیا اور ان کی اتباع کا چرچا کرنے لگے، حالانکہ حقیقت بین نگاہوں سے اگر دیکھا جائے، تو کوئی شخص جو دینی بصیرت رکھتا ہو، وہ ان کی اتباع کو کبھی جائز نہیں قرار دے سکتا، اس لئے کہ شرعی امور صرف وہ ہیں جن کو اللہ پاک نے مشروع فرمایا۔ ہاں مجتہدین کے استحسانات اگرچہ استحساناً ان پر عمل کرنا جائز ہے اور ان پر عمل کرنے سے عند اللہ مؤاخذہ نہیں ہوگا لیکن ان کو شریعت اور سنت قرار دینا کسی بھی شکل میں درست نہیں اور ان کو شریعت سمجھنا کیسے جائز ہو سکتا ہے جب کہ بعض اجتہادات اور استحسانات سنت ثابتہ کے مخالف ہیں جیسا کہ ان کا ذکر آئندہ اوراق میں کیا جائے گا، انشاء اللہ تعالیٰ۔

رابعاً: وہ عادات، خرافات جو شرعاً ثابت نہیں ہیں اور نہ ہی عقل ان کو مستحسن گردانتی ہے۔ ہاں عوام الناس جاہل لوگ ان پر عمل کرتے ہیں اور ان کو شریعت کا حصہ قرار دیتے ہیں، حالانکہ اہل علم نہ صرف یہ کہ ان کی تائید نہیں کرتے ہیں، بلکہ ان کی تردید کرتے ہیں۔

خیال رہے کہ تمام بدعات درجات کے لحاظ سے مساوی نہیں ہیں، بعض بدعات تو اتنی خطرناک ہیں کہ انہیں شرک وکفر کے ساتھ تعبیر کرنا زیادہ مناسب ہے، اور بعض مرتبہ کے لحاظ سے شرک، کفر سے کم درجہ رکھتی ہیں، لیکن اتنی بات قطعی ہے اور اس کا جاننا سب کے لئے ضروری ہے کہ بدعت خواہ کتنی حقیر کیوں نہ ہو، اس کی حیثیت دین میں حرام کی ہے،

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



گویا کہ بدعت کا ارتکاب کرنے والا حرام کام کا ارتکاب کرنے والا ہے۔ یہ سمجھنا کہ بعض بدعتیں مکروہ ہوتی ہیں، غلط ہے اور اس کو حرام سے کم قرار دینا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کے منافی ہے کہ ہر قسم کی بدعت گمراہی ہے اور ہر گمراہی جہنم میں پہنچانے والی ہے۔ بدعت کے موضوع پر علامہ شاطبی کی کتاب (الاعتصام) تحقیقی انداز میں لکھی گئی ہے، اس کا مطالعہ مفید ثابت ہوگا۔

خیال رہے کہ دینِ اسلام میں جس قدر بدعات کا مسئلہ سنگین ہے، اسی قدر عوام اس سے غفلت برت رہے ہیں، لیکن اہلِ علم کی نظروں سے اوجھل نہیں ہے کہ بدعات کس قدر دینِ اسلام کے چہرے کو مسخ کر رہی ہیں۔ ارشادِ نبوی ملاحظہ فرمائیں:

| | |
|---|---|
| ان اللہ حجب التوبۃ عن کل صاحب بدعۃ حتی یدع بدعتہ رواہ الطبرانی والضیاء المقدسی فی الاحادیث المختارۃ وغیرھا بسند صحیح وحسنہ المنذری | بے شک اللہ بدعتی کی توبہ اس وقت تک قبول نہیں کرتے، جب تک کہ وہ بدعت چھوڑتا نہیں۔ طبرانی، ضیاء مقدسی نے المختارہ میں اور ان کے غیر نے صحیح سند کے ساتھ ذکر کیا۔ منذری نے اس کو حسن کہا۔ |

## بدعت کی شناعت پر شیخ حسن بن علی بربہاری کا ایمان افروز بیان[1]

بدعت کی بحث کے اختتام پر ضروری سمجھتا ہوں کہ قارئین کو ایک بہت بڑے امام (جو امام اہل السنت احمد بن حنبل کے شاگردوں میں سے ہیں) کے بیان سے روشناس کراؤں تاکہ آپ بدعات کے ارتکاب سے باز رہیں۔

---

[1] طبقات الحنابلۃ لابن ابی یعلیٰ (۲/ ۱۸- ۱۹)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

نیز چھوٹی بدعتوں سے بھی بچو، اس لئے کہ بالآخر چھوٹی بدعتیں ہی بڑی بن جاتی ہیں۔

اسی طرح سمجھ لیجئے کہ امّت مسلمہ میں جس قدر بدعتیں موجود نظر آرہی ہیں۔ اوّلاً یہ چھوٹی تھیں اور بظاہر حق کے ساتھ متشابہ تھیں۔ پس بعض لوگ جب ان میں داخل ہوئے تو وہ ان بدعات کے نقصانات سے واقف نہ تھے۔ جب بدعتوں نے خوفناک شکل اختیار کرلی، تو یہ لوگ بدعات کی دلدل سے پاؤں باہر نہ رکھ سکے۔ نتیجتہً لوگوں نے بدعات کو ہی دین سمجھ لیا۔ پس جب بھی آپ کسی کی زبان سے دین کے متعلق کوئی بات سنیں تو اس وقت تک اس بات کو تسلیم نہ کریں جب تک کہ آپ کو یہ معلوم نہ ہو کہ یہ بات صحابہ کرام اور علماء سلف سے ثابت ہے۔ اگر آپ کو ثبوت مل جائے تو اس کو قبول کرلیجئے نہ اس میں اضافہ کریں اور نہ اس پر کسی دوسرے انسان کی بات کو ترجیح دیں۔

اچھی طرح سمجھ لیجئے! اس وقت تک آپ میں سے کسی انسان کا اسلام مکمل نہیں کہلا سکتا جب تک کہ وہ شریعتِ اسلامیہ کے احکام کی اتباع نہ کرے اور دل وزبان سے تصدیق نہ کرے۔ اگر دین اسلام کی تعلیمات کے بارے میں آپ یہ نظریہ رکھیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ نے ہمیں ضرورت کی تمام چیزوں کے متعلق آگاہ نہیں کیا تو گویا آپ ان کی تکذیب کر رہے ہیں اور ان کے خلاف زبانِ طعن دراز کر کے اسلام میں افتراق واختلاف کی خلیج کو وسیع کر رہے ہیں، بدعات کا دروازہ کھول کر گمراہی کا سامان فراہم کر رہے ہیں اور اسلام میں نئی بات کو داخل کرنے والے گمراہ ہیں۔

## امام مالک کا قول

امّتِ محمدیہ کے متاخرین کی اصلاح ان ہی راستوں پر چل کر ہوگی جن راہوں پر

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ان کے متقدمین چلتے رہے جن باتوں کو انہوں نے دین نہ سمجھا۔ ان باتوں کو ہم بھی دین نہ سمجھیں۔ ارشادِ نبوی ملاحظہ فرمائیں:

ما ترکت شیئاً یقربکم الی اللّٰہ الّا وقد امرتکم بہ وما ترکت شیئاً یبعدکم عن اللّٰہ ویقربکم الی النار الا وقد نھیتکم عنہ۔

جو چیزیں تمہیں اللہ کے قریب کر سکتی ہیں میں نے تم کو ان کا حکم دے دیا اور جو چیزیں تمہیں اللہ سے دُور کر دیں اور جہنم کے قریب کر دیں، ان سے میں نے تم کو باز رہنے کا حکم دے دیا ہے۔

وَالحمد للّٰہ الذی بنعمتہٖ تتمّ الصّالحات

## احرام سے قبل کی بدعات

۱۔ صفر کے مہینے میں سفر نہ کرنا، نیز نکاح وغیرہ کرنے سے رُکنا۔[۱]

۲۔ کسی ماہ کے آخر میں سفر کرنے کو مکروہ جاننا، خصوصاً جب چاند عقرب بُرج میں ہو۔[۲]

۳۔ گھر سے سفر کرنے کے بعد گھر والوں کا گھر کو صاف نہ کرنا اور جھاڑو نہ دینا۔[۳]

۴۔ حج کے سفر پر نکلتے وقت دو رکعت نفل پڑھنا پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد قُل یاایّھا الکافرون اور دوسری رکعت میں قل ھو اللّٰہ احد سورتیں پڑھنا، فارغ ہونے کے بعد کہنا اللھم بك انتشرت والیك توجھت (اے اللہ میں تیرے ساتھ چلا اور تیری طرف متوجہ ہوا) نیز آیۃ الکرسی، سورۃ اخلاص، معوذتین کی تلاوت کرنا، ان کا

---

[۱] یہ حدیث (کہ جو شخص مجھے صفر کے ختم ہونے کی بشارت دے گا، میں اس کو جنت کی خوشخبری (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ذکر احیاء العلوم للغزالی، الفتاوی الہندیہ اور شرعۃ الاسلام وغیرہ میں ملتا ہے، لیکن اس مضمون کی حدیث ضعیف ہے (سلسلۃ الاحادیث الضعیفہ) رقم (۳۷۲) پس کمزور حدیث کے ساتھ دو رکعات کی تعبدیت ثابت نہیں ہوسکتی۔ علامہ مناوی کا حدیث کو ضعیف ثابت کرنے کے بعد دو رکعات کی مسنونیت ثابت کرنا صحیح نہیں۔ اسی طرح اس مضمون میں حضرت انس سے مروی حدیث کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر کا ارادہ فرماتے تو روانہ ہوتے وقت فرماتے: اے اللہ! میں تیرے سہارے نکل رہا ہوں (الحدیث) اس کو ابن عدی اور بیہقی نے (۵/ ۲۵۰) میں ذکر کیا۔ اس میں عمر راوی اور بعض کے قول کے مطابق عمرو بن مساور منکر الحدیث راوی ہے (بخاری) دیگر محدثین نے اس راوی کو کمزور کہا ہے۔

۵۔ (چار رکعت نماز ادا کرنا) اس مضمون کی روایت کو الخرائطی نے حضرت انس سے مکارم الاخلاق میں بیان کیا ہے جو کمزور ہے۔ حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ سفر پر جانے والا اپنے گھر کا خلیفہ اس سے بہتر اور کوئی نہیں بنا سکتا کہ وہ چار رکعت نفل پڑھے۔ علامہ عراقی نے بھی اس حدیث کو کمزور کہا ہے۔

۶۔ حج کا سفر اختیار کرنے والا گھر سے نکلتے وقت سورہ آل عمران، آیۃ الکرسی، انا انزلنٰہ اور سورۃ فاتحہ اس نیت سے پڑھے کہ ان کے پڑھنے سے اس کی دنیوی، اخروی تمام ضرورتیں پوری ہوجائیں گی۔ یہ حدیث اگرچہ مرفوع ہے لیکن اس کا باطل ہونا واضح ہے کما فی التذکرۃ (۱۲۳)

---

(بقیہ حاشیہ ص۱۳۰ سے)

دیتا ہوں) موضوع ہے الفتاوی الہندیہ (۵/ ۳۳۰) دیگر کتب موضوعات۔

۲؎ اس معنیٰ کی حدیث بھی موضوع ہے۔ تذکرۃ الموضوعات۔ (۱۲۲)

۳؎ المدخل لابن الحاج (۲/ ۶۷)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۷) حاجیوں کو الوداع کرتے وقت اور ان کا استقبال کرتے وقت بلند آواز کے ساتھ اللہ کا ذکر کرنا اور اللہ اکبر کہنا بدعت ہے۔[1]

(۸) حاجیوں کو الوداع کرتے وقت اذان کے کلمات بآوازِ بلند کہنا بدعت ہے۔

(۹) غلافِ کعبہ کا جلوس نکالنا خلافِ سنّت ہے۔[2]

(۱۰) حجاج کو رخصت کرتے وقت گانے وغیرہ کا اہتمام کرنا بدعت ہے۔

(۱۱) سفر کے لیے تنہائی کو پسند کرنا تاکہ اللہ کے ساتھ محبت کا غلبہ زیادہ ہو جائے (جیسا کہ بعض صوفیا اس نظریہ کے قائل ہیں) خلافِ سنّت ہے۔

(۱۲) اللہ پر توکل کا اظہار کرتے ہوئے بلا زادِ راہ سفر کرنا جیسا کہ امام غزالی نے (الاحیاء ۳/ ۲۴۹) میں بلا زادِ راہ سفر کرنے کو مستحب گردانا ہے۔ نیز انہوں نے (۴/ ۲۲۹) میں بلا زادِ راہ جنگلوں کی طرف سفر کرنے کو توکل کا اعلیٰ مقام قرار دیا ہے، خلافِ سنّت ہے۔

## امام غزالی کا نظریہ غلط ہے

امام غزالی نے توکل کے پیشِ نظر جو نظریہ بیان کیا ہے وہ صحیح نہیں ہے۔ اگر ان کا بیان کردہ نظریہ صحیح ہوتا تو رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ حقدار تھے کہ آپ اس قسم کے توکل کا اظہار فرماتے، حالانکہ ہم دیکھتے ہیں کہ آپ جب مکہ مکرمہ حج کے لیے تشریف لے جا رہے ہیں، تو

---

[1] المدخل (۴/ ۲۲۳) مجلہ المنار (۱۲/ ۲۷۱)

[2] الحمدللہ اب یہ بدعت ختم ہو کر رہ گئی ہے۔ المدخل (۴/ ۲۱۳) الابداع فی مضار الابتداع (۱۳۱-۱۳۲) تفسیر المنار (۱۰/ ۳۵۸)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

آپ کے ساتھ قربانیاں تھیں اور پھر کس قدر تعجب انگیز بات ہے کہ امام غزالی جنہیں حجۃ الاسلام کا لقب دیا جاتا ہے ایسا نظریہ پیش کریں جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طرزِ عمل کے مخالف ہونے کے ساتھ ساتھ قرآن پاک کی نص کے بھی خلاف ہو۔ ارشاد خداوندی ملاحظہ فرمائیں:

وتزودوا فان خیر الزاد التقوٰی۔ اور زادِ راہ لے جایا کرو بے شک بہترین زادِ راہ پرہیزگاری ہے۔

اس آیت کے شانِ نزول میں مفسرین رقمطراز ہیں کہ یمن کے لوگ حج پر جاتے لیکن زادِ راہ نہیں لے جاتے تھے اور کہا کرتے تھے کہ ہم اللہ پر توکل کرنے والے ہیں۔ (بخاری)

تو سمجھ میں نہیں آرہا ہے کہ وہ کون سے اسباب تھے جنہوں نے امام غزالی جیسے انسان کو کتاب وسنت کی مخالفت پر اکسایا۔ کیا وہ ان نصوص سے ناواقف تھے؟ ہرگز نہیں۔ بھلا امام غزالی جیسے انسان کی نظروں سے اس قسم کے واضح نصوص مخفی رہ سکتے تھے۔ بالآخر اس بات کے علاوہ اور کیا کہا جا سکتا ہے کہ تصوف نے انہیں اس غلط راہ پر لگایا۔ تصوف کی اوٹ میں نصوص کی تاویل کرنا اور شریعت کے جادۂ مستقیم سے انحراف کرنا صوفیا کا شیوہ رہا ہے جس طرح متکلمین نصوص کی غلط تاویلات کرکے گمراہ ہو گئے، اسی طرح یہ بھی گمراہ ہو گئے۔ عصمنا اللہ بالسنۃ من کل ما یخالفھا۔

(۱۳) انبیاء علیہم السلام اور صالحین کی قبروں کی زیارت کے لیے سفر اختیار کرنا۔ البتہ ان کی قبروں کی زیارت بلا سفر کے اختیار کرنا مشروع ہے۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہ سمیت تمام علماء کا اس پر اتفاق ہے اور جو لوگ ابن تیمیہ پر الزام لگاتے ہیں کہ وہ مطلقاً انبیاء کرام صالحین کی قبروں کی زیارت بلا سفر کو جائز نہیں سمجھتے، وہ جاہل خود غرض ہیں[1]

---

[1] مجموعۃ الرسائل الکبریٰ شیخ الاسلام ابن تیمیہ (۲/۳۹۵)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۱۴) شادی شدہ عورت بلا محرم حج پر جائے تو جس کے ساتھ وہ سفر حج پر جائے اس کو اپنا محرم بنالے۔ ظاہر ہے کہ یہ بدعت انتہائی مذموم ہے اس طرح دو غیر محرم مرد، عورت اکٹھے سفر کرنے والے بے حیائی کا ارتکاب کر سکتے ہیں۔ شریعتِ اسلامیہ میں اس قسم کے حیلوں کی گنجائش نہیں ہے مسلمان مرد، عورت کے لئے ضروری ہے کہ وہ تہمت کے مقامات سے کنارا کش رہیں۔[1]

(۱۵) حجاج سے ٹیکس وصول کرنا[2] خلافِ سنت ہے۔

(۱۶) دورانِ سفر جہاں رُکے، وہیں دو نفل ادا کرنا اور ذیل کی دعا کرنا (اللّٰھم انزلنی منزلاً مبارکاً وانت خیر المنزلین) مشروع نہیں ہے۔

(۱۷) جہاں بھی رُکے وہاں ایک بار سورۂ اخلاص ایک بار آیۃ الکرسی اور ایک بار وما قدروا اللّٰہ حق قدرہ پڑھنا[3] خلاف سنت ہے۔

(۱۸) جہاں بھی رُکے وہاں سے پیاز[4] کھائے، یہ بھی بدعت ہے۔ اس کے استحباب پر کوئی شرعی دلیل موجود نہیں ہے نہایہ میں ابن اثیر نے ایک حدیث نقل فرمائی ہے کہ جو شخص جس زمین میں اترے، وہاں کا پیاز کھانے سے اس زمین کا پانی اس کو نقصان نہیں پہنچائے گا۔ یہ حدیث غریب ہے اس کا اصل ثابت نہیں ہے۔ خیال رہے کہ النہایہ میں کثرت کے ساتھ ایسی

---

[1] السنن والمبتدعات (۱۰۹)

[2] الاحیاء (۱/۲۳۶)

[3] شرح شرعۃ الاسلام ص (۳۶۹/۳۷۳)

[4] شرح الشرعۃ ص ۳۸۱

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

حدیثیں موجود ہیں جو بالکل بے اصل ہیں۔

(۱۹) شریعتِ اسلامیہ میں جس مقام پر جانے کا استحباب ثابت نہیں، وہاں خیر و برکت کے قصد سے جانا بدعت ہے، مثلاً وہ مقامات جہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آثار پائے جاتے ہیں۔ آثار الانبیاء کے سلسلہ میں صخرہ بیت المقدس، دمشق میں مسجد القدم اور انبیاء صلحاء کے مشاہد مزارات قابلِ ذکر ہیں۔[1]

اس سلسلے میں حضرت عمرؓ سے صحیح سند کے ساتھ مروی ہے کہ انہوں نے سفرِ حج میں لوگوں کو کسی مقام کی طرف جاتے دیکھا تو استفسار کیا لوگ کہاں جا رہے ہیں بتایا گیا لوگ اس مقام کی طرف نماز ادا کرنے جا رہے ہیں جہاں رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا فرمائی تھی۔ یہ سن کر آپ نے فرمایا اہلِ کتاب کی ہلاکت کا سبب یہی تھا۔ انہوں نے انبیاء کے آثار کو معبد خانے بنا لیا۔ یاد رکھو جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا فرمائی تھی اگر اس مقام پر نماز کا وقت ہو جائے تو نماز ادا کرنے میں کچھ حرج نہیں، لیکن وہاں نماز کے لئے قصداً جانا جائز نہیں۔ یہ مسئلہ تحذیر الساجد ص ۷۰ پر تفصیل کے ساتھ مذکور ہے۔ اگر اس کے ساتھ ساتھ الاحیاء (۱/ ۲۳۵) کا مطالعہ کریں گے، تو آپ کو عجیب و غریب معلومات حاصل ہوں گی۔[2]

---

[1] اقتضاء الصراط المستقیم (ص ۱۵۱ و ۱۵۲)

[2] راقم الحروف نے تحذیر الساجد کا ترجمہ اُردو زبان میں کیا۔ بحمداللہ کتاب زیورِ طبع سے آراستہ ہو کر ہاتھوں ہاتھ بک رہی ہے۔ اس وقت اس کا تیسرا ایڈیشن چھپ کر بازار میں آ گیا ہے۔ والحمد للہ علیٰ ذالک۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۲۰) مقام تبوک پہنچنے پر ہتھیاروں کو فضا میں ہلانا بے اصل ہے[1]

# احرام، لبیک وغیرہ میں کونسی بدعات ہیں؟

(۲۱) حالتِ احرام میں صرف مخصوص جوتوں کی اجازت سمجھنا جن کے شرائط بعض کتب میں منقول ہیں، حالانکہ ان شروط کا سنت میں کچھ ذکر نہیں ہے اور جس شرط کا ذکر کتاب اللہ اور صحیح حدیث میں نہیں ہے، وہ باطل ہے۔ (بخاری)

اس مسئلہ میں رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے صرف اس قدر منقول ہے کہ حالتِ احرام میں آپ ایسا جوتا پہنیں جو ٹخنوں کو نہ ڈھانپے؛ لہٰذا موزے پہننا جائز نہیں۔ چونکہ وہ ٹخنوں کو چھپا لیتے ہیں، اسی لیے آپ نے وضاحت فرما دی ہے کہ اگر کسی انسان کے پاس جوتا نہ ہو تو وہ موزے پہن سکتا ہے، لیکن ضروری ہے کہ وہ ان کو نیچے سے کاٹ دے تاکہ ٹخنے ننگے ہو جائیں۔ اس شرط کے علاوہ اپنی طرف سے شرائط کا اضافہ کرنا خواہ مخواہ لوگوں کو مشکلات میں ڈالنا ہے۔ اور الدین یسر کے بھی منافی ہے (بخاری، مسلم)

(۲۲) میقات سے قبل احرام باندھنا بھی خلافِ سنت ہے۔ ایک حدیث میں مذکور ہے کہ (حج کے تمام ہونے سے یہ بات بھی ہے کہ تو اپنے گھر سے احرام باندھ لے) یہ حدیث منکر ہے تفصیل کے لئے دیکھیں الاحادیث الضعیفہ (رقم ۲۱۰)

علاوہ بریں اس کے معارض صحابہ کی ایک جماعت حضرت عمر، حضرت عثمان وغیرہ سے مرفوع اور موقوف روایت مروی ہے۔ سابقہ حوالہ ملاحظہ کریں۔ نیز ابن عیینہ سے منقول

---

[1] الاختیارات العلمیۃ لشیخ الاسلام ابن تیمیہ (۷۰)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت مالک بن انس سے سنا ان کے پاس ایک آدمی آیا اس نے سوال کیا میں کہاں سے احرام باندھوں؟ انہوں نے جواب دیا کہ آپ ذوالحلیفہ سے احرام باندھیں جہاں سے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام باندھا تھا اس نے کہا میں چاہتا ہوں کہ مسجدِ نبوی بلکہ روضۂ نبوی سے احرام باندھوں۔ آپ نے فرمایا آپ یہ نہ کریں اس میں فتنے کا اندیشہ ہے۔ اس نے سوال کیا اس میں کیا فتنہ ہے؟ زیادہ مسافت سے احرام باندھ کر آنے میں کیا مضائقہ ہے؟ اس پر انہوں نے کہا اس سے بڑھ کر اور فتنہ کیا ہو سکتا ہے کہ آپ ایسی فضیلت حاصل کرنے کے لئے تگ و دو کریں جس فضیلت کو حاصل کرنے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کوتاہ رہے۔ ارشادِ خداوندی ہے:

| | |
|---|---|
| فلیحذر الذین یخالفون | جو لوگ اس (پیغمبر) کے حکم کی مخالفت کرتے ہیں |
| عن امرہ ان تصیبھم فتنۃ | انہیں ڈرنا چاہیے کہ کہیں ان کو فتنہ یا دردناک |
| اویصیبھم عذاب الیم۔ | عذاب اپنی لپیٹ میں نہ لے لے۔ |

اس آیت کی روشنی میں اس انسان کا کیا مقام ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع نہیں کرتا اور میقات سے قبل احرام باندھ لیتا ہے[1]۔ واللہ المستعان۔

(۲۳) احرام میں اضطباع کرنا حالانکہ اضطباع کی مسنونیت بیت اللہ کے طواف کے قریب زمانہ میں تو ثابت ہے[2]، پہلے ثابت نہیں، بلکہ بے بنیاد ہے۔

(۲۴) احرام باندھتے وقت زبان سے نیت کرنا، خلافِ سنت ہے۔

---

[1] تلبیس ابلیس لابن الجوزی ص ۱۵۴۔ شرح الہدایہ (۱۳۲/۲)

[2] فتح القدیر (۱۵۰/۲) حاشیہ ابن عابدین (۲۱۵/۲)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۲۵) حج کی ادائیگی کے زمانہ میں خاموشی اختیار کرنا[1] بدعت ہے۔

(۲۶) حجاج کا بیک زبان ٹولیوں کی شکل میں لبیک کہنا بدعت ہے[2]۔

(۲۷) حجاج کا لبیک کی بجائے اللہ اکبر لا الہ الا اللہ کہنا بھی بدعت[3] ہے۔

(۲۸) لبیک کے بعد ذیل کے کلمات کہنا:

اللھم انی ارید الحج فیسرہ لی واعنی علیٰ اداء فرضہ وتقبلہ منی اللھم انی نویت اداء فریضتك فی الحج فاجعلنی من الذین استجابوا لك۔

اے اللہ میں حج کا ارادہ کرتا ہوں، تو اس کو میرے لیے آسان فرما اور فرض کی ادائیگی پر میری مدد فرما اور حج کو مجھ سے قبول فرما۔ اے اللہ میں فریضہ حج کی نیت کرتا ہوں تو مجھے ان لوگوں میں شامل فرما جو تجھ سے قبولیت کے طالب ہیں۔

ان کلمات کے کہنے کا کچھ ثبوت نہیں ہے؛ البتہ امام غزالی اور باجوری نے ان کلمات کہنے کو مستحب کہا ہے۔ زیادہ سے زیادہ اس کو مشائخ کا طریقہ کہا جا سکتا ہے، ورنہ حدیث کا علم رکھنے والے لوگ جانتے ہیں کہ ان کلمات کے کہنے کا کچھ ثبوت نہیں ہے۔

(۲۹) مکہ مکرمہ میں مسجد حرام کے علاوہ دیگر مساجد کا قصد کرنا جیسا کہ صفا سے نیچے ابوقبیس

---

[1] الاقتضاء (ص/۶۰)

[2] شرح الطریقۃ المحمدیہ للحاج رجب (۱/۱۱۵) المدخل لابن الحاج (۲/۲۲۱)

[3] کنز العمال عن ابن عباس (۳/۳۰)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



کے دامن اور مولدِ نبوی یا ان مساجد کا قصد کرنا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آثار کی بنیاد پر بنائی گئی ہیں، خواہ وہ مکہ مکرمہ کے ماحول میں واقع ہوں، ان کا قصد کرنا بدعت[1] ہے۔

(۳۰) مکہ مکرمہ کے ماحول میں بعض پہاڑوں اور دیگر مقامات کا قصد کرنا مثلاً حرا پہاڑی اور اس پہاڑ کا قصد کرنا جو منیٰ میں واقع ہے۔ بیان کرتے ہیں کہ یہ وہ پہاڑ ہے جہاں حضرت اسماعیل علیہ السلام کا فدیہ ذبح کیا گیا تھا۔ اسی طرح کے دیگر مقامات جن کا رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آثار سمجھتے ہوئے لوگ قصد کرتے ہیں[2]۔

(۳۱) حضرت عائشہ صدیقہ کے نام پر تعمیر شدہ مسجد میں نماز ادا کرنے کے لئے قصد کرنا بدعت ہے[3]۔

(۳۲) بیت اللہ کے سامنے قاتلوں کو صلیب پر لٹکانا بدعت[4] ہے۔

## بدعاتِ طواف

(۳۳) طواف کے لئے غسل کرنا بدعت[5] ہے۔

(۳۴) طواف کی حالت میں جرابیں وغیرہ پہننا تاکہ پاؤں کبوتروں کی بیٹھ سے محفوظ رہیں

---

[1] مجموعۃ الرسائل الکبریٰ (۲/ ۳۸۸ - ۳۸۹) تفسیر سورۂ اخلاص لابن تیمیہ (۱۷۹)

[2] مجموعۃ الرسائل الکبریٰ (۲/ ۳۸۹)

[3] مجموعۃ الرسائل الکبریٰ (۲/ ۳۵۷ - ۳۵۸)

[4] الاقتضاء (۱۰۱)

[5] القواعد النورانیہ لابن تیمیہ (۱۰۱)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


اور ہاتھوں کو ڈھانپنا تاکہ کسی عورت کو ہاتھ نہ لگے۔ یہ بھی بدعات سے ہے۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہ فرماتے ہیں کہ اس کام کا ارتکاب کرنے والا سنت کا مخالف ہے، اس لیے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام ہمیشہ کے لئے ننگے پاؤں اور ننگے ہاتھوں بیت اللہ کا طواف کرتے رہے، جبکہ مکہ میں کبوتر تھے اور عورتیں بھی طواف کرنے والوں میں شامل ہوتی تھیں[1]۔

(۳۵) محرم کا مسجد حرام میں داخل ہونے کے بعد تحیۃ المسجد پڑھنا بھی بدعت ہے، اس لیے کہ مسجد حرام کا تحیۃ طواف ہے اور طواف کے بعد مقامِ ابراہیم کے پیچھے نماز پڑھنا ہے جیسا کہ اس کا ذکر پہلے آچکا ہے[2]۔

(۳۶) طواف کرنے والے کا کہنا کہ میں طواف کے ان سات چکروں سے فلاں فلاں نیت رکھتا ہوں[3]۔

(۳۷) حجرِ اسود کا بوسہ لیتے وقت ہاتھوں کو یوں اٹھانا جیسا کہ نماز میں رفع الیدین کی جاتی ہے بدعت کا کام ہے[4]۔

علامہ فیروز آبادی نے ذکر کیا ہے کہ حجرِ اسود کا بوسہ لیتے وقت ہاتھوں کو اٹھانا جاہلوں کا کام ہے۔ اس کا جواز ثابت کرنے والے وہ حدیث پیش کرتے ہیں جس میں مذکور ہے کہ

---

[1] مجموعۃ الرسائل الکبریٰ (۲/۳۷۴)

[2] القواعد النورانیہ لابن تیمیہ (۱۰۱)

[3] زاد المعاد (۱/۳۵۵)، الروضۃ الندیہ (۱/۲۶۱)

[4] زاد المعاد (۱/۳۰۲)، سفر السعادہ لفیروز آبادی (ص ۷۰)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


سات مقامات کے غیر میں ہاتھوں کا اٹھانا درست نہیں ہے۔ ان سات مقامات میں حجراسود کا بوسہ لینے کے مقام کا بھی ذکر ہے۔ چنانچہ ہدایہ میں اس کا جواز ثابت کرتے ہوئے اس حدیث سے حجت پکڑی گئی ہے لیکن اس حدیث کے تمام طرق ضعیف ہیں۔ مزید برآں شیخ ابن ہمام نے فتح القدیر میں اشارہ کیا ہے[1] کہ اس حدیث میں حجراسود کا ذکر بالکل بے اصل ہے۔ نصب الرایہ (۲/۳۸) کا بھی ملاحظہ فرمائیں۔

(۳۸) حجراسود کا بوسہ لیتے وقت آواز بلند کرنا بھی بدعت ہے[2]

(۳۹) حجراسود کا بوسہ لینے میں بھیڑ کرنا اور امام سے پہلے اس لئے سلام پھیر دینا تاکہ حجراسود کا بوسہ لینے میں آسانی ہو غیر مشروع ہے۔

(۴۰) حجراسود یا رکن یمانی کے بوسہ یا چھونے کے لئے دامن اٹھانا اور عجلت اختیار کرنا بھی بدعت[3] ہے۔

(۴۱) حجراسود کا بوسہ لیتے وقت ذیل کے کلمات کہنا بھی بدعت ہے اللھم ایمانا بك وتصدیقاً بکتابك (اے اللہ تجھ پر ایمان رکھتا ہوں اور تیری کتاب کی تصدیق کرتا ہوں[4]۔ چنانچہ امام مالک نے حجراسود کے قریب جا کر ان کلمات کے کہنے کا رد کیا ہے۔ اس مسئلہ میں اگرچہ حضرت علی، ابن عمر سے موقوف روایت مروی ہے، لیکن دونوں سے مروی موقوف حدیث کی سند ضعیف ہے اور حضرت ابن عمر کی حدیث پر ہیثمی کا کہنا ذکر اس کے رواۃ صحیح کے

---

[1] فتح القدیر (۲/۴۸، ۱۵۳) [2] المدخل (۴/۲۲۳)

[3] شرح الطریقۃ المحمدیہ لرجب (۱/۱۲۲)

[4] المدخل۔ (۴/۲۲۵)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


رواۃ ہیں) درست نہیں، اس لیے کہ امام ہشیمی پر رواۃ کا اختلاط ہو گیا تھا، وہ بعض دفعہ دو مختلف راویوں کو ایک سمجھ لیتے ہیں تفصیل کے لئے دیکھیں (سلسلۃ الاحادیث الضعیفہ)

(۴۲) حجرِ اسود کو بوسہ دیتے وقت (اللھم انی اعوذبک من الکبر والفاقۃ ومراتب الخزی فی الدنیا والآخرۃ) (اے اللہ! میں تیرے ساتھ تکبّر، فاقہ اور دنیا، آخرت میں ذلت کے راستوں سے پناہ مانگتا ہوں)، پڑھنا بھی بدعت ہے۔ اس مسئلہ میں علاّمہ سیوطی نے ذیل الموضوعات میں جو حدیث ذکر کی ہے اس میں نہشل راوی کذّاب ہے جیسا کہ خود انہوں نے اس کی تصریح فرما دی[1] ہے۔

(۴۳) طواف کرتے ہوئے دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر رکھنا بھی بدعت[2] ہے۔

(۴۴) کعبہ کے دروازے کے سامنے ذیل کے کلمات کہنے بھی بدعت ہیں:

| | |
|---|---|
| اللھم ان البیت بیتک والحرم حرمک والامن اُمنک وھذا مقام العائذبک من النار مشیرًا الی مـ ابراھیم علیہ السلا | اے اللہ! بے شک بیت اللہ تیرا گھر اور حرم تیرا حرم بنایا ہوا ہے اور امن تیرا عطا کردہ ہے۔ یہ (یعنی مقام ابراہیم) اس انسان کا مقام ہے جو تیرے ساتھ دوزخ سے پناہ مانگنے والا ہے۔ |

(۴۵) رکنِ ـ کے پاس ذیل کے دعائیہ کلمات پڑھنا بھی بدعت ہے:

| | |
|---|---|
| اللھم انی اعوذبک من الشک | اے اللہ! میں تیرے ساتھ شک، |

---

[1] ذیل الموضوعات (ص ۱۲۲)

[2] المدخل (۱/۱۲۲)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



| | |
|---|---|
| والشرك والشقاق والنفاق وسوء الاخلاق وسوء المنقلب فی الاھل والمال والولد۔ | شرک، اختلاف، نفاق، برے اخلاق اور اہل، مال، اولاد میں اندوہگین منظر سے پناہ مانگتا ہوں۔ |

(۶۴) پرنالے کے نیچے کھڑے ہو کر ذیل کے دعائیہ کلمات بھی بدعات سے شمار کئے جاتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| اللھم اظلنی فی ظلک یوم لا ظل الا ظلک واسقنی بکاس سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم شربۃ ھنیئۃ مریئۃ لا اظمأ بعدھا ابدًا یا ذالجلال والاکرام۔ | اے اللہ! مجھے اپنے سائے میں جگہ عطا کر جب تیرے سائے کے سوا کوئی سایہ نہ ہوگا اور مجھے آقائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پیالے کے ساتھ ایسا پانی پلا جو خوش گوار اور خوش ہضم ہو، اس کو پی کر پھر کہیں پیاس نہ لگے۔ اے ذوالجلال والاکرام۔ |

(۴۷) طواف میں رمل کے دوران ذیل کی دعا مانگنا بھی خلافِ سنت ہے۔

| | |
|---|---|
| اللھم اجعلہ حجا مبرورًا و ذنبًا مغفورًا وسعیًا مشکورًا وتجارۃ لن تبور یا عزیز یا غفور۔ | اے اللہ! تو اس کو حج مبرور بنا اور گناہ معاف کر اور میری کوشش کو عزت کی نگاہ سے دیکھ اور یہ تجارت میرے لئے بربادی کا باعث نہ بنے۔ |

اس دعا کے بارے میں علامہ رافعی نے مرفوع حدیث ذکر کی ہے جو بے اصل ہے جیسا کہ حافظ ابن حجر نے التلخیص میں اس کے بے اصل ہونے کا ذکر کیا ہے[۱]۔

---

[۱] التلخیص۔ ص ۲۱۴

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


(۴۸) طواف کے باقی چار چکروں میں جن میں رمل مسنون نہیں۔ ان میں ذیل کی دُعا مانگنا خلافِ سنّت ہے۔

| | |
|---|---|
| رب اغفر وارحم وتجاوز عما تعلم انک انت الاعز الاکرم۔ | اے پروردگار معاف فرما، رحم کر اور ان خطاؤں سے درگزر فرما جن کو تو جانتا ہے بے شک تو غالب عزت والا ہے۔ |

طواف کے دوران مستحب یہ ہے کہ اللہ کا ذکر کرے اور جو دعائیں مشروع ہیں، ان کو پڑھے۔ اگر پست آواز سے قرآن پاک کی تلاوت کرے، تو بھی کچھ حرج نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اس میں کسی خاص ذکر کا تعین نہیں ملتا۔ قولاً فعلاً تعلیماً کسی طرح سے کچھ معلوم نہیں؛ البتہ تمام مشروع دُعائیں مانگ سکتا ہے۔ اسی طرح پرنالے کے نیچے کھڑے ہو کر کوئی مخصوص دُعا ثابت نہیں جیسا کہ اکثر لوگ وہاں مخصوص دعائیں کرتے ہوئے دیکھے جاتے ہیں۔ آپ کی عادت مبارک یہ تھی کہ آپ دونوں رکنوں کے درمیان طواف ختم فرماتے ہوئے ذیل کی دُعا مانگتے ؛

(ربنا اٰتنا فی الدنیا حسنۃ و فی الاٰخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار)

تمام ائمہ کرام اس پر متفق ہیں کہ طواف کے دوران کسی مخصوص دعا کا ذکر کہیں نہیں ہے۔

(۴۹) رکنِ یمانی کا بوسہ لینا بھی خلافِ سنت ہے[1]

(۵۰) دونوں شامی رکنوں، مقام ابراہیم کا بوسہ لینا اور ان کو ہاتھ لگانا بدعت ہے[2]

(۵۱) کعبہ کی دیواروں اور مقام ابراہیم کا مسح کرنا بھی بدعت ہے[3]

---

[1] المدخل (۴/۲۲۴) [2] الاقتضاء (۴۰۲) مجموعۃ الرسائل (۲/۱/۳) الاختیارات العلمیۃ لابن تیمیہ (ص ۹۴) [3] تفسیر سورۃ اخلاص (ص ۱۷۷) اغاثۃ اللھفان (۱/۲۱۲) السنن والمبتدعات (۱۱۳)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۵۲) بیت اللہ کے دروازہ کے بالمقابل دیوار میں ایک اونچی جگہ ہے جس کو لوگ العروۃ الوثقیٰ کہتے ہیں۔ عام لوگوں کا خیال ہے کہ جو شخص اس کو ہاتھ لگاتا ہے تو گویا کہ اس نے العروۃ الوثقیٰ کو مضبوطی کے ساتھ تھام لیا۔ اس کو ہاتھ لگانا بھی بدعت ہے۔ کچھ لوگ اس کو چھونے میں سخت تکلیف اٹھاتے ہیں، بلکہ دیکھا گیا ہے کہ اس قدر ہجوم ہوتا ہے کہ لوگ ایک دوسرے کے اوپر سوار ہو کر اس بلند جگہ کو ہاتھ لگانا ضروری سمجھتے ہیں۔ بسا اوقات عورتیں مردوں پر چڑھ جاتی ہیں۔[1]

(۵۳) بیت اللہ کے درمیان ایک پائپ ہے جس کو دنیا کا مرکزی پائپ سمجھا جاتا ہے، لوگ ناف سے کپڑا ہٹا کر اس سے ملاتے ہیں۔ اس پر پیٹ کے بل لیٹ جاتے ہیں۔ یہ سمجھتے ہوئے کہ ہم نے اپنی ناف کو تمام دنیا کی ناف پر رکھ دیا ہے۔[2]

علامہ ابن الہمام نے اس کو اور اس سے پہلے کام کو بدعتِ باطلہ کا نام دیا ہے۔ ان کا کچھ ثبوت نہیں اور اس قسم کے کام وہ لوگ کرتے ہیں جو عقل سے کورے ہیں۔

(۵۴) بارش میں طواف کرنا اور یہ اعتقاد رکھنا کہ جو شخص یہ کام کرے گا۔ اس کے پہلے تمام گناہ معاف ہو جائیں گے۔ اس مضمون کی حدیث کو امام بخاری اور دیگر محدثین نے بے اصل قرار دیا ہے۔

(۵۵) کعبہ کے میزاب رحمت سے بارش کے اترنے والے پانی سے برکت کے لئے نہانا بدعت ہے۔

www.KitaboSunnat.com

---

[1] الباعث علی انکار البدع والحوادث لابی شامۃ (ص ۶۹)، فتح القدیر لابن الہمام (۲/۱۸۲-۱۸۳)، الابداع (ص ۱۶۵) [2] سابقہ حوالہ جات ملاحظہ فرمائیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۵۶) میلے کچیلے کپڑوں میں طواف کرنے کو اچھا نہ جاننا بھی بدعت ہے[1]

(۵۷) آب زمزم پینے کے بعد بچے ہوتے پانی کو دوبارہ کنوئیں میں گرانا اور ذیل کے کلمات کے ساتھ دُعا مانگنا بھی بدعت ہے۔

| | |
|---|---|
| اللھم انی اسئلك رزقاً واسعاً وعلماً نافعاً وشفاءً من كل داءٍ۔ | یا اللہ! میں تجھ سے رزق میں فراخی، نفع دینے والے علم اور ہر بیماری سے شفایابی کا سوال کرتا ہوں۔ |

(۵۸) آب زمزم سے غسل کرنا بھی بدعت کا کام ہے؛ چنانچہ حافظ ابن تیمیہ فرماتے ہیں:

| | |
|---|---|
| یستحب ان یشرب من ماء زمزم و یتضلع منه و یدعو عند شربه بما شاء من الادعیة الشرعیة ولا یستحب الاغتسال منها | زمزم کا پانی سیر ہو کر پینا مستحب ہے اور پانی پیتے وقت مشروع دُعائیں پڑھ سکتا ہے، جبکہ اس سے نہانا مستحب نہیں ہے۔ |

(۵۹) اپنی داڑھیوں کپڑوں اور نقدی کو آب زمزم میں بھگونا حصولِ برکت کے لیے بدعت ہے[2]

(۶۰) فقہ کی بعض کتب میں مرقوم ہے کہ آب زمزم پیتے وقت کئی بار سانس لینا مستحب ہے اور ہر دفعہ بیت اللہ کی جانب نظر اٹھا کر دیکھے۔ الحمد للہ آجکل یہ بدعت معدوم ہو گئی ہے جبکہ زمزم کے کنوئیں پر جو قبہ تعمیر تھا اس کو مسمار کر کے زمین کے برابر کر دیا گیا ہے تاکہ نمازیوں کے لئے وافر جگہ نکل آئے اب زمزم کا کنواں مسجد کے فرش کی سطح سے نیچے ہے۔ وہاں پانی پینے والا بیت اللہ کو دیکھ ہی نہیں سکتا۔

---

[1] الاقتضاء لابن تیمیہ (۶۰)  [2] المناسک (ص ۳۸۸)

[3] السنن والمبتدعات (ص ۱۱۳)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# صفا، مروہ کے درمیان سعی کرنے میں بدعات کا بیان

(۶۱) صفا، مروہ کے درمیان سعی کرنے کے لئے وضو کا اہتمام کرنا اور یہ سمجھنا کہ اس طرح ہر قدم کے بدلے ستر ہزار درجات بلند ہوتے ہیں خلافِ سنت ہے۔ اس مفہوم کی حدیث کو علامہ سیوطی موضوعات میں لائے ہیں۔[1]

(۶۲) صفا پہاڑی پر چڑھ کر دیوار کے ساتھ چمٹنا بھی بدعت ہے۔[2]

(۶۳) صفا سے اترتے ہوئے ذیل کے کلمات کے ساتھ دعا کرنا بھی بدعت ہے۔

| | |
|---|---|
| اللهم استعملني بسنة نبيك | اے اللہ! مجھے اپنے نبی کی سنت کا عامل |
| وتوفني على ملته واعذني | بنا اور مجھے اس کے مذہب پر فوت کرا در |
| من مضلات الفتن برحمتك | مجھے گمراہ کرنے والے فتنوں سے محفوظ فرما |
| یا ارحم الراحمین۔ | یا ارحم الراحمین میں تیری رحمت مانگتا ہوں۔ |

اس دعا کے بعض کلمات حضرت ابن عمر سے منقول ہیں۔ امام بیہقی نے ان کا ذکر کرکے کہا ہے کہ اس کی سند کمزور ہے۔

(۶۴) صفا، مروہ کے درمیان سعی کرتے ہوئے ذیل کے کلمات کے ساتھ دعا مانگنا بھی بدعت ہے۔

| | |
|---|---|
| رب اغفر وارحم وتجاوز | اے میرے رب معاف کر اور رحم فرما |

---

[1] الذیل (ص ۱۲۲) التذکرہ (ص ۷۴)

[2] حاشیہ ابن عابدین (۲/۲۳۴)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



| | |
|---|---|
| عمّا تعلم انك انت الاعز الاکرم اللھم اجعلہ حجا مبرورا او عمرۃ مبرورۃ وذنبا مغفورا اللہ اکبر ثلاثا وللہ الحمد اللہ اکبر علیٰ ما ھدانا والحمد للہ علیٰ ما اولانا لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملك ولہ الحمد وھو علیٰ کل شیئ قدیر لا الٰہ الا اللہ وحدہ الیٰ قولہ ولو کرہ الکافرون ۔ | اور جن گناہوں کو تو جانتا ہے۔ ان سے درگزر فرما بے شک تو غالب عزت والا ہے۔ اے اللہ تو اس حج کو حج مبرور فرما اور عمرہ کو بھی عمرہ مبرور فرما اور گناہ معاف کردے۔ اللہ بڑا ہے اور اللہ کے لیے تمام تعریفیں ہیں۔ اللہ بڑائی والا ہے جس نے ہم کو ہدایت بخشی اور تمام حمد اللہ کے لئے ہے جس نے ہم کو انعامات عطا فرمائے۔ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے بادشاہی ہے اور اسی کے لئے |

تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے (اللہ کے اس قول تک) اگرچہ کافر برا ہی سمجھیں۔

البتہ حضرت ابن عمر سے بروایت بیہقی رب اغفر وارحم وانت الاعز الاکرم موقوفاً ثابت ہے،

(۶۵) صفا، مروہ کے درمیان چودہ چکر لگا کر صفا پر اختتام کرنا بھی خلاف سنت ہے، جبکہ پہلے بیان ہو چکا ہے کہ سنت سات چکر ہیں اور ختم مروہ پر کیا جائے۔

(۶۶) حج یا عمرہ میں صفا، مروہ کے درمیان ایک سے زیادہ بار سعی کرنا بھی بدعت[1] ہے۔

(۶۷) صفا، مروہ کی سعی کے بعد دو رکعت نفل ادا کرنا بھی بدعت[2] ہے۔

---

[1] شرح النووی علی المسلم (۹/۲۵)

[2] الباعث علی انکار البدع (۲۸) القواعد النورانیہ لابن تیمیہ (۱۰۱)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


اگرچہ علماء کی ایک جماعت ان دو رکعتوں کا قیاس طواف کی دو رکعتوں پر کرتے ہوئے ان کو مستحب گردانتی ہے لیکن درست نہیں۔

## علامہ ابن الہمام کی دلیل

طواف کی رکعتوں پر قیاس کرنے کی ضرورت نہیں، جبکہ ان دو رکعتوں کے جواز پر نص صریح موجود ہے؛ چنانچہ مطلب بن ابی وداعہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ جب سعی سے فارغ ہوئے، تو آپ نے مطاف کے کنارے میں دو رکعتیں پڑھیں۔ طواف کرنے والوں اور آپ کے درمیان کوئی سترہ نہیں تھا۔

## علامہ ابن ہمام کی غلطی

ابن ہمام کو وہم ہو گیا حدیث میں لفظ سعی کا نہیں ہے بلکہ سبع کا ہے جس کا معنی ساتواں چکر ہے کہ آپ طواف کے ساتویں چکر کے بعد آتے اور دو رکعت نفل پڑھے۔ دیکھئے ابن ماجہ (۲۹۵۸) مسند احمد میں لفظ السبوع کا ہے۔ ایک دوسری روایت میں ہے کہ آپ نے بیت اللہ کا سات بار طواف کیا پھر دو رکعت نفل ادا کیئے۔ بایں ہمہ یہ حدیث سند کے لحاظ سے بھی صحیح نہیں ہے، اس میں اضطراب اور جہالت ہے سلسلۃ الاحادیث الضعیفہ رقم (۹۳۲)

(۶۸) فرض نماز کی جماعت میں شریک نہ ہونا اور صفا مروہ کے درمیان مسلسل سعی جاری رکھنا بھی بدعت ہے۔

(۶۹) منیٰ پہنچ کر متعین دعا کا التزام کرنا جیسا کہ احیاء العلوم میں اس کا ذکر ہے بھی ثابت نہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



دُعا یہ ہے: اللھم ھذہ منیٰ فامنن علی بما مننت بہ علیٰ اولیائک واھل طاعتک

اے اللہ! یہ منیٰ ہے پس تو مجھ پر احسان فرما جس طرح تو نے اپنے دوستوں اور طاعت کرنے والوں پر احسان کیا ہے۔

وہاں سے روانہ ہوتے وقت کہنا اللھم اجعلھا خیر غدوۃ غدوتھا قط (اے اللہ تو میرے لئے بہتر صبح کر جو میں نے کبھی کی ہو) بھی بدعت ہے۔

## عرفات کی بدعتیں

(۷۰) ذی الحج کی آٹھویں تاریخ ایک ساعت کے لئے احتیاطاً عرفات میں وقوف کرنا کہ کہیں چاند کی غلطی سے یہ دن نویں کا نہ ہو، خلافِ سنت ہے۔

علامہ غزالی نے اس کو مستحسن قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ احتیاط کا تقاضا یہی ہے، لیکن امام غزالی جیسے فقیہ انسان سے اس قسم کی احتیاط کا نقل ہونا مناسب نہیں معلوم ہوتا۔ ظاہر ہے کہ اگر اس قسم کی احتیاط مستحسن ہوتی تو رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ضرور احتیاط فرماتے۔ آپ سے زیادہ پرہیزگار کون ہوسکتا ہے۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہ فرماتے ہیں:

احتیاط وہ صحیح ہوتی ہے جو سنتِ معلومہ کے خلاف نہ ہو۔ اگر سنت کے مخالف ہو تو وہ احتیاط بھی غلط ہوتی ہے[1]

(۷۱) عرفہ کی رات منیٰ میں چراغاں کرنا بھی خلافِ سنت ہے[2]

---

[1] المجموعۃ الرسائل (۲/۴۷۳)

[2] المجموعۃ الرسائل (۲/۳۷۷ - ۳۷۸ - ۳۷۹) البجیرمی فی حاشیۃ (۲/۲۱۱)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

(۲۷) عرفہ کی رات ان دس کلمات کو ایک ہزار بار پڑھ کر دعا کرنا بھی بدعت ہے۔

کلمات ملاحظہ فرمائیں:

سبحان الذی فی السماء عرشہ سبحان الذی فی الارض موطئہ سبحان الذی فی البحر سبیلہ . . . الخ

پاک ہے وہ ذات جس کا عرش آسمان میں ہے پاک ہے وہ ذات کہ زمین میں ہے اس کا چلنا پاک ہے وہ ذات کہ سمندر میں اس کا راستہ ہے۔

ان کے متعلق ایک حدیث وارد ہے، لیکن اس کی سند کمزور ہے، بلکہ ابن جوزی نے اس کو موضوعات میں شمار کیا ہے اور اس کی عدم صحت کو واضح کیا ہے۔ سیوطی نے (الالی) میں تعاقب کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس حدیث کا ضعیف ہونا یقینی ہے۔

(۳۷) آٹھ ذی الحج کو مکہ سے سیدھے عرفات چلے جانا اور عرفہ کی رات منیٰ میں نہ بسر کرنا بھی خلافِ سنت[1] ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ عرفہ کی رات منیٰ میں بسر کرنا ضروری ہے، لیکن عوام الناس اس سنّت میں تساہل سے کام لے رہے ہیں، پھر حجاج کو طواف کرانے والے بھی عوام کی موافقت کرنے میں پیش پیش ہیں، انہیں اس سے کچھ غرض نہیں کہ اس سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت فوت ہوتی ہے۔ مزید یہ کہ بعض فقہا بھی اس کو کچھ اہمیت نہیں دیتے جیسا کہ امام غزالی نے کہا ہے کہ اگر منیٰ میں رات بسر نہ کی جائے، تو حج میں کچھ نقص نہیں آتا۔

(۴۷) منیٰ سے عرفات کی جانب رات کو روانہ ہونا بھی خلافِ سنت[2] ہے۔ سنت یہ ہے کہ عرفہ کے دن سورج کے طلوع کے بعد منیٰ سے روانہ ہوا جائے، جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے۔

---

[1] الباعث علیٰ انکار البدع (۶۹ - ۷۰) [2] المدخل (۴/ ۲۲۷)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۵) عرفہ کی رات کو عرفات کی پہاڑی پر آگ جلانا اور روشنی کرنا بھی بدعت ہے[1]۔

(۶) عرفہ کے دن غسل کرنا بھی سنت نہیں ہے۔ اس سلسلہ میں جو حدیث وارد ہے ذکر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عیدالفطر، عیدالاضحیٰ اور عرفہ کے دن غسل فرماتے تھے، ضعیف ہے۔ علامہ زیلعی نے نصب الرایہ (۱/ ۸۵) میں اور علامہ ابن الہمام نے الفتح (۱/ ۴۵) میں اس کو سخت کمزور لکھا ہے؛ البتہ اس کے بارے میں ابن تیمیہ کو غلطی لگی ہے جبکہ انہوں نے مجموعہ (۲/ ۲۸۰) میں ذکر کیا ہے کہ حج میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام سے صرف تین غسل کا ذکر آیا ہے۔ احرام کے لئے غسل کرنا، مکہ میں داخل ہونے کے لئے غسل کرنا، عرفہ کے دن غسل کرنا، ان کے علاوہ سبھی غسل بدعت ہیں، مثلاً رمی جمار کے لئے غسل کرنا طواف کے لئے غسل کرنا، مزدلفہ میں رات گزارنے کے لئے غسل کرنا سب بے اصل اور بدعت ہیں۔

(۷) عرفات کے قریب پہنچ کر پہاڑ کو دیکھتے ہی سبحان اللہ والحمد للہ و لا الہ الا اللہ واللہ اکبر کہنا بھی بدعت ہے۔

(۸) وقوف سے پہلے دوپہر کے وقت ہی عرفات کے میدان میں پہنچ جانا بدعت ہے۔

(۹) عرفات پہاڑ پر سو بار لا الہ الا اللہ کہنا، پھر سو بار سورۂ اخلاص پڑھنا، پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر سو بار درود پڑھنا اور آخر میں و علینا معھم کا اضافہ کرنا خیال رہے اس مضمون کی حدیث سنداً صحیح نہیں ہے۔ بیہقی نے اس روایت کو عجیب و غریب قرار

---

[1] الباعث علی انکار البدع (۶۹) مجموعۃ الرسائل (۲/ ۳۷۸ - ۳۷۹) الاعتصام للشاطبی (۲/ ۲۷۳) الابداع فی مضار الابتداع (۱۶۵) [2] الابداع (۶۶)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


دیا ہے؛ البتہ سند میں کوئی ایسا راوی نہیں ہے۔ جس کو وضع کی طرف منسوب کیا جا سکے۔

(۸۰) عرفات میں خاموش رہنا اور کوئی دُعا کرنا بھی خلافِ سنت ہے[۱]۔

(۸۱) عرفات میں خصوصیت کے ساتھ جبل رحمت پر چڑھنا بھی مسنون نہیں ہے[۲]۔

(۸۲) جبل رحمت پر بنے ہوئے قبہ میں داخل ہونا (جس کا نام قبہ آدم ہے) اس میں نماز پڑھنا اور بیت اللہ کے طواف کی طرح اس کا طواف کرنا بھی مشروع نہیں ہے[۳]۔

(۸۳) اس بات کا اعتقاد رکھنا کہ اللہ پاک عرفہ کی شام خاکستری اونٹ پر سوار ہو کر اترتے ہیں۔ سواروں سے مصافحہ اور پیادہ لوگوں سے معانقہ کرتے ہیں۔ اس مضمون کی حدیث اللہ اور اس کے رسول پر بہت بڑا کذب ہے اور اس کا قائل بہت بڑا کذاب انسان[۴] ہے۔

(۸۴) عرفات میں امام کا دو خطبے دینا جمعہ کے خطبہ کی طرح درمیان میں بیٹھنا مسنون نہیں ہے؛ چنانچہ ہدایہ میں ہے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی طرح کیا، لیکن ابن الہمام نے فتح (۲/۱۶۳) میں صاف صاف تحریر کیا ہے کہ اس موضوع کی کوئی حدیث نظر نہیں آتی۔

(۸۵) عرفات میں خطبہ سے قبل ظہر عصر کی نماز ادا کر لینا اس مضمون کی حدیث شاذ بلکہ منکر ہے۔ دیکھئے نصب الرایہ (۳/ ۵۹-۶۰)

(۸۶) عرفات میں خطیب کے خطبہ ختم کرنے سے پہلے ظہر عصر کی اذان کہنا بھی مسنون نہیں ہے، جبکہ مسنون بات یہ ہے کہ خطبہ سے فراغت کے بعد اذان کہی جائے۔

---

[۱] المدخل (۴/۲۲۹)، [۲] مجموعہ ابن تیمیہ (۲/ ۳۸۰) اختیارات العلمیہ (۶۹) المدخل (۴/۲۲۶)

[۳] مجموعہ ابن تیمیہ (۲/ ۳۸۰) اقتضاء الصراط المستقیم (۴/۲۲۷)

[۴] مجموعہ ابن تیمیہ (۱/ ۲۷۹)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


(۸۷) عرفات میں امام نماز سے سلام پھیر کر مکّہ والوں کو کہے کہ تم اپنی نماز پوری کر لو، ہم تو مسافر لوگ ہیں، غیر مشروع ہے، اگرچہ فقہ حنفیہ کی کتب میں مذکور ہے کہ عرفات میں مسافر امام کے فرائض سے ہے کہ وہ یہ کلمات کہے۔ تحفۃ الفقہاء ( ۱/۲/۲۷۶ ) لیکن شیخ الاسلام ابن تیمیہ ( مجموعہ ) ( ۲/۸/۲۷۸ ) میں اس کا رد کرتے ہوئے فرماتے ہیں : عرفہ، مزدلفہ، منٰی میں تمام حجاج خواہ اہلِ مکّہ سے ہوں یا غیر مکّی ہوں، سب نمازیں جمع کر کے پڑھیں۔ صحابہ کرام بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے اسی طرح نمازیں جمع کر لیتے تھے، اسی طرح حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ کے پیچھے بھی صحابہ کرام ان مقامات میں نمازیں جمع کرتے، نہ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور نہ آپ کے خلفاء میں سے کسی نے اہلِ مکّہ کو نماز پوری پڑھنے کا حکم دیا اور نہ ہی عرفہ، مزدلفہ میں نماز پڑھ کر اہلِ مکّہ سے یہ کہا کہ تم نماز پوری کر لو، ہم تو مسافر لوگ ہیں اور جو لوگ اس قسم کی حکایت ان سے نقل کر رہے ہیں، وہ خطاکار ہیں۔

(۸۸) عرفہ میں ظہر عصر کی نمازوں کے درمیان نوافل پڑھنا بھی خلافِ سنت ہے ہدایہ کی شرح میں مرقوم ہے کہ ان نمازوں کے درمیان نوافل پڑھنا مکروہ ہے اور بدعت قرار دینے کا مطلب بھی تو یہی ہے۔

(۸۹) عرفہ میں کوئی خاص دعا کرنا یا کوئی معین ذکر کرنا (جیسا کہ حضرت خضر علیہ السلام کی طرف منسوب دُعا جس کا ذکر الاحیاء میں موجود ہے خلافِ سنت ہے، مثلاً یہ دُعا : یا من لا یشغلہ شان عن شان ولا سمع عن سمع وغیرہ قسم کی دُعا جو بہت لمبی ہے غالباً ہماری اس کتاب کے چھ صفحات بھر جائیں۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہ ( مجموعۃ ) ( ۲/۳۸۰ ) میں رقمطراز ہیں :

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عرفہ کے لئے کسی خاص ذکر یا دُعا کا تعین نہیں فرمایا۔ یہ انسان

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



جو بھی دعا کرنا چاہے کر سکتا ہے ۔ سورج کے غروب تک لا الٰہ الّا اللہ اللہ اکبر، دیگر ذکر اللہ کے کلمات کہتا رہے ۔ نیز لبیک پکارنا بھی اس کے لئے مسنون ہے ۔

(۹۰) بعض لوگوں کا عرفات سے غروب شمس سے قبل واپس آنا بھی خلاف سنت ہے۔

(۹۱) عوام الناس میں مشہور ہے کہ عرفہ کے دن جمعہ کی موافقت سے بہتر حجوں کا ثواب ملتا ہے، یہ بھی صحیح نہیں ہے ۔ خیال رہے کہ اس بدعت اور غلط نظریہ کی بنیاد دراصل ایک موضوع حدیث پر ہے جس کا کچھ اصل نہیں ہے ۔ علامہ ابن القیمؒ نے زاد المعاد میں اس کے موضوع ہونے کا ذکر کیا ہے [۱]

لیکن علامہ لکھنوی نے الاجوبۃ الفاضلہ (ص ۳۰، طبع حلب) میں ملّا علی قاری سے نقل کیا ہے کہ اس حدیث کے بارے میں بعض محدثین کا یہ کہنا کہ اس کی سند ضعیف ہے اگرچہ سند ضعیف بھی ہو، تب بھی فضائل اعمال میں کمزور حدیث معتبر ہوتی ہے ۔

## کیا فضائل اعمال میں ضعیف حدیث معتبر ہے؟

ملّا علی قاری کا یہ قول کہ یہ حدیث کمزور ہے؛ لہٰذا فضائل اعمال میں معتبر ہے بالکل باطل ہے، اس لئے کہ اس حدیث کا تو باطل ہونا ظاہر ہے۔ باطل حدیث پر ضعیف کا اطلاق کرنا درست نہیں ہے، اس مسئلہ میں ان کا اختلاف تفصیل کے ساتھ الاجوبۃ الفاضلہ میں مذکور ہے ۔ پس یہ کیسے درست ہو سکتا ہے کہ جہاں حدیث میں شدید ضعف موجود ہو تو اس کے باوجود وہ قابلِ عمل ہو، بلکہ اگر ذرا غور کیا جائے، تو معلوم ہو جائے گا کہ موضوع حدیث بھی تو ضعیف کی اقسام سے ہے، پھر اس مقام میں تو اس بات کا کچھ محل نہیں؛ عرفہ کے دن کا اتفاق سے جمعہ ہونا اس کا عمل، ترک سے کیا تعلق ہے؟ حدیث کے بطلان کے لئے

[۱] زاد المعاد (۱/ ۲۳)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



دیکھئے الاحادیث الضعیفہ رقم (۲۰۷) یہ مسئلہ کہ کمزور حدیث فضائل اعمال میں معتبر ہے جمیع علماء کے نزدیک بالاتفاق نہیں ہے۔ پھر ضعف بھی دو قسم کا ہے ضعف مطلق، ضعف شدید، کیا ضعف شدید کی شکل میں بھی حدیث معتبر ہوگی بالکل نہیں، بلکہ وہ حدیث باطل ہوگی تفصیل کے لئے دیکھیں الاجوبۃ الفاضلہ للعلامہ لکھنوی اگرچہ اس میں بھی اس مسئلہ کو منقح کر کے پیش نہیں کیا گیا ہے۔

(۹۲) عرفہ کے دن لوگوں کا جامع مسجدوں میں جمع ہونا اور بلند آواز کے ساتھ ذکر اذکار کرنا اشعار پڑھنا عرفات والوں کے ساتھ مشابہت اختیار کرنا وغیرہ ثابت نہیں ہے[1]

## مزدلفہ کی بدعات

(۹۳) عرفہ سے مزدلفہ جاتے ہوئے تیز دوڑنا خلاف شرع ہے[1]۔

(۹۴) مزدلفہ میں رات گزارنے کے لئے غسل کرنا بدعت ہے[2]۔

(۹۵) مزدلفہ میں داخل ہوتے وقت حرم کی عزت کے لیے سواری سے اتر کر پیدل چلنے کو مستحب جاننا مسنون نہیں ہے، لیکن علامہ غزالی نے احیاء میں اس کو مستحب قرار دیا ہے۔ ان کا استحباب ثابت کرنا غلط ہے۔ اس لئے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اتر کر داخل ہونا ثابت نہیں آپ سواری پر ہی سوار رہے اور مزدلفہ میں صبح کی نماز سے فارغ ہو کر سواری پر سوار ہو کر مشعر الحرام پہنچے۔

(۹۶) مزدلفہ پہنچ کر ذیل کی دعا کا التزام کرنا ثابت نہیں اللھم ان ھذہ مزدلفۃ

---

[1] سنن بیہقی (۵/۱۱۸) الاقتضاء (۱۴۹) ملنیۃ المصلی للحلبی (۵۷۳)

[2] زاد المعاد (۱/۳۳۷ - ۳۳۸) [3] مجموعۃ (۲/۲۸۰)

www.KitaboSunnat.com

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

جمعت فیہا السنۃ مختلفۃ نسألک حوائج متوتنفۃ الخ (الاحیاء)

(۹۷) مزدلفہ میں وارد ہونے کے بعد مغرب کی نماز جلدادا نہ کرنا اور کنکر اٹھانے میں مشغولیت اختیار کرنا خلافِ سنت ہے۔

(۹۸) مزدلفہ میں مغرب، عشاء کے درمیان اور عشاء کے بعد کی سنتیں پڑھنا جیسا کہ امام غزالی اس کے قائل ہیں، خلافِ شرع ہے۔

(۹۹) مشعرالحرام، ذی الحج کی دسویں رات کو زیادہ آگ جلانا، خلافِ سنت ہے[1]۔

(۱۰۰) مزدلفہ میں رات کو بیدار رہنا بھی خلافِ سنت ہے اگرچہ امام غزالی نے اس رات کے بیدار رہنے کو مستحسن قرار دیا ہے اور اس کو بہترین عبادت قرار دیا ہے۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ مزدلفہ میں فجر کی نماز تک سوئے رہے، پس بہترین راستہ وہ ہے جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا اختیار کردہ ہے۔

(۱۰۱) مزدلفہ میں رات نہ گزارنا صرف وقوف کرنا، خلافِ سنت[2] ہے۔

(۱۰۲) مشعر الحرام پہنچ کر ذیل کی دعا کا التزام کرنا ثابت نہیں ہے۔

اللہم بحق مشعر الحرام والبیت الحرام والشہر الحرام والرکن والمقام ابلغ روح محمد منا التحیۃ والسلام وادخلنا دار السلام یا ذالجلالۃ والاکرام

خیال رہے کہ مذکورہ دعائیہ کلمات دین اسلام میں داخل کئے گئے ہیں۔ پھر ان کلمات میں سنت کی مخالفت بھی موجود ہے۔ کیا شریعتِ اسلامیہ میں حق المشعر الحرام وغیرہ کے کلمات کے ساتھ توسل اختیار کرنا جائز ہو سکتا ہے؟ اللہ پاک کے اسماء اور صفات کے ساتھ توسل اختیار کرنا صحیح ہے۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہ کی کتب میں اس کی تفصیل مذکور ہے۔ احناف بھی اس کی کراہت کے قائل ہیں۔ دیکھئے رد المحتار علی الدر المختار۔

(حاشیہ ص ۱۵۸ پر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


(۱۰۳) باجوری کا یہ کہنا کہ دسویں ذی الحج کو کنکر مارنے کے لئے مزدلفہ سے سات کنکر مارنے کے لئے وادیٔ محسر سے کنکر اٹھانے بھی خلافِ سنت ہیں[1]

خیال رہے کہ سنت میں اس کا کچھ اصل نہیں، زیادہ سے زیادہ مذکورہ کیفیت کو سُنتہ المشائخ کہا جا سکتا ہے۔ امام غزالی اس کی مخالفت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ تمام کنکروں کو مزدلفہ سے اٹھائیے، یہ سب خلافِ سنت ہے۔

## رمی جمار کی بدعات

(۱۰۴) رمی جمار کے لئے غسل کرنا شرعاً ثابت نہیں[2]

(۱۰۵) رمی جمار سے پہلے کنکروں کو دھونا بھی ثابت نہیں، چنانچہ علامہ بجیرمی کہتے ہیں کہ رمی جمار سے پہلے کنکروں کو پاک کرنا شرط نہیں ہے[3]

(۱۰۶) اللہ اکبر کے بجائے سبحان اللہ وغیرہ کا ذکر کرنا بھی ثابت نہیں ہے۔

(۱۰۷) اللہ اکبر سے زائد یہ کلمات کہنے (تاکہ شیطان اور اس کی جماعت ذلیل ہو جائے) اللھم اجعل حجی مبرورًا وسعیی مشکورًا وذنبی مغفورًا اللھم ایمانا بکتابک واتباعًا لسنۃ نبیک بھی ثابت نہیں ہے۔

(۱۰۸) باجوری کا قول[4] کہ رمی جمار کے وقت ہر کنکر کے ساتھ ذیل کے کلمات کہنے مسنون ہیں

---

(بقیہ حاشیہ ص ۱۵۷ سے) [1] الباعث علیٰ انکار البدع والحوادث (۲۵-۶۹) [2] الروضۃ الندیۃ (۱/

[1] باجوری (۱/۳۲۵) [2] مجموعہ ابن تیمیہ (۲/۳۸۰)

[3] بجیرمی (۲/۴۰۰)

[4] باجوری (۱/۳۲۵)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

صحیح نہیں ہے، بلکہ بدعت ہے۔ بسم اللہ واللہ اکبر صدق اللہ وعدہ الی قولہ ولو کرہ الکافرون۔

(۱۰۹) رمی جمار کے لئے مخصوص کیفیات کا التزام کرنا بھی خلافِ سنت ہے، مثلاً بعض لوگوں کا یہ کہنا کہ کنکر مارتے وقت اپنے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کو سبابہ انگلی کے وسط میں رکھنا اور کنکر کو انگوٹھے کی پیٹھ پر رکھنا جیسے کہ ستر کے عدد کی گرہ بنتی ہے اور بعض کہتے ہیں سبابہ انگلی کا حلقہ بنائے اور اس کو انگوٹھے کے جوڑ پر رکھے جیسا کہ دس کے عدد کی گرہ بنتی ہے۔ علامہ ابن الہمام کہتے ہیں لوگوں کے اژدحام میں اس صورت سے رمی جمار کرنا مشکل ہے۔ پھر اس صورت کے بہتر ہونے پر کوئی دلیل بھی موجود نہیں رمی جمار میں اصل بات آسانی ہے جس طرح آسانی کے ساتھ جمروں کو کنکر مارے جا سکیں مارے جائیں، کوئی خاص کیفیت شرعاً متعین نہیں ہے۔

(۱۱۰) رمی جمار کرنے والے کے لئے اس کا موقف متعین کرتے ہوئے کہنا کہ رمی کرنے والے اور جمروں کے درمیان پانچ ہاتھ یا اس سے زیادہ کا فاصلہ ہونا چاہیئے، بدعت ہے۔

(۱۱۱) جمروں کو جوتے مارنا بھی خلافِ سنت ہے۔

## ذبح اور حلق کی بدعتیں

(۱۱۲) قربانی ذبح کرنے کے بجائے قربانی کی قیمت کا صدقہ کرنا اس خیال سے کہ گوشت چونکہ زیادہ ہوتا ہے اور مٹی میں ضائع ہوتا ہے اور اس سے بہت کم فائدہ اٹھایا جاتا ہے ان لوگوں کے سوچنے کا یہ انداز صحیح نہیں، اس لئے کہ قربانی نہ کرنے میں شریعت کی نص کو ختم کرنا ہے اور اپنی رائے کو نص پر مقدم کرنا ہے۔ اگر قربانی کے گوشت کو ضائع کیا جاتا ہے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

تو اس کی ذمہ داری قربانی کرنے والوں پر عائد ہوتی ہے کہ وہ شریعت کی حکمتوں کا خیال نہیں رکھتے ہیں۔

(۱۱۳) دسویں ذی الحج سے پہلے تمتع کی قربانی کو مکہ میں ذبح کرنا خلافِ سنت ہے۔

(۱۱۴) سر کے بائیں طرف کو پہلے منڈانا خلافِ سنت ہے، اس لئے کہ سنت تو یہ ہے کہ سر کے دائیں جانب کو پہلے مونڈا جاتے۔

(۱۱۵) صرف سر کے چوتھے حصہ کو مونڈنا بھی بدعت ہے جبکہ تمام سر کو مونڈنا ضروری ہے قرآن پاک میں ہے (محلقین رؤسکم ومقصرین) (اپنے سروں کو منڈانے والے اور کترانے والے) نیز ارشاد نبوی ہے رحم اللہ المحلقین (اللہ رحم کرے ان لوگوں پر جو سر منڈانے والے ہیں) نیز چوتھے حصہ کو منڈانے اور کچھ حصہ چھوڑنے سے منع فرمایا تمام سر کے بال منڈادو یا تمام سر کو چھوڑ دو، اسی لیے علامہ ابن الھمام کہتے ہیں سر منڈانے میں دلیل تمام سر کے منڈانے کی متقاضی ہے، چنانچہ امام مالک کا یہی قول ہے۔

(۱۱۶) الاحیاء میں امام غزالی فرماتے ہیں کہ سر منڈاتے وقت قبلہ رُخ ہونا چاہیئے، ان کا یہ قول بھی خلافِ سنت ہے۔

(۱۱۷) سر منڈاتے ہوئے ذیل کی دُعا کرنا بھی ثابت نہیں:

الحمد للہ علی ما ھدانا وانعم علینا اللھم ھذہ ناصیتی بیدك فتقبل منّی واغفرلی ذنوبی اللھم اکتب لی بکل شعرۃ حسنۃ وامح بھا عنّی سیئۃ وارفع لی بھا درجۃ اللھم اغفرلی وللمحلقین والمقصرین یا واسع المغفرۃ - اٰمین -

علامہ ابن الھمام نے فتح القدیر میں ان دُعائیہ کلمات کو مستحب قرار دیا ہے، لیکن

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



استحباب پر کوئی دلیل پیش نہیں کی ہے۔ سنت میں اس کا کچھ اصل ثابت نہیں۔ پھر دعا میں یہ کلمات کہ قربانی کے ہر بال کے بدلے ایک نیکی کا طلب کرنا دُعا میں مبالغہ کرنا ہے جبکہ دُعا میں حد سے تجاوز کرنے سے روکا گیا ہے۔ شاید دُعا کے یہ کلمات حدیث کے ان الفاظ سے مقتبس ہیں کہ قربانی کرنے والے کو قربانی کے ہر بال کے بدلے ایک نیکی ملتی ہے۔ خیال رہے کہ یہ حدیث موضوع ہے۔ دیکھئے الاحادیث الضعیفہ۔

(۱۱۸) جمروں کے قریب مساجد کا طواف کرنا ثابت نہیں ہے۔

(۱۱۹) دسویں ذی الحج منیٰ میں عید کی نماز کا استحباب ثابت نہیں ہے۔ جو لوگ منیٰ میں عید کا اہتمام کرتے ہیں، وہ سنت سے غافل ہیں۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے خلفاء سے یہ ثابت نہیں ہے کہ انھوں نے کبھی منیٰ میں عید کی نماز ادا کی ہو۔ منیٰ میں عید کی نماز تو جمرہ عقبہ کو کنکر مارنے ہیں جیسا کہ مجموعۃ (۲/ ۳۸۵) میں مرقوم ہے۔

(۱۲۰) متمتع کا طوافِ افاضہ کے بعد سعی نہ کرنا خلافِ سنت ہے، جبکہ سعی کرنے کا حکم ثابت ہے۔

# مختلف بدعات

(۱۲۱) غلافِ کعبہ کا جلوس نکالنا ثابت نہیں[1]

(۱۲۲) مقامِ ابراہیم کا غلاف غیر مسنون ہے۔

(۱۲۳) مقامِ ابراہیم اور منبر پر قضائے حاجات کے لئے دھاگے رسیاں اور کپڑے

---

[1] مجموعۃ (۲/ ۳۸۰-۳۸۱) [2] القواعد النورانیہ (ص ۱۰۱) [3] تفسیر المنار (۱/ ۴۶۸)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



باندھنا خلافِ سنت ہے۔ یہ بدعت آہستہ آہستہ زیادہ ہو رہی ہے؛ حالانکہ موحدین کی حکومت میں تو اس کا خاتمہ ہونا چاہیئے تھا اور ان کا بنیادی نقطۂ نظر بدعات و خرافات کو مٹانا تھا، لیکن معلوم ہوتا ہے حکومت اس مسئلے میں تساہل برت رہی ہے۔ اسی طرح مشائخ اور امر بالمعروف کمیٹی کے ارکان بھی تساہل سے کام لے رہے ہیں۔ الا من شاء اللہ۔

(۱۲۴) حجاج کا کعبہ کی دیواروں کے ستونوں پر اپنے نام لکھنا اور بعض لوگوں کا حجاج کو اس کی وصیت کرنا کہ وہ وہاں ان کا نام لکھیں، خلافِ سنت[۱] ہے۔

(۱۲۵) مسجد حرام میں نمازیوں کے آگے گزرنے کو جائز سمجھنا اور جو نمازی ان کو نہ گزرنے دے، ان سے مقابلہ کرنا، صحیح نہیں ہے۔ صحیح بات تو یہ ہے کہ نمازی کے آگے سے گزرنا درست نہیں، مسجد حرام بھی اس حکم سے مستثنیٰ نہیں، اگرچہ بعض اہل علم نے مسجد حرام کو مستثنیٰ قرار دیا ہے، لیکن یہ سنتِ صحیحہ کے خلاف ہے۔ اس ضمن میں مطلب بن ابی وداعہ کی حدیث کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نماز پڑھ رہے تھے۔ آپ کے آگے سترہ نہیں تھا، لوگ آپ کے آگے سے گزر رہے تھے، یہ حدیث کمزور ہے۔ دیکھئے الاحادیث الضعیفہ (رقم ۹۲۸) پھر اس حدیث میں صراحت نہیں ہے کہ لوگ سجدہ کی جگہ سے گزرتے تھے۔

(۱۲۶) جس شخص نے حج کیا ہو، اس کو حاجی کہہ کر پکارنا، خلافِ سنت[۲] ہے۔

(۱۲۷) عمرہ کے لئے مکہ سے باہر جانا، ثابت نہیں[۳]۔

---

[۱] السنن والمبتدعات (۱۱۳)

[۲] تلبیس ابلیس لابن الجوزی (ص ۱۵۴)، نور البیان فی بدع آخر الزمان (ص ۸۲)

[۳] الاختیارات العلمیۃ (ص ۷۰)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

(۱۲۸) طواف وداع کے بعد مسجد حرام سے پچھلے پاؤں باہر آنا، خلاف سنت ہے۔
www.KitaboSunnat.com

امام غزالی الاحیاء (۱/ ۲۴۲) میں فرماتے ہیں مستحب یہ ہے کہ جب تک بیت اللہ نظر آتا رہے، اپنی نظر کو اس سے نہ پھیرے۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہ الاختیارات ص۰ میں ابن عقیل ابن الزغوانی سے نقل کر کے لکھتے ہیں کہ یہ بدعت ہے۔

(۱۲۹) گھر میں واپس پہنچ کر حجاج کا اپنے گھروں کو چونا کرنا، نقش و نگار کرنا اس کے نام اور حج کی تاریخ کو لکھنا بھی بدعت ہے۔[1]

## مدینہ منورہ سے متعلقہ بدعات

مسجد نبوی کی زیارت کے لئے شد رحال کرنا سفر کا قصد کرنا مستحب ہے۔ عموماً لوگ حج سے پہلے یا بعد میں مسجد نبوی کی زیارت کے لئے آتے ہیں، ان میں اکثریت ایسے لوگوں کی دیکھنے میں آئی ہے جو بدعات کے مرتکب ہوتے ہیں، اس لئے ضروری ہے کہ ان بدعات سے پردہ کشائی کی جائے تاکہ لوگ ان سے دور رہیں۔

(۱۳۰) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کی زیارت کے لیے سفر کا اہتمام کرنا خلاف سنت ہے۔ سنت مسجد نبوی کا قصد کرنا ہے۔ جب مسجد نبوی میں پہنچے، تو وہاں دو نفل پڑھنے کے بعد قبر نبوی کی زیارت کر سکتا ہے۔

(۱۳۱) زائرین اور حجاج کی وساطت سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرضیاں بھیجنا ثابت نہیں۔

(۱۳۲) مدینہ منورہ میں داخل ہونے سے پہلے غسل کرنا مسنون نہیں ہے۔

(۱۳۳) جب مدینۃ الرسول کی دیواروں پر نظر پڑے تو ذیل کے دعائیہ کلمات کہنا بدعت

---

[1] مجموعہ (۲/ ۲۸۸) الاختیارات (ص ۸۰) المدخل (۴/ ۲۳۸)
[2] السنن والمبتدعات (ص ۱۱۴)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ہے۔ اللھم ھذا حرم رسولك فاجعلہ لی وقایة من النار و
امانا من العذاب وسوء الحساب۔

(۱۳۴) مدینۃ الرسول میں داخل ہوتے وقت ذیل کے دعائیہ کلمات کہنا بھی بدعت
ہے۔ رب ادخلنی مدخل صدق واخرجنی مخرج صدق
واجعل لی من لدنك سلطانا نصیرا۔

(۱۳۵) قبرِ نبوی کو مسجدِ نبوی کے حدود میں باقی رکھنا، خلافِ سنت[1] ہے۔ یاد رکھیں
قبرِ نبوی کو مسجدِ نبوی سے الگ کرنا ضروری ہے جیساکہ خلفاء راشدین کے عہد میں دیوار کا
فاصلہ تھا۔ دیکھئے (تحذیر الساجد اور اس کا ترجمہ جو کئی سال ہوئے راقم مترجم نے (قبروں
پر مسجدیں اور اسلام) کے نام سے کیا۔

(۱۳۶) مسجدِ نبوی میں نماز پڑھنے سے پہلے قبرِ نبوی کی زیارت کرنا خلافِ سنت ہے۔

(۱۳۷) قبرِ نبوی کے سامنے ہاتھ باندھ کر خشوع خضوع کے ساتھ قیام کرنا جیساکہ نماز
میں قیام کیا جاتا ہے، بدعت ہے۔

(۱۳۸) دُعا کرتے ہوئے قبرِ نبوی کی جانب منہ کرنا، بدعت ہے۔

(۱۳۹) قبولیت دعا کے لیے قبرِ نبوی کا قصد کرنا، بدعت[2] ہے۔

(۱۴۰) بارگاہِ رسالت میں دُعا کرتے ہوئے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وسیلہ پکڑنا،
بدعت ہے۔

(۱۴۱) شفاعت وغیرہ کا آپ سے چاہنا، بدعت ہے۔

---

[1] مجموعہ (۲/۳۹۰) [2] الاختیارات (ص ۵۰)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


(۴۱) قبرِ نبوی کے پاس کھڑے ہوکر ادب کا تقاضا یہ ہے کہ زیارت کرنے والا اپنی نفس تقص اور گناہوں کی مغفرت کا ذکر زبان پر نہ لائے، اس لئے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان سے بھی زیادہ ان کی ضرورتوں اور مصلحتوں کو خوب جانتے ہیں۔ (ابن الحاج فی المدخل (۱/۲۵۹) بدعت ہے۔ خیال رہے کہ ابن الحاج اگرچہ علم وفضل کے لحاظ سے ممتاز حیثیت کے مالک ہیں اور ان کی کتاب المدخل بھی بدعات کی معرفت میں مرکزیت کی حامل ہے، تاہم کتاب خرافات کا مجموعہ ہے، توحید اور عقیدہ[1] کے مسائل میں اس پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔

(۴۳) رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس طرح زندگی میں امت کے احوال کو ان کی نیت کو جانتے تھے، اسی طرح وفات کے بعد بھی مشاہدہ کرتے ہیں[2] یہ نظریہ خلافِ سنت ہے۔

(۴۴) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کے حجرہ کی کھڑکی پر تبرکاً ہاتھ رکھنا اور ان الفاظ کے ساتھ قسم اٹھانا وحق الذی وضعت یدك علیٰ شباکه و قلت الشفاعة یارسول الله بدعت ہے۔

(۴۵) آپ کی قبر اطہر کا بوسہ لینا، ہاتھ لگانا یا قبر اطہر کے قریب کسی لکڑی وغیرہ کو چومنا بدعت[3] ہے۔ امام غزالی نے آپ کی قبر چومنے کا انکار کرتے ہوئے کہا ہے یہ تو یہود ونصاریٰ کی عادت[4] ہے فهل من معتبر۔

(۴۶) قبرِ نبوی اور شیخین کی قبروں کی زیارت کے لئے مخصوص انداز اختیار کرنا سلام

---

[1] المدخل (۱/۲۶۴)، [2] فتاویٰ ابن تیمیہ (۴/۳۱۰)، الاقتضاء (۱۷۶)، الاعتصام (۲/۲۴۴،۱۴۰)، اغاثتہ اللہفان (۱/۱۹۴)، الباعث لابی شامہ (۷۰)، البرکوی فی اطفال المسلمین (۲۴۴)، الابداع (۹۰) [3] الاحیاء (۱/۲۴۴)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



کہنا اور خاص دُعا کرنا جیسا کہ امام غزالی فرماتے ہیں زائر قبرِ نبوی کے سامنے آپ کے رُخِ انور کے بالمقابل کھڑا ہو کر قبلہ کی جانب پیٹھ کرے اور قبرِ اطہر کی دیوار کے کونے میں جو ستون ہے، اس سے چار ہاتھ کے فاصلہ پر قبرِ اطہر کی دیوار کی جانب کھڑے ہو کر کہے السلام علیک یا نبی اللہ یا امین اللہ یا حبیب اللہ اس طرح سلام دُعا کے الفاظ کو امام غزالی نے تین صفحات میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد ایک ہاتھ کے بقدر پیچھے ہو کر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پر سلام بھیجے، اس لیے کہ حضرت ابوبکر کا سر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کندھوں کے برابر ہے۔ پھر ایک ہاتھ کے برابر مزید پیچھے ہو کر حضرتِ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ پر سلام کا ہدیہ بھیجے اور یوں کہے السلام علیکما یا وزیری رسول اللہ والمعاونین لہٗ علی القیام ...... پھر واپس لوٹے، رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک کے قریب قبلہ رُخ ہو کر قیام کرے پھر اللہ کی حمد اور اس کی تمجید بیان کرے اور ذیل کی آیت تلاوت کرے (ولو انہم اذ ظلموا ......) اس کے بعد امام غزالی نے نصف صفحہ پر دُعا کو پھیلا دیا ہے؛ حالانکہ مشروع یہ ہے کہ قبرِ اطہر پر مختصراً سلام کا ہدیہ بھیجا جائے جیسا کہ عبداللہ بن عمر سے منقول ہے، وہ اس طرح سلام کہتے السلام علیک یا رسول اللہ ورحمۃ اللہ وبرکاتہ السلام علیک یا ابابکر السلام علیک یا عمر اگر ان کلمات سے زیادہ کا اضافہ کرے، تو بھی کچھ حرج نہیں، لیکن التزام نہیں چاہیے۔

(۱۴۶) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کے سامنے نماز پڑھنا، مشروع نہیں ہے[1]۔

---

[1] الرد علی البکری ابن تیمیہ (۸۱) القاعدۃ الجلیلہ (۱۲۵-۱۲۶) الاغاثۃ (۱/۹۴-۱۹۵) الخادمی علی الطریقۃ المحمدیہ (۲/۳۲۱)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



۱۳۸۱ھ سے ۱۳۸۴ھ تک جب میں مدینہ منورہ میں جامعہ اسلامیہ میں بحیثیت استاذ رہا، تو میں نے دیکھا کہ مسجدِ نبوی میں بدعتیں جنم لے رہی ہیں اور جن لوگوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ بدعتوں کو ختم کریں، وہ بھی خاموش تھے، جیساکہ تمام سُوَیا میں یہی حال ہے کہ بدعات پھیل رہی ہیں اور کوئی روکنے والا نہیں ہے۔ بعض بدعتیں تو شرک صریح ہیں جیساکہ دیکھا گیا ہے کہ حجاج کی اکثریت قبر شریف کے سامنے نمازیں ادا کرتی ہے، بلکہ عصر کے بعد کراہت کے اوقات میں بھی وہاں نفل پڑھتے ہیں، اس شرکِ صریح پر انہیں یہ بات آمادہ کررہی ہے کہ وہ قبر اطہر کی دیوار میں جس کو ترکوں نے بنایا تھا، اس میں محراب زبانِ حال سے پکار پکار کر کہہ رہا ہے لوگو آؤ نماز پڑھو۔ مزید برآں وہاں نہایت خوبصورت قالین بچھی ہوئی ہے جو اس بدعت کی ترویج کا باعث ہے۔ اس مسئلہ میں بعض فضلاء سے میری گفتگو ہوئی کہ عوام الناس کو یہاں نوافل پڑھنے سے روکنا چاہیئے۔ اگر زیادہ کچھ نہیں کرسکتے ہو تو کم ازکم ان خوبصورت قالینوں کو اٹھوا دیا جائے اور محراب کو خالی کردیا جائے۔ اگرچہ مجھے کہا جاتا رہا کہ آپ کا مشورہ صحیح ہے، لیکن ذمہ دار لوگوں نے عملاً اس میں کچھ دلچسپی کا اظہار نہ کیا اور وہ اس وقت تک کچھ نہیں کرسکتے، جب تک کہ اللہ کی مشیت شاملِ حال نہ ہو۔ یہ لوگ دراصل اہل مدینہ کی خواہشات کو کچلنا نہیں چاہتے اور اہل علم کی خیرخواہی قبول کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ فالی اللہ المشتکیٰ۔ اس کے علاوہ اور کیا کہا جاسکتا ہے کہ ایمان کی چمک ماند پڑ چکی ہے۔ خواہش کو غلبہ نصیب ہوچکا ہے۔ توحید کی دولت پر مال کی محبت غالب آچکی ہے۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد صادق آرہا ہے کہ میری امت کا فتنہ مال ہے۔ بہت کم خوش نصیب ایسے ہیں جو ان فتنوں سے محفوظ ہیں۔

(۱۴۷) روضۂ نبوی کے قریب بیٹھنا اور قرآن پاک کی تلاوت اور ذکر الٰہی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کرنا مسنون نہیں ہے۔

(۱۴۷) ہر نماز کے بعد قبرِ نبوی پر سلام کا ہدیہ بھیجنے کے لئے وہاں جانا، خلافِ سنت ہے، بلکہ بدعت اور غلو فی الدین ہے۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے منافی ہے۔ آپ کا فرمان ہے۔ میری قبر کو عید نہ بنانا اور مجھ پر درود بھیجو، تم جہاں سے مجھ پر درود بھیجو گے مجھ پر پہنچ جائے گا۔ پھر فرض نماز کے بعد تو اوراد و اذکار مسنون ہیں، ان کو چھوڑ کر روضۂ نبوی پر حاضر ہو کر سلام کہنا تو مسنون نہیں، بلکہ بدعت ہے۔ ارشادِ نبوی ہے کہ جب کوئی بدعت ایجاد ہوتی ہے تو اس قدر سنت ختم ہو جاتی ہے۔

(۱۴۸) اہلِ مدینہ جب مسجدِ نبوی میں آئیں یا باہر نکلیں، تو روضۂ نبوی کی زیارت کریں، بدعت[1] ہے۔

(۱۴۹) مسجدِ نبوی میں داخل ہوتے وقت یا باہر نکلتے وقت روضۂ نبوی کی جانب متوجہ ہونا اور ذرا خشوع و خضوع کے ساتھ کھڑے رہنا، بدعت ہے۔

(۱۵۰) فرض نماز سے سلام پھیر کر اونچی آواز سے السّلام علیك یارسول اللّٰہ ..... کہنا بدعت[2] ہے۔

(۱۵۱) قبۂ نبوی سے بارش کی وجہ سے جو سبز رنگ کی ٹکریاں گریں، ان کو متبرک جاننا بدعت ہے۔

(۱۵۲) منبرِ رسول اور قبۂ نبوی کے درمیان روضۂ شریفہ میں صیحانی کھجوروں کے

---

[1] الاقتضاء (۱۸۳-۲۱۰)

[2] الرد علی الاخنائی (ص ۱۵۰-۱۵۱-۱۵۶-۲۱۷-۲۱۸) الشفا فی حقوق المصطفیٰ للقاضی عیاض (۲/۷۹)، المدخل (۱/۲۶۲) [3] مجموعہ (۲/۲۹۷)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کھانے سے تقرب حاصل کرنا، بدعت ہے۔[1]

(۱۵۳) حجاج کا اپنے بالوں کو اکھیڑنا اور تربتِ نبوی کے قریب قندیل میں پھینکنا بدعت ہے۔[2]

(۱۵۴) منبرِ رسول کی مغربی جانب مسجدِ نبوی میں تانبہ سے بنی ہوئی دو مصنوعی کھجوروں پر ہاتھ پھیرنا، بدعت ہے۔ ان پر ہاتھ پھیرنے سے کیا فائدہ، یہ تو محض خوبصورتی کے لئے رکھی ہوئی ہیں جس سے لوگ فتنہ میں واقع ہوجاتے ہیں۔ جب ہم وہاں تھے، تو ہم نے اس کے اٹھانے کی تحریک چلائی تھی اور وعدہ بھی کرلیا گیا تھا، لیکن ابھی تک اس پر عمل نہیں ہوا۔

(۱۵۵) اہلِ مدینہ اور دیگر باشندوں کا قدیم مسجدِ نبوی میں نماز ادا کرنے کا التزام کرنا اور حضرت عمرؓ کی توسیع شدہ مسجد میں پہلی صفوں کو قطع کرنا یعنی ان کو خالی رکھنا، خلافِ سنت ہے۔ اس بدعت میں لوگ کثرت کے ساتھ پھنسے ہوئے ہیں، انہیں دراصل وہم آپ کے الفاظ سے ہوا ہے جس میں ذکر ہے کہ میری اس مسجد میں ایک نماز کا ثواب دیگر مساجد سے ہزار گنا زیادہ ہے، حالانکہ یہ الفاظ ان کے مقصود پر واضح دلالت نہیں کر رہے ہیں، اس لیے کہ جب مسجدِ نبوی میں توسیع ہوتی چلی گئی، تو زائد حصّہ کو بھی وہی شرف حاصل ہوگا جو قدیم مسجد کو حاصل ہے۔ کیا مسجد الحرام مکہ میں آئے دن جو توسیع ہوتی رہتی ہے، اس میں زائد ملایا گیا حصّہ اس فضیلت سے محروم تو نہیں جو فضیلتِ قدیم مسجدِ حرام کو حاصل ہے۔ پس نوافل کے ادا کرنے میں جبکہ وہ باجماعت ادا نہیں کئے جاتے۔ آپ مسجد میں جہاں چاہیں ادا کریں۔ ان میں اگلی صفوں کے خالی ہونے میں کچھ قباحت نہیں، لیکن جب فرض نماز باجماعت ادا ہورہی ہے تو اس میں اگلی صفوں کو چھوڑ کر پچھلی صفوں پر کھڑے ہونا مشروع نہیں۔ خصوصاً اہلِ علم کو سوچنا چاہیئے کہ وہ اس طرح بہت سے فضائل سے محروم ہورہے ہیں اور درج ذیل قباحتوں کے مرتکب ہورہے ہیں۔

---

[1] الباعث علی انکار البدع ص ۷۰۔ مجموعہ ۲/۲۹۶ [2] الباعث علی انکار البدع ص ۷۰، مجموعہ ۲/۲۹۶

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



۱۔ باجماعت نماز ادا کرنے میں صفوں کے ملانے کا حکم دیا گیا ہے۔ اس پر کثرت کے ساتھ احادیث دال ہیں۔ مثلاً یہ کہ جو شخص صف کو ملاتا ہے اللہ اس کو ملاتا ہے اور جو صف کو توڑتا ہے اللہ اس کو توڑتا ہے (نسائی)، سند صحیح ہے مسجد نبوی میں اگلی صفیں توسیع شدہ حصہ میں آتی ہیں، ان کو پہلے پورا کرنا چاہیئے، انہیں چھوڑ کر پرانی مسجد میں نماز ادا کرنے کا اہتمام شرعاً گناہ کے کام کا مرتکب ہونا ہے۔

۲۔ رسول اکرم صلی اللہ کا ارشاد ہے کہ میرے قریب اہل علم و فضل کھڑے ہوں الخ (مسلم)، تو یہ اہل علم لوگ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کی مخالفت کر رہے ہیں جبکہ امام کے پیچھے نہیں کھڑے ہوتے اور قدیم مسجد نبوی میں کھڑے ہونے کو ترجیح دیتے ہیں۔

۳، یہ لوگ اپنی نمازیں پہلی صف میں ادا نہیں کرتے ہیں، حالانکہ ارشاد نبوی ہے۔ آدمیوں کی پہلی صف بہتر ہے اور آخری صف بہتر نہیں ہے (مسلم)، نیز آپ نے فرمایا اگر لوگوں کو علم ہو جاتا کہ اذان دینے اور پہلی صف میں شامل ہو کر نماز ادا کرنے میں کس قدر ثواب ہے، تو پھر اگر انہیں اس میں قرعہ اندازی بھی کرنا پڑتی، تو قرعہ اندازی کے ساتھ ان کو حاصل کرتے۔ (بخاری، مسلم)

جس طرح ہم یقین کے ساتھ مطلقاً پہلی صف کی فضیلت کا (جو توسیع شدہ اضافہ میں ہے)، پچھلی صفوں پر جو قدیم مسجد میں ہیں ہم کا دعویٰ نہیں کر سکتے، اسی طرح کوئی شخص بھی ہماری مخالف رائے پر یقین کا اظہار نہیں کر سکتا، لیکن جب وہ قرائن ساتھ ملا لئے جائیں، جن کا ذکر ہم نے کیا ہے، تو پھر بلاشبہ زائد حصہ میں جو نماز صف اول میں ہوگی اس کو مسجد قدیم میں ادا کردہ نماز پر بہرحال فضیلت حاصل ہوگی۔ میں نے جب ان دلائل کی روشنی میں بعض اہل علم سے مباحثہ کیا، تو ان کی کثیر تعداد نے میرے دلائل کو تسلیم کیا اور وہ زائد توسیع شدہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



حصہ میں نماز ادا کرنے لگے۔ ایسے اہلِ علم پر اللہ پاک کی رحمتیں ہوں جو منصف مزاج ہیں اور ان میں تعصب نہیں ہے۔

(۱۵۶) مدینہ منورہ کی زیارت کرنے والے کم از کم ایک ہفتہ وہاں اقامت کرنے کا التزام کرتے ہیں تاکہ مسجدِ نبوی میں ان کی چالیس نمازیں پوری ہوجائیں اور انہیں نفاق اور دوزخ کی آگ سے برأت حاصل ہوجائے، غیر مسنون ہے، اس کے بارے میں جو حدیث پیش کی جاتی ہے، وہ کمزور ہے، استدلال کے قابل نہیں ہے۔ دیکھئے الاحادیث الضعیفہ (رقم ۳۶۴)، پس اس پر عمل کرنا جائز نہیں۔ شریعتِ اسلامیہ کا یہ کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ حیرت ہے کہ وہ حجاج جو مدینہ منورہ میں چالیس نمازیں نہیں پڑھتے ہیں، وہ سمجھتے ہیں کہ ہم سے کوتاہی ہوگئی، اس پر وہ نادم نظر آتے ہیں کہ کیوں ہم نے چالیس نمازیں مسجدِ نبوی میں نہ ادا کیں اور جو لوگ چالیس نمازیں پوری کرلیتے ہیں، وہ خوش نظر آتے ہیں اور متعلقہ حدیث کو صحیح سمجھتے ہیں۔

(۱۵۷) مسجدِ نبوی اور مسجدِ قبا کے علاوہ مدینہ منورہ میں واقع دیگر مساجد اور مزارات کا قصد کرنا، خلافِ سنت ہے۔

(۱۵۸) زیارت کرانے والوں کا حجاج کو بعض اوراد، اذکار کی تلقین کرنا کہ وہ حجرۂ نبوی کے قریب یا کچھ دور کھڑے ہوکر اونچی آواز کے ساتھ ان کا ورد کریں، ان کا تلقین کرنے والوں سے اونچی آواز کے ساتھ ذکر کرنا مسنون نہیں ہے۔

(۱۵۹) روزانہ بقیع قبرستان کی زیارت کرنا اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی طرف منسوب مسجد

---

۱؎ تفسیر سورۂ اخلاص (۱۷۳-۱۷۷)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



میں نماز پڑھنا مسنون نہیں ہے، لیکن امام غزالی نے اس کو اور اس سے پہلے ذکر کردہ چیز کو مستحب قرار دیا ہے۔ اللہ پاک امام غزالی کو اور ہمیں بھی معاف فرمائے، جبکہ اس نے اس کے استحباب پر کوئی دلیل ذکر نہیں کی حقیقت یہ ہے کہ دلیل نہیں ہے جہاں تک قبروں کی زیارت کے مسئلہ کا تعلق ہے، مطلقاً اس کی مشروعیت ثابت ہے، لیکن روزانہ زیارت کرنا یا کوئی دن خاص کرنا درست نہیں، جب بھی خیال آئے، زیارت کرنے میں کچھ حرج نہیں اور حضرت فاطمہؓ کی مسجد میں نماز پڑھنے کے متعلق دو صورتیں ہیں، اگر ان کی قبر پر مسجد تعمیر ہے تو پھر وہاں نماز پڑھنی حرام ہے اور اگر مسجد صرف ان کی طرف منسوب ہے، لیکن پھر بھی اس میں نماز کا قصد کرنا بدعات سے ہے، وضاحت پہلے گزر چکی ہے۔

(۱۶۰) جمعرات کے روز خصوصیت کے ساتھ شہداء احد کی زیارت کرنا، بدعت ہے۔

(۱۶۱) شہداء احد کے ساتھ ملحقہ کھڑکی پر دھاگے اور رومال باندھنا، بدعت ہے۔

خیال رہے کہ ۱۳۸۲ھ میں حضرت عمرؓ اور دیگر شہداء احد کی قبروں پر بالکل عمارت نہ تھی، اس سال حکومت سعودیہ نے ان کی قبروں پر سیمنٹ کے ساتھ پختہ دیوار کھڑی کر دی ہے اور اس کی شمالی جانب میں لوہے کا بہت بڑا دروازہ لگایا گیا ہے اور مشرقی دیوار کے آخر میں لوہے کی کھڑکی لگائی گئی ہے۔ جب ہم نے اس صورت حال کا مشاہدہ کیا تو ہم نے اس پر سخت افسوس کا اظہار کیا اور ہمیں خطرہ لاحق ہوا کہ کہیں دوبارہ قبروں پر قبے وغیرہ نہ تعمیر ہو جائیں اور قبروں پر مسجدیں نہ بن جائیں، جیسا کہ سعودی حکومت کے برسر اقتدار آنے سے پہلے کا حال تھا واللہ غالب علیٰ امرہ میں نے دیکھا کہ شہداء احد اور خصوصاً حضرت حمزہؓ کی قبر کی دیوار کی کھڑکی میں کثرت کے ساتھ لٹکتے ہوئے دھاگے اور کپڑے دیکھے، تو میرا ماتھا ٹھنکا کہ کہیں یہ بدعات، خرافات کا آغاز تو نہیں ہے، اس پر مجھے سخت فکر دامن گیر ہوا جب

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


مجھے بتایا گیا کہ عمارت کے اندر لوگ تبرکاً نوافل پڑھتے ہیں، اگر اس سے نہ روکا گیا اور تساہل کو روا رکھا گیا، تو لازماً شریعت کی مخالفت پر دلیری بڑھتی چلی جائے گی اور وہ دن دُور نہیں جب بُت پرستی کے مظاہر توحید کی نگہداشت کرنے والوں کے علاقوں میں بھی نظر آنے لگیں گے جیسا کہ سعودی حکومت کے برسرِ اقتدار آنے سے پہلے وثنیت کے مظاہر موجود تھے۔ اللہ پاک سعودی حکومت کو شریعت اسلامیہ پر مکمل عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اور تادیر اس کے سایہ کو لوگوں پر قائم رکھے اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت ان کو جادۂ توحید سے دور نہ کر دے۔ وہو المستعان

(۱۶۲) شہداء احد کے کنارے تبرکاً تالاب میں غسل کرنا خلاف مسنون ہے۔

(۱۶۳) مسجد نبوی کو الوداع کہتے ہوئے پچھلے پاؤں لوٹنا بدعت ہے[1]۔

## بیت المقدس کی بدعات

(۱۶۴) حج کے ساتھ بیت المقدس کی زیارت کا قصد کرنا نیز یہ کہنا کہ اللہ تعالیٰ تیرے حج کو بیت المقدس کی زیارت کے ساتھ ملا دے، غیر مشروع ہے۔ چنانچہ شیخ الاسلام فرماتے ہیں[2] بیت المقدس کی زیارت ہر وقت کی جاسکتی ہے۔ تقرباً اس کی طرف سفر کرنا مباح ہے، لیکن حج کے ساتھ اس کی جانب سفر کرنا قربت کا باعث نہیں ہے اور کسی حج کرنے والے کو کہنا کہ اللہ تیرے حج کو بیت المقدس کی زیارت کے ساتھ ملا دے بالکل باطل ہے اس کا کچھ اصل نہیں ہے جیسا کہ بعض لوگ یہ حدیث بیان کرتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا

---

[1] مجموعہ (۲/ ۳۸۸) المدخل (۴/ ۲۳۸) [2] مجموعہ (۲/ ۹۰ - ۹۱)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ارشاد ہے کہ جس نے میری اور میرے باپ حضرت ابراہیم کی اسی سال زیارت کی، میں اس کو جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔ محدثین متفق ہیں کہ یہ حدیث بالکل جھوٹی ہے۔ اسی طرح وہ تمام حدیثیں جن میں قبرِ نبوی کی زیارت کی ترغیب دلائی گئی ہے، نہ صرف کمزور ہیں بلکہ موضوع ہیں

(۱۶۵) کعبہ مکرمہ کے ساتھ صخرہ بیت المقدس کو تشبیہ دیتے ہوئے اس کا طواف کرنا خلافِ سنت ہے۔

(۱۶۶) صخرہ بیت المقدس کی تعظیم کرنا اس کا بوسہ لینا، اسے ہاتھ لگانا، جانوروں کو وہاں لے جاکر ذبح کرنا، عرفہ کی شام وہاں عرفات منانا، اس پر عمارت کھڑی کرنا وغیرہ سب کام خلاف سنت ہیں[1]۔

## مسجد اقصیٰ کی تحدید

جس مسجد کو حضرت سلیمان علیہ السلام نے تعمیر فرمایا اس کا نام مسجدِ اقصیٰ ہے، لیکن کچھ لوگ اس حصہ کو مسجدِ اقصیٰ کا نام دیتے ہیں جس کو حضرت عمر نے بنوایا۔ انھوں نے مسجد اقصیٰ کے فرنٹ میں اضافہ کر کے وہاں عمارت بنوائی۔ پس مسجد کے اس حصہ میں جس کو حضرت عمر نے تعمیر کروایا۔ دوسرے حصہ سے نماز پڑھنا افضل ہے، اس لیے کہ حضرت عمر نے جب بیت المقدس فتح کیا، تو صخرہ پر کوڑے کرکٹ کا ڈھیر تھا، اس لئے کہ عیسائی اس کی اہانت کا قصد کرتے تھے تاکہ یہودیوں کو ذلت نصیب ہو جو اس کی جانب منہ کر کے

---

[1] مجموعۃ الرسائل الکبریٰ (۳۷۲/۲ - ۳۸۰ - ۳۸۱)

[2] مجموعہ (۵۶/۲ - ۵۷)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

نماز ادا کرتے ہیں، حضرت عمر نے حکم دیا کہ صخرہ سے نجاست کو دُور کیا جائے اور حضرت کعب احبار سے استفسار کیا بتاؤ مسلمانوں کے لئے کہاں نماز ادا کرنے کی جگہ کا اہتمام کیا جائے؟ اس نے صخرہ کے پیچھے نماز ادا کرنے کے لئے عمارت بنانے کا مشورہ دیا اس پر حضرت عمر چونک اٹھے اور فرمایا! یہودیہ کے بیٹے! ابھی تک تم میں یہودیت کا شائبہ موجود نظر آرہا ہے میں تمہارے مشورے کو قبول نہیں کروں گا۔ مسلمانوں کی نماز کے لئے صخرہ کے آگے مسجد تعمیر کی جائے گی۔ ہم تو مسجد کے اگلے قطعوں کو ترجیح دیں گے۔ یہی وجہ ہے کہ جب بھی امتِ محمدیہ کے ائمہ کو اس جگہ نماز ادا کرنے کا اتفاق ہوا، تو انہوں نے حضرت عمر کے تعمیر شدہ حصّہ میں ہی نماز ادا کرنے کو ترجیح دی۔ صخرہ کے پیچھے نہ حضرت عمر نے اور نہ دیگر صحابہ نے کسی نے نماز ادا نہیں کی اور نہ ہی خلفاء راشدین کے عہد میں ان پر کوئی عمارت تھی، بلکہ مروان کے عہد امارت تک اس پر عمارت نہ تھی۔ جب عبدالملک بن مروان کا دور آیا تو اس نے صخرہ پر قبّہ تعمیر کروایا۔ موسم گرما اور سرما میں الگ الگ اس پر خوبصورت غلاف چڑھائے تاکہ لوگ بیت المقدس کی زیارت کی طرف راغب ہوں جہاں تک تاریخی حقائق ہمارے سامنے ہیں، ان سے معلوم ہوتا ہے کہ صحابہ تابعین ہرگز ہرگز صخرہ کی تعظیم نہیں کرتے تھے، اس لئے کہ وہ اب قبلہ نہیں رہا منسوخ ہو چکا ہے، وہ تو یہودیوں کا قبلہ ہے، اسی لیے وہ اس کی تعظیم کرتے ہیں اور ان کی اقتداء میں عیسائی بھی اس کی تعظیم کرتے ہیں۔ اب موجودہ عہد میں ہم دیکھتے ہیں کہ اس عمارت کی خوبصورتی اور تجدید پر کروڑوں روپے صرف ہو رہے ہیں، اس کو ہم سوائے اسراف اور فضول خرچی کے کیا کہہ سکتے ہیں، بلکہ یہ تو سراسر سلف صالحین کے طریق کی مخالفت ہے۔

(۱۶۸) یہ نظریہ کہ جو شخص چار بار بیت المقدس میں وقوف کرتا ہے اس کو ایک حج کا ثواب ملتا ہے[1] صحیح نہیں

---

[1] الباعث (ص ۲۰)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۱۶۸) یہ کہنا کہ صخرہ پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قدم کے نشان ہیں اور آپ کی دستار مبارک کا نشان ہے، بالکل جھوٹ ہے۔ نیز یہ کہنا کہ صخرہ اللہ سبحانہٗ کے قدم کی جگہ ہے۔ شیخ الاسلام نے مجموعہ میں ان تمام باتوں کو جھوٹ قرار دیا ہے[1]

(۱۶۹) صخرہ کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مولد قرار دینا بھی غلط ہے۔

(۱۷۰) یہ خیال کہ پُل صراط، میزان وہاں ہیں اور جنت دوزخ کے درمیان جو دیوار حائل ہوگی، وہ وہی دیوار ہے جو مسجد بیت المقدس کی مشرقی جانب بنی ہوئی ہے، بے بنیاد ہے۔

(۱۷۱) زنجیر اور اس کی جگہ کو قابلِ تعظیم سمجھنا بے اصل[2] ہے۔

(۱۷۲) حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قبر کے قریب نماز ادا کرنا غیر مشروع[3] ہے۔

(۱۷۳) حج کے موسم میں مسجدِ اقصیٰ میں گانے وغیرہ اور دف بجانے کی مجلس کا انعقاد کرنا بدعت[4] ہے۔

حج و عمرہ دیگر زیارات کی بدعات کی تفصیل بیان کرنے پر کتاب کا اختتام کرتا ہوں جو بدعتیں معلوم ہو سکیں، انہیں حوالہ جات کے ساتھ اس لئے بیان کر دیا ہے تاکہ لوگ عبادات میں بدعات سے بچ سکیں اور عبادات کے ثواب سے نہ صرف یہ کہ وہ محروم ہوں، بلکہ عبادات جب بدعات کی شکل اختیار کریں گی تو اس وقت وہ عتابِ خداوندی کا سبب بنیں گی۔ اسأل اللہ تبارک وتعالیٰ ان یجعل ذالک عفواً للمسلمین علی اقتفاء اثر سید المرسلین والاھتداء بھدیہ صلی اللہ علیہ وسلم وسبحانک اللھم وبحمدک اشھد ان لا الٰہ الا انت استغفرک واتوب الیک۔

---

[1] المجموعہ ۲۷/ ۵۹، [2] مجموعۃ الرسائل الکبریٰ ۲/ ۵۹، [3] مجموعہ ۲۷/ ۵۶

[4] الاقتضاء، ص ۴۳۹

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

تقسیم کنندگان

مجلس التحقیق الاسلامی ○ لاہور